هن سر ۾ لطيف محنت واري مفهم جي اهميت کي اجاگر ڪري ٿو، ۽ مايوس قوم جي ماڻهن ۾ هڪ نئون روح ڦوڪڻ جي ڪوشش ڪري ٿو. لطيف فرماي ٿو:

سُٽُ اُنِين جو سَڦَرو، جي پَرِ ۾ پِچائِين،
آواڙُ اَرٽَ جو، ساهہ نہ سُڻائِين
لِڪايو لطيف چي، ڪَنبِيو ڪتائِين،
جي ماڻِڪ موتائِين، تہ پِہ مُل مَهانگو اُنِ جو.

لطيف پنهنجي ماحول ۽ ماڻهن جي پيڙا کي محسوس ڪندي سنڌي سماج ۽

انسانيت جي تبديليءَ لاءِ اڪسائيندي علامتي انداز اختيارڪيو آهي. جنهن ۾ هن سٽ، چرخو، سون، صراف، مونا(ائٽ جي ڪاٺيون) مال(ڏور)، وغيره عام شين جا اهڃا تصور ڏنا آهن، جو انهن مان ازلي سچ ۽ حقيقت ظاهر ٿئي ٿي. لطيف انهن علامتن جي ذريعي سيني مردن ۽ عورتن کي پورهئي جي تلقين ڪري ٿو. ”ڪاپا ئتي جي شاعري سنڌ ۾ انسان جي ثقافتي سرگرمي جي پد، بنياد ۽ ڳڻ کي ظاهر ڪري ٿي.سنڌ جي روايتي ثقافتي محور ”اوطاق“ جي جاءِ تي ”آتڻ“ اها ڪمي ڏسڻ ۾ اچي ٿي، جتي انساني قدرن،معيارن ۽ لڇڻن جي گهاڙ سان گڏوگڏ پورهئي ۾ مهارت، سر جوشيءَ اورچائي، اجتماعي گهڻ يلائيءَ پوري دلجمعي سان پورهيي (پيشي) کي پاڻ اريڻ ”آتڻ ۾ ويهڻ“ آهي. جن آتڻ ۾ ويهڻ نه چاتو سي جڻ پنهنجي انساني منصب ۽ ذميواريءَ جي اعليٰ آدرشي ڳڻ کان وانجهيون رهيون“.(17) هن سر ۾ انساني ذميوارين جو ذڪر ملي ٿو. ڪاپائتي جيڪا پيڙهيءَ، وچوٽي، رنگ نسل،ذات ۽ نيات جهڙي سماجي مرضن جو شڪار نه هئي، آتڻ ۾، سرتين جي ساٿ ۾ ويهي ”اجتماعي پورهيو“ ڪندي هئي. جنهن سان هن جا منتشر خيال ”اجتماعي جاڳرتا“ جي روشني ۾ سندس هٿ لوڏي نه سگهندا هئا، سندس سرت جو سائو باغ اجاڙ نه ٿيندو هو. ”لطيف پنهنجي سماج کي هڪ آدرشي انسان جو تصور ڏنو ۽ اجتماعي وحدت ساڻ روشناس ڪيو، جنهن سان سنڌي سماج کي خصوصاً ۽ ڪائنات کي عموماً خوشحال بڻائي سگهجي ٿو.هن انسان کي قومي تهذيب جي ارتقا لاءِ پنهنجي حصي جي فرض جي ادائگي جو احساس ڏياريو ۽ حال ۾ جدوجهد ۽ محنت ۾ ڀاڱي ڀائيوار ٿيڻ سان ئي سر خرو ٿيڻ جو درس ڏئي ٿو. لطيف تاريخ جي فيصلن کي چاٽي پيو انصاف ڪندڙ،حق ۽ باطل ۾ فرق وجهندڙ هر دور ۾ پيدا ٿيندا رهيا آهن، اهي تڪي توري فيصلا ڏيندا آهن.ان ڪري تاريخ جي سچائي وارن فيصلن ۾ سر خرو ٿيڻ جو هڪ ئي ذريعو آهي ”آتڻ ڏانهن اچڻ“.(18)

تـوڙي تُـون وَڏي ٿـئـيـن، تـوءِ اُٿِـي آتــڻ آ،
ٿِي پيـڙي پيـرَمَ وارِيـن، ڀـي هَـڏِ ڪَـرِ مَ ڪـا،
تہ صَرافُ تو صُبـاح، ڪـوني ڪـاتـارِنِ سيـن.

(نوٽ: هن مقالي ۾ بيتن جي چونڊ، غلام محمد شهواڻي جي مرتب ڪيل ”شاهہ جو رسالو“ جي سر ڪاپائتيءَ مان ڪئي وئي آهي)

حوالا:

1. سڏايو غلام نبي ڊاڪٽر، ”شاهہ جو علامتي شعور“، ڪنڊيارو: روشني پبليڪيشن، 2007ع ص 56.
2. شاد بشير احمد ڊاڪٽر، ”سر ڪاپائتيءَ ۾ پيار پرئي پورهئي جو پيغام“، مرتب: حميد سنڌي، ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: پٽ شاهہ ثقافتي مرڪز 1991ع،ص 141.

3. سڏايو غلام نبي ڊاڪٽر، ”شاهه جو علامتي شعور“، ڪنڊيارو: روشني پبليڪيشن، 2007ع ص 61.
4. ايضاً، ص 62.
5. شاد بشير احمد ڊاڪٽر، ”سر ڪاپائتيءَ ۾ پيار پرئي پورهئي جو پيغام“، مرتب: حميد سنڌي، ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز، 1991ع، ص 41.
6. بخاري سيد بچل شاهه، ”سر ڪاپائتي سرت سجاڳيءَ جاکوڙ جو سڏ“، مرتب: حميد سنڌي ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز، 1991ع، ص 151.
7. آڏواڻي ڀيرومل مهرچند، ”تاريخ قديم سنڌ“، حيدرآباد: سنڌي ادبي بورڊ، 1980ع ص 315.
8. ڇبلاڻي-ايس-پي، ”سنڌ جي اقتصادي تاريخ“، ص:117. بحوالا سوڍر شهنواز ”سر ڪاپئتيءَ جو پسمنظر“، مرتب: حميد سنڌي ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز، 1991ع.
9. ايضاً، ص 20.
10. هينري پاٽينجر، ”سنڌ ۽ بلوچستان جو سٺر سفر“، ص 352.بحوالا سوڍر شهنواز ”سر ڪاپئتيءَ جو پسمنظر“، مرتب: حميد سنڌي ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز،1991ع ص20 .
11. مولائي شيدائي، ”سنڌ جا قديم بندرگاهه“، حيدرآباد: سنڌي ادبي سنگت، الوحيد آزاد نمبر ڇاپو ٻيو، سال 1979ع صفحو 80. بحوالا: پريتم پياسي، ”سر ڪاپائتيءَ جي ڪهاڻي ۽ ثقافتي جائزو“، مرتب: حميد سنڌي ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز،1991ع. ص73.
12. رحيمداد خان مولائي شيدائي، ”تاريخ سنڌ“، ڄامشورو: سنڌ يونيورسٽي، 1959ع،ص 83.
13. مبارڪ علي ڊاڪٽر، ”مغل دورحڪومت“، لاهور: نگار شاتميان چيمبرز، ٽيمپل روڊ، 1987ع، ص 56.
14. شيخ ابوبڪر، ”سر ڪاپائتيءَ جو مختصر تاريخي جائزو“، مرتب: حميد سنڌي ”سر ڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز،1991ع. ص 88.
15. سوڍر شهنواز ”سر ڪاپئتيءَ جو پسمنظر“، مرتب: حميد سنڌي ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز، 1991ع. ص 25.
16. سڏايو غلام نبي ڊاڪٽر، ”شاهه جو علامتي شعور“، ڪنڊيارو: روشني پبليڪيشن، 2007ع ص 109.
17. سومرو شمس ڊاڪٽر، ”پورهئي جي هاڪاري ساک ڪاپائتي“، مرتب: حميد سنڌي ”سرڪاپائتي“، حيدرآباد: ڀٽ شاهه ثقافتي مرڪز،1991ع. ص 123.
18. سڏايو غلام نبي ڊاڪٽر، ”شاهه جوعلامتي شعور“، ڪنڊيارو: روشني پبليڪيشن، 2007ع ص 60.

حصہ اردو

پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف خرم
رئیس کلیہ تعلیمات وفاقی اُردو یونیورسٹی
ڈاکٹر کمال حیدر، صدر شعبہ تعلیمات
رابعہ اشرف
لیکچرار معاہداتی، شعبہ تعلیمات
وفاقی اُردو یونیورسٹی، عبدالحق کیمپس کراچی

پاکستان میں انگریزی زبان بطور ذریعۂ تعلیم اس کے محرکات و اثرات

ENGLISH LANGUAGE AS A MEDIUM OF INSTRUCTION IN PAKISTAN AND ITS EFFECTS

Abstract:

Medium of instruction has been an issues since the beginning of Pakistan. Education Should have been the medium to educate people as per saying the Quaid-e-Azam and as well as the basis of "Two Nation Theory". It was the bad luck of our Nation that English language was given preference on our national language. It was a directly reason of the downfall of on national language. It is understood that English is a global language but one should know that it does not match with our culture values. The biggest problem is that it is a secondary language and being not the native speaker of this language a lot of time is wasted in translation. One question is arises that why this language has become that much important than Urdu language has become the source of given education to our young birds. There are several theories which tell us that the basic education should be in native language. This has also divided our nation into two different parts. One English medium and the other hand is Urdu medium and both groups of people are disconnected from each other. Through this, our society has become imbalance. If we sum up our discussion, we can easily say that English has badly spoiled the teaching and learning process of education of our society.

تعارف:

طالب علم کیلئے ذریعۂ تعلیم کی اہمیت ایسی ہے جیسی کسی عازم سفر کیلئے وسیلہ سفر کی ہوتی ہے۔ وسیلہ

سفر جتنا زیادہ عمدہ ہوتا ہے، راستہ اتنا ہی زیادہ عمدگی اور تیزی کے ساتھ طے پاتا ہے۔ اسی طرح ذریعۂ تعلیم جتنا عام فہم ہوتا ہے طالب علم اتنی ہی عمدگی کے ساتھ علم حاصل کرتا ہے اسی وجہ سے ترقی یافتہ اقوام نے خود اپنی زبانوں کو ذریعۂ تعلیم بنایا ہوا ہے بدیسی زبانوں کو نہیں(1)۔ کیونکہ اپنی زبان، بدیسی زبان کے مقابلے میں زیادہ آسان وعام فہم ہوتی ہے اسکے برعکس جن اقوام نے بدیسی زبان کو ذریعۂ تعلیم بنایا ہوا ہے، ان میں سے ایک بھی ترقی یافتہ اقوام میں شمار نہیں ہوتی۔ یہاں پر اپنی زبان سے مراد وہ زبان ہے جو ملک بھر میں بولی اور سمجھی جاتی ہو، یعنی مروجہ زبان۔ اس کا مادری زبان ہونا ضروری نہیں، کیونکہ مادری زبانیں بعض اوقات تھوڑے تھوڑے فاصلے پر بدلتی چلی جاتی ہیں۔ جبکہ مروجہ زبان پورے ملک کے طول وعرض کیلئے ہوتی ہے۔ قیام پاکستان کے بعد وطن عزیز میں انگریزوں کے بنائے ہوئے معاشرتی ڈھانچے کو بدلنے کیلئے جن شعبوں میں اصلاح کی ضرورت تھی، ان میں تعلیم کا شعبہ بھی تھا۔ جسکی وجہ یہ تھی کہ انگریزی زبان ڈیڑھ سو سال تک ذریعۂ تعلیم رہنے کے باوجود فائدہ مند ثابت نہیں ہو سکی تھی۔ انگلستان سے بیس گنا زیادہ آبادی رکھنے والے برصغیر پاک وہند میں ڈیڑھ صدی کی طویل مدت میں یہ ذریعۂ تعلیم اس پائے کے علماء وفضلاء سائنس داں اور فلسفیوں کا دسواں حصہ بھی پیدا نہ کر سکا، جس پائے کے علماء، فضلاء، سائنس داں، فلسفی اس سے کم عرصے میں اس نے انگلستان میں پیدا کئے۔ ہماری یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل طلبہ (Ph.D) انگلستان کی جامعات سے ہر سال نکلنے والوں کا سواں حصہ بھی نہیں ہوتے(2)۔ انگلستان کی یونیورسٹیوں سے ہر سال پانچ ہزار (پی۔ایچ۔ڈی) نکلتے ہیں اور ہماری یونیورسٹیوں سے فقط دس پندرہ۔ کسی بھی مضمون میں تصانیف، جنہیں ہم بین الاقوامی معیار پر پیش کرنے کے لائق سمجھیں، اپنی قابل لحاظ تعداد میں تخلیق نہیں ہوئیں کہ ان کی کوئی فہرست بنا سکیں۔ کوئی ایسی مایہ ناز ایجاد نہیں ہوئی، جو کہ عالمی برادری یا پھر کم از کم اہل وطن کے کام آسکے۔ سائنس کے میدان میں کوئی نئی ٹیکنالوجی، کوئی عالمی سائنسی نظریہ، کوئی نادر فلسفہ کوئی نیا سیاسی فلسفہ، کوئی نیا سیاسی نظام، کوئی نیا معاشی نظریہ، برصغیر کے فضلا نے پیش نہیں کیا، اور اگر کسی نے ان میں سے کسی میدان میں کوئی سبقت دکھائی ہے تو وہ غیر ملکی جامعات میں ان کی تعلیم کی بدولت ہے۔ کیا یہ سب ناکامیاں بدیسی ذریعۂ تعلیم کی ناکامی کی دلالت نہیں کرتیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ ذریعۂ تعلیم ہماری تعلیمی پس ماندگیوں کا واحد سبب نہیں، مگر سب سے اہم سبب ضرور ہے۔ کیونکہ جہاں جہاں بدیسی زبانیں ذریعۂ تعلیم ہیں، وہاں وہاں اسی قسم کی پس ماندگیاں ہیں(3)۔ امتحانوں میں ناکامی کی شرح جتنی ہمارے ملک میں ہے، اتنی ان ملکوں میں ہرگز نہیں ہے، جہاں خود ان کی اپنی ملکی زبانیں ذریعۂ تعلیم ہیں۔ ہمارے طلبہ بدیسی زبان میں کتابوں کے اسباق اچھی طرح سے سمجھ نہیں پاتے، غرض یہ کہ ڈیڑھ سو سال کی کوشش کے باوجود انگریزی ہمارے ملک میں بول چال کی زبان نہ بن سکی اور طلبہ کیا اساتذہ بھی اس میں اظہار خیال کی مہارت حاصل نہ کر سکے۔

پاکستان میں اردو اور انگریزی زبانوں میں سے کسے اہمیت حاصل ہے

اردو دنیا کی دوسری زبانوں کی طرح ایک زبان ہے جو نامعلوم زمانے سے ترقی کرتی آئی ہے، جس میں عربی اور فارسی الفاظ بڑی تعداد میں ہیں، لیکن اردو نہ پہلے کسی ایک صوبے کی زبان تھی اور نہ آج کسی صوبے میں محدود ہے۔ صدیوں سے یہ متحدہ ہندوستان کی مقبول عام علمی وادبی زبان رہی ہے اور تقسیم کے وقت پورے پاکستان میں پشاور سے لے کر کراچی تک اور کوئٹہ سے لیکر ڈھاکہ تک عوام میں رائج تھی (4)۔ پاکستان کے قیام کے بعد فطری طور پر یہ پاکستان کی قومی زبان قرار پائی اور ۱۹۷۳ء کے متفقہ آئین میں اسکو دستوری طور پر قومی زبان تسلیم کیا گیا۔ تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو اردو برصغیر پاک وہند کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے، مسلمانوں کی معاشرت، معیشت اور سیاست انکے تمدن، افکار اور خیالات، انکے احساسات جذبات اور مفادات اور انکی مذہبی، تہذیبی اور اخلاقی اقدار و روایات کی کامیابیوں اور ناکامیوں کی آئینہ دار ہے۔ اردو پاکستانی قوم کی تہذیب و شائستگی اور تعلیم و تربیت کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ اسکی امنگوں اور آرزؤں کا محور ہے۔ یہ ایک ایسا مشترک آلہ ہے جو ملک و قوم کے دشمنوں کو نیست و نابود کرنے کیلئے موثر اور کارگر ہو سکتا ہے۔ ۱۹۷۹ء سے اردو ذریعۂ تعلیم اور مقتدرہ قومی زبان کی حکمت عملی وکارکردگی اور انکے فیصلوں پر جس عزم سے عمل جاری تھا، اس میں اچانک ۱۹۸۶ء سے رخنے پڑنے شروع ہوگئے۔ انگریزی زبان کے حامی اعلیٰ سرکاری افسران اور انگریزی میڈیم اسکولوں کے مالکان اور انکی مضبوط لابی نے ملی بھگت کر کے ۱۹۸۶ء میں حکومت سے صرف یہ اجازت لی کہ جن طلبہ کو ۱۹۸۸ء میں تعلیمی پالیسی کے مطابق میٹرک یا دسویں جماعت کا امتحان بذریعہ قومی زبان اردو دینا ہے، انکو صرف دو مضامین یعنی سائنس اور ریاضی انگریزی میں بھی پڑھائے جا سکتے ہیں۔ اس کے بعد ۱۹۸۸ء میں ایک ہنگامی طور پر بلائی گئی کانفرنس میں یہ فیصلہ سنایا گیا کہ میٹرک یا دسویں جماعت کا امتحان دینے والے طلبہ کو سائنس اور ریاضی صرف انگریزی میں پڑھائی جائیگی (5) اس کے ساتھ ہی انگلش میڈیم اسکولوں کے مالکان نے اپنے تعلیمی اداروں میں دوسرے مضامین بھی انگریزی میں پڑھانے کا اختیار حاصل کر لیا۔ ان اقدامات سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آگئی ہے کہ انگریزی زبان کا حامی طبقہ اشرافیہ نہایت چالاکی کیساتھ قومی زبان اور ملکی یک جہتی کیساتھ سامراجی کھیل کھیل رہا ہے اب غور طلب بات یہ ہے کہ ہمیں اپنی قومی اور تہذیبی شناخت لسانی بنیادوں سے حاصل کرنا ہوگی یا برطانیہ کی غلامی سے؟ ادیب، شاعر، سائنس دان، مفکر، قومی اور دینی رہنما اپنی بات، اپنا پیغام، اپنا فن اور کمال عوام میں اپنی زبان اردو میں انجام دیں گے یا بے رنگ آقاؤں کی نقالی کرتے۔ ایسی زبان کو جسکی جڑیں ہماری تعلیمی، معاشرتی، مذہبی اور روحانی زندگی میں پیوست نہ ہوں اسے اپنی ترقی یافتہ قومی زبان پر فوقیت وفضیلت دینا کہاں تک جائز ہے۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں انگریزی ذریعۂ تعلیم ہونے کی وجہ سے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کا بڑا حصہ انگریزی سیکھنے

میں صرف ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ اپنی آموزش یا تحقیق کے ذریعے کوئی بھی نئی ردیافت کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھتے ہیں لیکن اس کے باوجود انگریزی ذریعہ تعلیم کی اہمیت وافادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے(6) کیونکہ اس زبان کے ذریعے ہی سائنسی و تکنیکی معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں ،بنیادی طور پر انگریزی بین الاقوامی زبان ہے اردو کو ذریعہ تعلیم اور انگریزی کو ذیلی ذریعہ تعلیم اختیار کیا جانا چاہیئے۔

پاکستان میں انگریزی زبان ذریعہ تعلیم ہونی چاہیئے یا نہیں؟

انگریزی زبان دنیا کی مہذب زبانوں میں اول تحریر ہے، جدید وسائل نقل و حرکت کی وجہ سے پرانی جغرافیائی حد بندیاں ٹوٹ چکی ہیں اور روز بروز قومیں ایک دوسرے کے نزدیک آرہی ہیں۔ تجارت، صنعت و حرفت، سفر کی ضروریات، سیاسی تعلقات ان سب کی وجہ سے ہمیں ایک ایسی زبان کی ضرورت ہے جس سے ہم دوسرے ممالک سے خط و کتابت کر سکیں اور بہتر تعلقات بڑھا سکیں(7) سیاسی اور ادبی لحاظ سے انگریزی کو بے مثال وقار حاصل ہے، چونکہ ہم یہ زبان مدت سے سیکھ رہے ہیں اور ہمیں اسکی تعلیم کیلئے بے شمار وسائل اور صلاحیتیں حاصل ہیں، لہذا اس کا بطور ثانوی زبان ہمارے لئے سیکھنا زیادہ موزوں ہوگا۔ انگریزی کی بین الاقوامی حیثیت جدید سائنسی علوم اور ٹیکنالوجی نیز جدید تحقیق اور طرز زندگی پر اثرانداز ہونے والے معروف فکری سانچے چونکہ ان سب تک رسائی بذریعہ انگریزی آسان ہے ،اس لئے ہم ان کے حصول کیلئے انگریزی کو ناگزیر سمجھتے ہیں۔ لیکن اس کا یہ نتیجہ نکالنا درست بھی نہیں ہے کہ انگریزی کو ہر جگہ اور ہر سطح پر یوں نافذ کیا جائے(8) جیسے ہمارے پاس کوئی دوسری زبان نہیں، ہم یہ مقاصد، اسے ثانوی زبان کا درجہ دے کر بھی حاصل کر سکتے ہیں، ملائشیا، سری لنکا اور بھارت میں یہی تجربہ کیا جارہا ہے۔ انگریزی پر انحصار کی کئی اور وجوہ بھی ہیں جن میں سے سرفہرست یہ کہ ہماری کسی زبان میں جدید علوم کا وہ ذخیرہ دستیاب نہیں جسکی بنیاد پر ہم اعلیٰ تحقیق کی عمارت استوار کر سکیں ۔کیونکہ غیر واضح پالیسیوں کی وجہ سے اس میں اعلیٰ اور فنی تعلیم کیلئے ضروری مواد کی کمی ہے(9) جب کہ موجودہ حالات میں ہم دیکھتے ہیں کہ انگریزی زبان ان تمام علوم وفنون کی زبان ہے جن کی ہمیں ترقی کیلئے ضرورت ہے۔ پھر یہ بین الاقوامی روابط کی زبان ہے اسی کے توسط سے ہمارے طلبہ بیرونی ممالک میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں یہ ہماری لائبریریوں کی زبان ہے تحقیقی جرائد کی زبان ہے اور داخلی لسانی جھگڑوں کے ماحول میں غیر جانب دار زبان ہے یہ تمام عوامل اس کی حیثیت کو برتر رکھے ہوئے ہیں۔

پاکستان میں انگریزی زبان بطور ذریعہ تعلیم کے عملی صورت حال

ان تمام اسباب سے یہ نتیجہ قطعی اخذ نہیں کرنا چاہیئے کہ انگریزی کو ذریعہ تعلیم بنائے بغیر چارہ

نہیں کسی غیر ملکی زبان کو ذریعۂ تعلیم اسی صورت بنایا جا سکتا ہے جب مقامی زبانیں نہ تو لکھی جا سکتی ہوں اور نہ ان میں سے کوئی ملک بھر میں سمجھی جاتی ہو یا پھر ایسی صورت میں جب ملک میں بہت سی علاقائی زبانیں موجود ہوں اور ان کے ساتھ سیاسی تعصبات اس شدت سے وابستہ ہوں کہ قومی یکجہتی کیلئے غیر ملکی زبان کو رائج کرنا ناگزیز ہو جائے(10) فرض کریں ہمارا سائنسی علوم و ٹیکنالوجی پر انحصار ناگزیز ہے اور ان علوم و ٹیکنالوجی کے حصول کیلئے ہمارا انگریزی کے بناء گزارہ ممکن نہیں، پھر بھی اس کا یہ نتیجہ نکالنا درست نہیں کہ ایک غیر ملکی زبان پر انحصار ہی ہمیں ترقی کی منزل طے کروادے گا جبکہ علم جامد شے نہیں ہے اور نہ ٹیکنالوجی کی ترقی کی رفتار اس قدر تیز ہے کہ علوم و فنون پر دس سال بعد ترقی دوگنی ہو جاتی ہے(11) ایسے میں مختلف علوم کی تحصیل، اور پھر بے پناہ وسائل صرف کر کے انہیں غیر ملکی زبان کے توسط سے ملک کے گوشے گوشے میں پہچانا آسان کام نہیں ہے، جو قومیں اس غیر پیداواری کام میں لگی ہوئی ہیں انکی حالت قطعاً قابل رشک نہیں ہے۔ علوم و فنون مسلسل انکشافات، تجزیاتی کوششوں اور تخلیقی سوچ سے پیدا ہوتے ہیں اور تخلیقی سوچ ایسی غیر ملکی زبان میں ممکن نہیں جو ڈیڑھ صدی میں بھی یہاں جڑیں نہیں پکڑ سکی ہو اگر صرف اسی پر انحصار کرنا ہے تو اس روشنی سے پیدا ہونے والے خسارے کا حساب بھی کر لینا چاہیئے۔

پاکستان میں بحیثیت ذریعۂ تعلیم قومی زبان اردو کا مقام

قومی زبان اردو کو اس وقت خاص پس منظر میں اپنا مستقبل تلاش کرنا پڑ رہا ہے۔ ہمارا سیاسی ماضی جو ڈیڑھ سو سال کی غلامی سے آلودہ ہے اس میں بیرونی سامراجی حکمرانوں سے سوچی سمجھی پالیسی کے تحت انگریزی زبان کو یہاں پہلے سے رائج سرکاری اور مقامی زبانوں پر مسلط کیا گیا ہے۔ اس امر کا اچھے سے جائزہ لیا جانا چاہیئے کہ انگریزی کے بحیثیت ذریعۂ تعلیم کے سو سالہ تجربے نے ہمیں کیا دیا اور ہم نے کیا کھو دیا؟ یہ سب جائزے تعاصب سے ہٹ کر لینا چاہیئے۔

اردو جو ہماری قومی زبان ہے، سرکاری، قومی اور رابطے کی زبان کی حیثیت سے فطری مقام صرف اور صرف اردو کو حاصل ہے، انگریزی بطور ورثہ کے طور پر تو قبول کی گئی ہے، لیکن اس کا ایسا یہ فطری مقام کبھی تسلیم نہیں کیا گیا ہے، وقتاً فوقتاً دستوری زبان سے بھی اردو کی بطور قومی زبان اس حیثیت کا اعتراف کیا گیا(12) لیکن اس کے مطلوبہ تقاضے کبھی بھی پورے نہیں کئے گئے اس کی راہ میں اگر کچھ تعصبات کچھ سیاسی مفادات یا مفاد پرست طبقات ہیں تو ہمیں چاہیئے کہ ان کو نمایاں کریں اور قوم کو اس بارے میں بتانا چاہیئے اس مراعات یافتہ طبقے کی طرف سے قائم شدہ ذاتی مفادات اور رکاوٹوں کو دور کئے بغیر قومی زبان کو اس کا صحیح مقام نہیں دیا جا سکتا(13) اگر قومی زبان اردو کو ذریعۂ تعلیم بنانے میں کوئی ایسی مشکلات و

نقصانات ہیں جن کے اظہار کی جرات ہماری سیاسی قیادت کو حاصل نہیں ہو سکی ہے تو ہمیں ان رکاوٹوں کو عبور کر لینا چاہیئے اور منافقت کی پالیسی اختیار کئے بناء کھل کر بات کو سامنے لانا چاہیئے۔

کیا اردو میں ذریعۂ تعلیم بننے کی صلاحیت ہے

جہاں تک اردو کے ذریعۂ تعلیم ہونے کی بات ہے معترفین کا یہ نظریہ ہے کہ ابھی اردو میں ذریعۂ تعلیم بننے کی صلاحیت موجود نہیں ہے اور نہ ہی بین الاقوامی زبانوں کے ہم پلہ ہے یہ اس نظریہ کو کسی صورت بھی قبول نہیں کیا جا سکتا اس لئے کہ اردو زبان اپنی ہمہ گیری و وسعت کے سبب ذریعۂ تعلیم بننے کی پوری پوری صلاحیت رکھتی ہے۔ بابائے اردو مولوی عبدالحق نے ۲۲ اپریل ۱۹۵۰ء کو بزم اقبال کراچی کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا ''وہ زبان جو قرآن پاک اور آسمانی صحیفوں کا ترجمہ کر سکتی ہے جو علم و فن کے موضوعات پر بحث کر سکتی ہے جو غالب، سرسید، حالی اور اقبال کے خیالات و جذبات کو ادا کر سکتی ہے وہ دفتروں کے معمولی مسائل کے مطالب میں ادا نہیں کر سکتی جو اس سے انکار کرتا ہے وہ قومی زبان کی توہین کرتا ہے یاد رکھیئے ہم نے اس کی قدر نہ کی اس کو وہ درجہ نہ دیا جس کی وہ مستحق ہے تو پاکستان کے استحکام میں خلل واقع ہو جائے گا''(14)

اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی واضح ہے کہ ذریعۂ تعلیم بننے کیلئے اردو زبان میں پوری صلاحیت موجود ہے عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن اس کی روشن مثال ہے اور موجودہ دور میں بابائے اردو کے خواب جس کی تعبیر وفاقی اردو یونیورسٹی کی شکل میں ملی ہے جہاں ذریعۂ تعلیم اردو ہے۔ اردو کے ذریعۂ تعلیم کی بات ہے تو پاکستان کے کئی دیگر ایسے ادارے ہیں جنہوں نے انگریزی، فرانسیسی اور جرمن اصلاحات کے اردو ترجمے کر دیئے ہیں ان میں اردو سائنس بورڈ مقتدرہ قومی زبان پیش پیش ہیں جنہوں نے سائنسی علوم کو اردو جامعہ پہنایا ہے(15)۔

اس پس منظر میں اردو کا دامن نہ صرف وسیع ہوا ہے بلکہ تاحال جاری ہے البتہ اس کا چلن عام کرنے کی ضرورت ہے اور ایسا صرف نصاب سازی کے ادارے ہی کر سکتے ہیں جو ایسے ماہرین تعلیم سے کتابیں لکھوائیں جو اس کام کیلئے مناسب بھی ہوں اور ذہنی آمادگی بھی رکھتے ہوں یہ کام خالصتاً قومی جذبے کے تحت ہی کیا جا سکتا ہے۔ باقی رہا یہ سوال کہ کیا اردو زبان میں اس وقت اتنی وسعت اور صلاحیت ہے کہ اسے انگریزی کی جگہ ذریعۂ تعلیم قرار دیا جائے گا؟ اس کا جواب صرف ایک ہی ہے اور وہ یہ کہ جب بھی کسی زبان کو اعلیٰ مقاصد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے تو اس میں از خود بتدریج مطلوبہ صلاحتیں پیدا ہو جاتیں ہیں ۔دنیا کی کوئی بھی زبان خود بہ خود ترقی نہیں کرتی ہے بلکہ جب اسے اعلیٰ مطالب کیلئے استعمال کیا جاتا ہے تو اس کی وسعت، گہرائی اور لطافت میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

پاکستان میں انگریزی کو متبادل ذریعہ ٔتعلیم کے طور پر کیوں اختیار کیا گیا ہے

پچھلے سو سال کے محدود عرصے میں ہماری زبان و ادب نے جو ارتقائی منازل طے کئے ہیں۔آج سے سو سال پہلے ہمارے ہاں نثر قریباً محدود تھی، ہماری زبان محض جذبات کی زبان تھی اور اگرچہ شعرا کی کاوشوں نے اس میں لچک اور روانی پیدا کر دی تھی لیکن غزل کے طلسمی دائرے کے باہر اس کی گری کام نہ آسکی تھی علمی مضامین اور ٹھوس واقعات کے اظہار کی اس میں عملاً سکت نہ تھی، اگر ہماری شاعری غزل سے نکل کر زندگی کے بیشتر شعبوں پر حاوی ہو گئی، اگر ہمارے ادب میں افادی نثر کا آغاز وارتقاء عمل میں آیا اور فن تنقید، ناول اور اس کے بعد افسانے نے ترقی کی اور صحافت نے جنم لیا، تو اسے انگریزی ہی کا فیضان سمجھنا چاہیے۔

ہماری زبان نے انگریزی زبان کے ہزاروں لفظ، محاورے جملے، اور ترکیب اپنے اندر جذب کر لی ہیں تعلیم یافتہ افراد انہیں بے تکان استعمال کرتے ہیں اور انہیں یہ تک خیال نہیں گزرتا کہ یہ سب کے سب غیر ملکی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ انگریزی آج تمام علوم جدیدہ کی کلید ہے اور صرف اسی کی بدولت یورپ کے علوم، ادبی تحریکات، اور جدید ترین علمی انکشافات ہم تک پہنچ سکتے ہیں اور پہنچ رہے ہیں اس تعلق کو قطع کر دیں تو ہم پر پھر وہی بے حسی، وہی جمود طاری ہو جائے گا، جس سے محض انگریزی زبان کی بدولت ہمیں نجات ملی ہے۔(16)صرف یہی نہیں بلکہ وہ لوگ جو انگریزی کو غلامی کے مترادف خیال کرتے ہیں، یہ حقیقت فراموش کئے ہوئے ہیں کہ آزادی کیلئے جدوجہد کا آغاز اور اس میں کامیابی کا سہرا انہیں لوگوں کے سر ہے جنہوں نے پہلے پہل انگریزی تعلیم حاصل کی اور اپنی ان کی کوششوں سے نہ صرف سیاسیات میں قوم کی رہنمائی کی ، بلکہ ان تمام مذہبی بدعتوں اور بدعنوائیوں سے بھی نجات دلائی جنکے مہلک اثرات سے ہمارے ذہنی اور روحانی قویٰ مضمل ہو رہے تھے اگر انگریزی تعلیم نہ ہوتی تو نہ صرف یہ سیاسی اعتبار سے بلکہ ذہنی طور پر بھی غلام ہوتے۔

ریاستی فلسفے کے تحت قومی زبان بطور ذریعہ ٔتعلیم کی اہمیت وافادیت کے مختلف پہلو

1. اردو کو بحیثیت ذریعہ ٔتعلیم رائج کر کے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھایا جاسکتا ہے۔
2. قومی زبان اردو کو بطور ذریعہ ٔتعلیم رائج کرنے سے قومی تشخیص کو فروغ مل سکتا ہے۔
3. تدریسی عمل کو زیادہ افادی بنانے کیلئے اردو کو ذریعہ ٔتعلیم بنا کر مطلوبہ مقاصد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔
4. اردو کو ذریعہ ٔتعلیم کے طور پر اپنانے سے تعلیمی عمل میں موجودہ طبقہ واریتی رجحانات ختم کر سکتے ہیں۔
5. علمی و ثقافتی ورثے کی آئندہ نسل میں ترسیل کیلئے قومی زبان اردو کو ذریعہ ٔتعلیم ہونا چاہیئے۔

6. قومی سطح پر سماجی بین العمل کیلئے اردو ذریعہ تعلیم سود مند ثابت ہو سکتا ہے۔
7. بحیثیت ذریعہ تعلیم قومی زبان اردو کو عملاً نافذ کر کے طلبہ میں قومی فکر اور تنقیدی شعور پیدا کیا جا سکتا ہے۔
8. اردو کو ذریعہ تعلیم اختیار کرنے سے طلبہ کی اظہاری اور آموزشی استعداد میں اضافہ ہو سکتا ہے۔
9. اردو کو ذریعہ تعلیم بنانے سے شرح خواندگی میں اضافہ ممکن ہے۔
10. قومی ترقی میں بطور ذریعہ تعلیم قومی زبان کا کردار رہبر ہو سکتا ہے۔
11. قومی زبان قومیت کا تصور پیدا کرنے کا طاقتور وسیلہ ہے یہ قومی حمیت کی علامت ہے اور قومی پرچم اور ترانے اور ہیروز کی طرح قومی افتخار پیدا کرتی ہے۔
12. اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقہ اور عوام کے ایک ہی زبان استعمال کرنے سے طبقہ بندی ختم ہوتی ہے۔
13. غیر ملکی زبان میں تعلیم حاصل کرنے سے طلبہ پر بے جا بوجھ پڑتا ہے اور وہ رٹنے پر مجبور ہوتے ہیں اور اپنا بہت سا قیمتی وقت غیر ملکی زبان سیکھنے پر صرف کر دیتے ہیں۔
14. مختلف مضامین اور علوم کے بارے میں قومی زبان میں لٹریچر عام آدمی کی سمجھ میں بھی آسکتا ہے۔

پاکستا میں انگریزی زبان بطور ذریعہ تعلیم اس کے مضمرات

پاکستان میں انگریزی زبان بطور ذریعہ تعلیم اس کے یہ مضرات ہو سکتے ہیں۔

1) ابتدائی تعلیم کیلئے غیر ملکی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانا غیر دانشمندانہ بات ہے یہ جدید لسانی تحقیق کے مستند مفروضوں کی نفی ہے۔
2) ساری قوم کا یکساں تعلیمی مواقع پر حق ہے اور یہ اس وقت ہی ممکن ہے جب اپنی زبان یا زبانوں پر انحصار کیا جائے۔
3) قومی یکجہتی ایک عظیم مقصد ہے اس کے حصول کیلئے ضروری ہے کہ محض دو ڈھائی فیصد لوگوں کی خوشنودی اور فکری ہم آہنگی کی خاطر ایک غیر زبان پر مکمل انحصار کی پالیسی نہ اپنائی جائے۔
4) انگریزی کو ثقافتی طبقہ بندی کیلئے نہ استعمال کیا جائے بلکہ اس کی حیثیت عملی قومی ضرورتوں کا تجزیہ کر کے متعین کی جائے۔
5) انگریزی کو درآمدی فکری بالادستی کا وسیلہ بنا کر اسے ترقی کا راز نہ سمجھا جائے، غیر ملکی زبان کی تحصیل کو فکری اور ثقافتی تقریب کیلئے استعمال کرنے سے اپنا نظام اقدار تباہ ہوتا ہے۔ جس کے نتائج، انتشار اور شکست کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں۔
6) انگریزی سائنس اور ٹیکنالوجی کی اہم ترین زبان ہے یہ بین الاقوامی سطح پر رابطہ کیلئے ناگزیز ہے اس لئے اسے ثانوی زبان کے طور پر ضرور پڑھانا جانا چاہیئے لیکن ہر سطح پر اس کو لازم قرار دینے

سے تعلیمی توسیع کا عمل رک جاتا ہے۔

انگریزی چونکہ جدید ترین علوم کی زبان ہے اور اس کی حیثیت بھی ایک بین الاقوامی زبان کی ہے، اس لئے ہمیں اسے رہبر سمجھتے ہوئے وسیع پیمانے پر پڑھانا چاکہ نیز اپنی زبانوں کی علمی کم مائیگی کے سبب اسے کم از کم اعلیٰ سطح پر ذریعہ تعلیم بنائے رکھنا چاہیئے اگر اس نقط نظر کا بطور تجزیہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ دو مختلف زبانوں کو باہم ملانے کی کوشش کی جاتی ہے بلاشبہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اس وقت سائنس، ٹیکنالوجی اور تحقیق کے میدان میں انگریزی تمام دوسری زبانوں پر فوقیت رکھتی ہے کیونکہ دیگر زبانوں کے برعکس یہ صنعتی اور سائنسی لحاظ سے کئی انتہائی ترقی یافتہ ملکوں مثلاً امریکہ، برطانیہ، کینیڈا کی زبان ہے(17) لیکن اس حقیقت سے یہ نتیجہ نکالنا کہ انگریزی کو ہر سطح پر ذریعہ تعلیم بنایا جائے غلط ہے اول تو یہ ویسے ہی ناممکن ہے ہمارے پاس تو کالجوں اور یونیورسیٹوں کیلئے اعلیٰ درجے کے اساتذہ دستیاب نہیں پھر ہزاروں اسکولوں میں کہاں سے آئیں گے دوسرے بنیادی معلومات کے لئے جو اپنی زبانوں میں باآسانی بتائی جاسکتی ہیں انگریزی نافذ کرنا اس مسلمہ نفسیاتی لسانیات کے اصول کے منافی ہے جس کی رو سے بچنے کی ذہنی نشو نما میں اس کا ابتدائی لسانی اور ثقافتی ماحول بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ ماضی میں انگریزی کے سلسلے میں ایک بات تواتر کیساتھ کی گئی ہے۔ یعنی انگریزی ذریعہ تعلیم کے سبب طلبہ میں سوچنے پر کھنے اور تنقیدی نقط نگاہ اپنانے کے بجائے نصاب کو رٹ لینے کی عادت پیدا ہوتی ہے۔ انگریزی زبان کے علمی اور ثقافتی وقار کی آڑ میں ایسے کاروبار کو فروغ حاصل ہو رہا ہے جس نے ہمارے قومی تعلیمی ڈھانچے کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ پرائیوٹ اسکولوں کی سرپرستی میں بااثر طبقے پیش پیش ہیں نتیجہ یہ ہوا ہے کہ تقریباً پچانوے فیصد آبادی اپنے بچوں کو ان اداروں میں تعلیم دلوانے پر مجبور ہے جو بظاہر انگریزی میڈیم اسکول بھاری فیس لے کر اچھے ماحول میں تعلیم دیتے اس کے علاوہ والدین میں بھاری فیسوں کی وجہ سے احساس ذمہ داری بڑھ جاتا ہے بھر بچوں کیلئے اضافی تدریسی مدد حاصل کرنے پر خرچ ہوتا ہے یوں اس انتہائی گراں مگر دلکش تعلیمی نظام کی ساکھ مضبوط ہو رہی ہے اور ساتھ انگریزی کے غیر پیداواری استعمال کے حق میں فضا پیدا ہو رہی ہے۔(18) ملک کے ہر گلی کوچے میں انگلش میڈیم کے نام سے لاکھوں ادارے قائم ہیں لیکن ان میں بہت کم ایسے ہیں جنہیں صحیح معنوں میں ''انگلش میڈیم'' کہا جاسکے ان نام نہاد انگریزی ذریعہ تعلیم کے اداروں کے کم تنخواہ معلمین و معلمات خود ماشاءاللہ سے انگریزی سے نابلد ہوتے ہیں تو وہ شاگردوں کو کیا خاک کوئی چیز سکھائیں گے۔ انگلش میڈیم کا ڈھونگ صرف اور صرف معقول آمدنی کے حصول کا ذریعہ ہے جسے پورے زور و شور سے چلایا جا رہا ہے۔ بچوں کے والدین کو مرعوب کرنے کے لئے نصابی کتب بھی بیرون ملک سے درآمد شدہ لگائی جاتی ہیں یہ نصاب جتنے بھاری ہوتے ہیں اُتنی ہی بچوں کی صلاحیت کچلی جاتی ہیں، اس قسم کے اسکولوں کے جو بچے بورڈ کے امتحانوں میں

امتیاز حاصل کرتے ہیں انہیں انگلش میڈیم کی کامیابی کے طور پر امیر گھرانے سے ہوتے ہیں اور ان کی کامیابی کا راز انگلش میڈیم اسکول نہیں بلکہ ٹیوشن میں ہوتا ہے۔(19)ان اسکولوں کے معیار کے بارے میں خوش فہمی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جن اردو یا سندھی ذریعۂ تعلیم کے سرکاری اسکولوں سے ان کا موازنہ ہوتا ہے وہ حکومت کی بے توجہی کے سبب ان بنیادی لوازم سے بھی محروم ہوتے ہیں۔جو تعلیم کے لئے از خد ضروری ہیں اس طرح انگلش میڈیم اسکول 'اندھوں میں کانا راجہ'(20) کے مصداق خواہ مخواہ برتر ہوتے ہیں۔سائنسی علوم کے علاوہ دیگر مضامین میں انگریزی ذریعۂ تعلیم کیا کام دے گی خود انگریزی کا مضمون آج کا طالبعلم اردو کی شرح کے بغیر نہیں پڑھ سکتا انگریزی زبان تفہیم سے لیکر اظہار وابلاغ تک ہر مرحلے کیلئے طالبعلم کیلئے ایک ایسا پہاڑ بنی کھڑی ہوتی ہے جسے عبور کرنا اس کے لئے ناممکن حد تک مشکل ہوتا ہے۔پاکستان کے نظام تعلیم کا المیہ ہے کہ اس کے کرتا دھرتا انگریزی ذریعۂ تعلیم کی غلط چابی کو 'شاہ کلید' سمجھتے ہوئے اسی سے تالا کھولنے پر مصر ہیں۔کچھ عرصے قبل یہ چابی مجبوراً صحیح ہاتھ میں لی گئی تھی یعنی قومی زبان کو واحد ذریعۂ تعلیم کے طور پر اپنانے کا فیصلہ کیا تھا لیکن ابھی اردو ذریعۂ تعلیم کا قدم تھوڑا ہی آگے بڑھ پایا تھا کہ قومی زبان کی ٹانگ گھسیٹ کر زمین پر دے مارا گیا۔بعد ازاں سائنسی تعلیم کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا(21) اور حال ہی میں ہر مادری زبان کو پرائمری تعلیم کا ذریعہ بنا کر اور پہلی جماعت انگریزی کو لازمی قرار دے کر قومی زبان سے قوم کو نجات دلانے کا اقدام کر ڈالا گیا۔انگریزی کو غیر معمولی اہمیت دینے اور اسے ذریعۂ تعلیم بنانے کا جواز یہ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ ایک ترقی یافتہ زبان ہے اور سائنس واقی علوم اسکو ذریعہ بنائے بغیر نہیں پڑھائے جا سکتے تو اس دعوے کی تردید کیلئے ایک ہی حقیقت کافی ہے آج کے ترقی یافتہ تمام ممالک سائنس و ٹیکنالوجی میں ممتاز مقام رکھتے ہیں،ان میں سے کسی ملک کی ترقی انگریزی یا کسی دوسری مغربی زبان کی مرہون منت نہیں ہے۔جس کسی نے ترقی کی ہے اپنی قومی زبان کے ذریعے کی ہے ایشیا کے ممالک میں جاپان اس کی منہ بولتی مثال ہے،لیکن ہمارے راسخ العقیدہ ماہرین تعلیم کے ایمان میں ایسی مثالوں سے ذرا خلل نہیں پڑتا۔

پاکستان میں انگریزی زبان بطور ذریعۂ تعلیم اس کے کیا محرکات ہیں

پاکستان میں انگریزی زبان بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے کے کیا محرکات ہو سکتے ہیں اور وطن عزیز کے تعلیمی عمل کے علاوہ عمومی طور پر معاشرے میں کیا اثرات مرتب ہوئے ہیں اس امر کا تجزیہ حسب ذیل میں پیش کیا جارہا ہے۔

پاکستان میں معاشرتی اور تعلیمی تاریخ کے تحقیقی مطالعے سے بدیسی زبان انگریزی بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے سے متعلق درج ذیل محرکات توجہ طلب ہیں:

1۔ انگریزی زبان کی بین الاقوامی حیثیت:

اس میں کوئی شک نہیں کہ انگریزی زبان ایک مقبول بین الاقوامی زبان ہے جس کے پیچھے رفتار زمانے کی طاقتیں ہیں جس کی وجہ سے تقریباً پچھلی ایک صدی سے یہ زبان پوری دنیا میں مقبول ہے۔ خصوصاً بعض ترقی یافتہ ممالک جیسے برطانیہ، امریکہ وغیرہ میں یہ زبان بولی جاتی ہے، صرف یہی نہیں بلکہ ان کا ذریعۂ تعلیم بھی انگریزی زبان ہے، چونکہ برطانیہ ماضی کی سپر پاور تھی جب کہ امریکہ موجودہ سپر پاور ہے اس نسبت سے انگریزی زبان کی ترقی و ترویج میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ اسی بناء پر ہمارے ہاں بھی یہ سوچ کر کہ اسی زبان میں ہی لٹریچر پڑھنے کو ملتا ہے اور یہ بین الاقوامی رابطے کی زبان بھی ہے اس وجہ سے اسے بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کیا گیا ہے۔

2۔ غلامانہ ذہنیت کی کارفرمائی:

پاکستان میں انگریزی زبان کو بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے کا دوسرا بڑا محرک ہمارے ارباب اقتدار واختیار اور ماہرین تعلیم کی غلامانہ ذہنیت ہے، چونکہ برصغیر میں طویل عرصہ برطانوی نوآبادیاتی نظام کے تحت رہا اور اس نظام کے تحت برطانیہ نے برصغیر کی تہذیب و ثقافت کو مٹانے اور انگریزی ثقافت کو غلبہ فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، بدقسمتی سے آزادی کے بعد پاکستان میں غلامانہ ذہنیت کے حامل لوگوں کے ہاتھوں نوزائیدہ مملکت کے نظاموں کی تشکیل کا بیڑہ آیا انھوں نے آئین کی تشکیل سے لیکر تعلیمی پالیسیوں اور نصاب اور ذریعۂ تعلیم تک انگریزوں کے چھوڑے ہوئے تعلیمی ورثے کو من و تن نہ صرف قبول کیا جائے تاکہ جاری وساری بھی رکھا، اس سے بڑی بدقسمتی یہ ہوئی کہ ستر سال گزرنے تک کسی بھی حکومت کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ بدیسی زبان انگریزی کی جگہ قومی زبان اردو کو ترجیح دیکر قومی زبان کو ذریعۂ تعلیم بنایا جائے۔ عجیب بات یہ ہے کہ ماہرین تعلیم وارباب اختیار کا یہ موقف سامنے آتا رہا ہے کہ ملک میں تعلیمی و معاشرتی ترقی کیلئے انگریزی زبان کا استعمال ناگزیر ہے۔

3۔ مغربی طرز معاشرت کی اندھی تقلید کی روش:

پاکستان میں انگریزی زبان بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے کا ایک اہم محرک ہمارے معاشرے میں مغربی طرز معاشرت کی اندھی تقلید کی روش ہے۔ خصوصاً ہمارے یہاں جو اپر کلاس طبقہ ہے وہ اپنی معاشرتی زندگی میں مکمل طور پر مغربی طرز معاشرت میں رنگا ہوا نظر آتا ہے۔ رہن سہن، لباس اور اقدار کی پیروی ہی نہیں بلکہ بول چال میں بھی انگریزی زبان اختیار کر کے معاشرے کے دوسرے طبقات سے ممیز ہونے کی کوشش کرتا ہے اور مڈل کلاس طبقے میں بھی اکثر یہی اثرات دیکھنے کو ملتے ہیں، اس صورتحال نے ملک میں تینوں طبقات کے الگ الگ تعلیمی ادارے فروغ دیئے۔ خصوصاً اپر کلاس طبقے کے

لئے قائم اداروں میں انگریزی ذریعہ تعلیم کو ناگزیر خیال کر کے اپنایا گیا۔ نتیجتاً نچلے اور درمیانے طبقے کیلئے قائم اسکولوں میں بھی انگریزی میڈیم کا جادو سر چڑھ کر بول رہا ہے۔

4۔ مغربی طرز تعلیم کا رواج:

پاکستان میں انگریزی زبان اختیار کرنے کا ایک اہم ترین محرک شروع دن سے پاکستان میں مغربی طرز تعلیم کا رواج رہا ہے۔ ہماری تعلیم کے پیچھے ہمیشہ نظریہ پاکستان کے بجائے مغربی نظریات کار فرما رہے، لہذا اپنی نوعیت اہمیت اور مقاصد کے لحاظ سے ہماری تعلیم سو فیصد مغربی طرز تعلیم کے سانچے میں ڈھلتی رہی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہماری تعلیم میں ہر دور میں نظریاتی کمزوریاں ہیں محسوس ہوئیں اور یہ قومی اہداف و مقاصد کے حصول میں ناکام ثابت ہوتی رہی۔

5۔ نظریہ پاکستان سے دوری:

پاکستان میں بدیسی زبان انگریزی بطور ذریعہ تعلیم اختیار کرنے کا ایک اور محرک وطن عزیز میں ہر شعبہ زندگی کا نظریہ پاکستان سے دوری اختیار کرنے کی عملی روش ہے اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ قیام پاکستان کی بنیاد نظریہ پاکستان بنا تھا۔ اس نظریئے کی بنیاد پر مسلمانان ہندوستان نے بیسویں صدی کی آزادی کی تحریک چلا کر قیام پاکستان کو ممکن بنایا۔ لیکن قیام کے بعد اس کے نظریئے کو معاشرے کے مختلف شعبہ ہائے زندگی کی بنیاد بنانے کے بجائے انگریزوں کے چھوڑے ہوئے نظریاتی ورثے کو ترجیح دیکر تعلیم کے ساتھ ساتھ تمام نظام ہائے زندگی کی تشکیل ہوئی۔ اس طرح تشکیل و تعمیر پاکستان کی عمارت کا پہلا پتھر ہی غلط رکھ دیا گیا اور یہ روش آج تک جاری و ساری ہے۔ انگریزوں کے چھوڑے ہوئے اقدار و زبان ہماری تمدنی زندگی کا آج بھی حصہ ہے۔

6۔ پاکستانی سماجی و ثقافتی اقدار سے بددلی:

پاکستان میں انگریزی زبان کو اہمیت دینے کا ایک محرک یہ بھی ہے کہ لسانی و ثقافتی کشمکش کی وجہ سے لوگ پاکستانی ثقافتی و سماجی اقدار سے بددل دکھائی دیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ مغربی اقدار کو اپنا کر خود کو ماڈرن تصور کرتے ہیں۔ تعلیم میں بھی یہی صورتحال جلوہ گر دکھائی دیتی ہے۔ بعض حکومتی اور پرائیوٹ تعلیمی ادارے قومی اقدار سے بددل ہو کر مغربی ثقافتی اقدار و عوامل اختیار کر کے اپنے اداروں کی تعلیم کیلئے موزوں خیال کرتے ہیں۔ خصوصاً انگریزی ذریعہ تعلیم اختیار کر کے لوگوں کو متوجہ کرتے ہیں۔

7۔ معاشرے میں موجود لسانی کشمکش:

پاکستان میں بدیسی زبان انگریزی بطور ذریعہ تعلیم اختیار کرنے کا ایک اور اہم محرک ہمارے

معاشرے میں موجود لسانی و ثقافتی کشمکش بھی ہے۔ پاکستان میں مختلف صوبوں میں الگ الگ زبانیں بولی جاتیں ہیں اور ہر صوبے کے لوگ اپنے لسانی اجزاء و عوامل کو فوقیت بھی دیتے دکھائی دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے قومیتی عوامل و اجزاء صرف نظر دکھائی دیتے ہیں۔ اس لسانی و ثقافتی تصادم و کشاکش کی موجودہ صورتحال نے وطن عزیز کو ناقابل تلافی نقصان پہچائے ہیں۔ اسی وجہ سے بدیسی زبان انگریزی کو بطور ذریعۂ تعلیم ترجیح دی جارہی ہے۔

8۔ مغربی ثقافتی یلغار:

ہمارے ملک و قوم کی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ ہم ایک آفاقی نے ملی قومی نظریہ رکھنے کے باوجود ہمیشہ مغربی نظریات سے متاثر رہے ہیں، ویسے بھی ہم برصغیر کے لوگ ایک طویل عرصہ برطانوی سامراج کے زیر تسلط رہ کر ان کے نظریہ حیات کے تحت تجربے کر چکے ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد بھی یہ صورتحال جوں کی توں رہی۔ مغربی نظریات کی ترویج اور ان میں قبولیت عام کو ہمارے معاشرے میں جدیدیت و ترقی پسندی کا نام دے دیا گیا، اور یہ صورتحال آج بھی جاری ہے۔ خصوصاً انگریزی زبان بولنے اور لکھنے والوں سے معاشرے کے عام لوگوں کی مرعوبیت ہمارے معاشرے کا ایک ٹرینڈ بن چکی ہے۔ اسی وجہ سے اکثر حکومتی و نجی تعلیمی ادارے ایک بے مثال قومی زبان رکھنے کے باوجود بدیسی زبان کو اختیار کئے ہوئے ہیں۔

9۔ ہندوستانی ثقافت کا غلبہ:

ہمارے معاشرے میں اپنے قومی و ثقافتی نمونے وقت کے ساتھ ساتھ محروم ہو رہے ہیں۔ اس کے برعکس دن بدن بدیسی ثقافت کا غلبہ ہو رہا ہے۔ خصوصاً ہندوستان کی ثقافت اور مغرب کی ثقافت سے ہمارے لوگ کچھ زیادہ ہی متاثر دکھائی دیتے ہیں۔ چونکہ زبان بھی ثقافت کا ایک اہم عامل ہے لہٰذا نہ صرف حکومتی سطح پر اسکو ذریعہ تعلیم اختیار کیا گیا ہے بلکہ معاشرے کے تمام پڑھے لکھے خواتین و حضرات بھی انگریزی لکھنے اور بولنے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ اس صورتحال نے ہمارے معاشرے میں طبقہ واریت کے ساتھ قومی ثقافت سے دوری کے رجحانات کو فروغ دیا ہے۔

10۔ مغربیت کو جدیدیت سمجھنے کی روش:

پاکستان میں انگریزی زبان کو بطور ذریعہ تعلیم اختیار کرنے کا ایک اہم محرک ہمارے ہاں عام طور پر مغربیت کو جدیدیت سمجھنے کی روش ہے اسی رویئے نے حکومتی اور عوامی سطح پر انگریزی زبان کو بطور ذریعہ تعلیم مقبول عام بنادیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پورے ملک کے گلی کوچوں میں خصوصاً پرائیویٹ سیکٹر

میں انگریزی زبان کا بورڈ لگا کر لوگوں کو گمراہ کیا جارہا ہے۔ یہاں اچھی تعلیم تو نہیں دی جاتی ہے۔ بلکہ بچوں سے انگلش میڈیم کے نام پر بھاری فیس لے کر خوب منافع کمایا جارہا ہے۔

پاکستان میں انگریزی زبان بطور ذریعہ تعلیم اس کے اثرات:

پاکستان میں بدیسی زبان انگریزی بطور ذریعہ تعلیم اختیار کرنے سے بالخصوص تعلیم میں اور بالعموم معاشرے میں جو اثرات مرتب ہورئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔

1۔ قومی یکجہتی پر ضرب:

بدیسی زبان کو قومی زبان کے مقابلے میں ترجیح دے کر اسے ذریعہ تعلیم بنانے کا سب سے برا اثر ہماری قومی یکجہتی پر پڑا ہے کیونکہ کسی بھی ملک و معاشرے میں قومی یکجہتی کا سب سے اہم عامل قومی زبان خیال ہوا کرتی ہے۔ ہمارے ارباب اقتدار نے شروع دن سے اس صورتحال سے آگاہی کے باوجود قومی زبان اردو کے مقابلے میں انگریزی کو ترجیح دے کر اسے نہ صرف ذریعہ تعلیم بنایا بلکہ دفتری زبان کا بھی درجہ دے کر ازخود قومی یکجہتی پر ضرب کاری لگادی ترقی یافتہ ممالک کی مثال سامنے ہے انہوں نے نہ صرف اپنی قومی زبان کو ذریعہ تعلیم بنا رکھا ہے بلکہ دفتری زبان بھی ان کی قومی زبان ہے۔

2۔ قیام پاکستان کے مقاصد پر اثر:

کسی بھی ملک میں قومی مقاصد کے حصول کے تحت تمام نظام ہائے زندگی تشکیل دیئے جاتے ہیں اور تعلیم کے وسیلے سے انہیں حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس تناظر میں جب ہم پاکستان کے قومی مقاصد کا جائزہ لیتے ہیں اور یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ کیا ہماری مروجہ تعلیم ان مقاصد کے حصول میں کامیاب ہوئی ہے تو اس کا جواب نہیں میں آتا ہے۔ کیونکہ قیام پاکستان کے بعد کسی بھی دور میں وطن عزیز کے مقاصد کی جب تشریح کی بات آئی ہے۔ تو وہاں اسلام اور اردو دو اہم عاملین کے طور پر ان مقاصد کی بنیاد نظر آتے ہیں۔ بدقسمتی سے وطن عزیز کے قیام کے بعد سے اب تک ارباب اقتدار نے انہیں دو عاملین کو سب سے زیادہ نظر انداز کر رکھا ہے۔ خصوصاً قومی زبان اردو کو نظر انداز کر کے اس کی جگہ بدیسی زبان انگریزی کو دی ہوئی ہے تعلیم کا ذریعہ بھی ہے یہ اور دفتری زبان بھی ہے جس کی بناء پہ قیام پاکستان کے مقاصد پر ضرب کاری پڑ رہی ہے۔

3۔ معاشرے کا چلن رخ پہ معزب:

انگریزی زبان کو ذریعۂ تعلیم اور دفتری زبان بنا کر قومی زبان کے مقابلے میں اسے اہمیت دینے کا

ہمارے معاشرے پر یہ اثر ہوا ہے کہ مغربی طرز زندگی اور طرز ثقافت کی تقلید ہمارے لئے فخر کی بات ہوگئی ہے۔ خصوصاً انگریزی زبان کو بنیاد بنا کر معاشرے میں طرح طرح کے تعلیمی ادارے نفع کمانے کے رجحان کے تحت قائم ہیں، جن کے پیش نظر کبھی بھی قومی مقاصد اور قومی ثقافتی ورثے کی نئی نسلوں تک منتقلی مقصود نہیں رہی جس کی وجہ سے معاشرتی طرز زندگی کے طور اطوار ہمارے معاشرے کے افراد کے کردار کا جزو بنے اور ہمارے افراد کو اس پر ماڈرن ہونے کا عزور بھی ہو رہا ہے۔ جو ایک اسلامی معاشرے کیلئے کسی بھی لحاظ سے زیر حلا حل اور تباہی کے سوا کچھ بھی نہیں۔

4۔ اسلامی ریاست کے تشخیص پر کاری وار:

پاکستان نظریہ پاکستان کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا اور نظریہ پاکستان دو قومی نظریہ کا پرتو ہے اور دو قومی نظریہ، نظریہ اسلام کی بنیاد پر استوار ہوا ہے، اس طرح اسلامی نظریہ حیات کی بنیاد پر نئی مملکت خدا داد پاکستان وجود میں آئی اور اس ریاست کے قیام میں اسلامی نظریئے کے ساتھ ساتھ برصغیر میں بولی جانیوالی زبان اردو نے بھی اہم کردار ادا کیا تھا۔ لیکن بد قسمتی سے ریاست کے قیام سے لیکر اب تک وطن عزیز میں ان دونوں عاملین کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا۔ ان میں کچھ تو حکومتی کوتائیاں ہیں اور کچھ دشمنوں کی سازشیں بھی۔ غرض کہ قومی زبان اردو نے برصغیر پاک وہند میں مسلم قومیت کی تشکیل اور مسلم ریاست کے قیام میں اہم ترین کردار ادا کیا تھا۔ وہ زبان قیام کے بعد ارباب اقتدار کیلئے اہمیت کی حاصل نہیں رہی اس کے برعکس بدیسی زبان کو سینے سے لگا کر نئی ریاست کی تعلیم کی ترویج اور کاروبار سلطنت کو چلانے کیلئے بروئے کار لائی گئی۔ جس کی وجہ سے پاکستان بطور اسلامی ریاست اس کے تشخیص پر ضرب پڑی اور ہماری ثقافتی مثالیات مجروح ہوئی۔

5۔ قومی زبان اردو کی اہمیت نظر انداز:

پاکستان میں انگریزی بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے سے سب سے زیادہ قومی زبان اردو پر اثرات مرتب ہوئے۔ ترقی یافتہ اقوام کی ترقی کا راز جاننے کی کوشش کرتے ہیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا اپنی قومی زبان کو ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے میں مضمر نظر آتا ہے، لیکن ہمارے یہاں اس کے برعکس سوچ پروان چڑھتی رہی ہے کہ انگریزی زبان کو بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کر کے ہی ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہوا جا سکتا ہے۔ اس صورتحال نے قومی زبان کی اہمیت کو گھٹا دیا ہے۔ اسی لئے قومی زبان نہ تو مکمل طور پر ذریعۂ تعلیم بن سکی اور نہ ہی اسے دفتری زبان کا درجہ ملا ہے، اسکے برعکس انگریزی کو ذریعۂ تعلیم کا درجہ بھی ملا ہے اور دفتری زبان کی حیثیت بھی۔ جس کی وجہ سے ہماری قومی زندگی میں کئی قومی مسائل پیدا ہوئے ہیں۔

6۔ مغربی طرز تعلیم کا فروغ:

بدیسی زبان انگریزی کو بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے سے ہماری تعلیم اور معاشرے میں جو سب سے بُرا اثر مرتب ہوا ہے وہ یہ کہ وطن عزیز میں معزبی طرز تعلیم کو فروغ ملتا رہا ہے۔ اس طرز تعلیم نے نہ صرف معاشرے میں لاتعداد مسائل اور بگاڑ پیدا کر دیئے ہیں بلکہ ہماری نوجوان نسلوں کو نظریہ پاکستان اور اسلامی سماجی اقدار سے کوسوں دور بھی کر دیا ہے۔ آج ہمارے معاشرے میں جو تضادات اور کشاکش نظر آتی ہے۔ یہ معزبی طرز تعلیم ہی کی بدولت ہے۔

7۔ معاشرے میں عدم توازن اور لسانی کشمکش:

کسی بھی معاشرے میں قومی زبان رابطے کی زبان ہونے کی وجہ سے معاشرے کے افراد میں بھائی چارہ اور استحکام کیلئے پل کا کردار ادا کرتی ہے۔ لیکن ہمارے یہاں انگریزی زبان کو ذریعۂ تعلیم اور دفتری زبان اختیار کر کے از خود ارباب اقتدار نے اپنے لئے اور قوم کیلئے مشکلات پیدا کر رکھی ہیں، بدیسی زبان کو اہمیت دینے کی بناپر معاشرے میں طبقہ واریت کو فروغ مل رکے ہے اور مختلف طبقات کے درمیان عدم توازن بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے۔ خصوصاً لسانی کشمکش کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلا چل رہا ہے، یہ لسانی کشمکش انگریزی اور اردو کے درمیان کبھی اردو اور علاقائی زبانوں کے درمیان چلتی رہی ہے جس نے افراد معاشرہ کو تقسیم کر رکھا ہے، جس کی وجہ سے پاکستان کی قومی وحدت پر ضرب کاری پڑ رہی ہے۔

8۔ معاشرے میں طبقاتی میلانات کا فروغ:

پاکستان میں انگریزی زبان کو بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے کا اثر یہ بھی ہے کہ اس سے نہ صرف تعلیم میں بلکہ عمومی لحاظ سے معاشرے میں بھی طبقاتی میلانات کو بھی فروغ ملتا رہا ہے، تعلیم میں انگلش میڈیم کمپری ہینسو اور سرکاری اسکول اس کی واضح مثال نظر آتے ہیں، دوسری طرف معاشرے میں ادنی طبقہ، درمیان طبقہ اور اعلیٰ طبقہ تینوں ہی اردو زبان کو نظر انداز کرنے اور انگریزی زبان کو اہمیت دینے کی وجہ سے نظر آتے ہیں۔

9۔ قومی وحدت کا عدم فروغ:

کسی بھی ملک و معاشرے میں قومی وحدت اور یکجہتی اور استحکام میں تین عاملین اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مذہب، نظریہ حیات اور قومی زبان بد قسمتی سے پاکستان میں نظریہ حیات اور قومی زبان کو شروع دن سے ہی قومی سطح پر نظر اندازی کا سامنا رہا ہے۔ اس وجہ سے پاکستان کی قومی وحدت ستر سال گزرنے کے بعد بھی پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ گر نہیں ہو سکی۔ بنیادی وجہ بدیسی زبان انگریزی کو بطور ذریعۂ

تعلیم اختیار کرنے اور اسے دفتری زبان کا درجہ دینا ہے۔

10۔ قومی ثقافت صرف نظر:

بدیسی زبان انگریزی کو بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کرنے کا سب سے زیادہ اثر ہماری تہذیب، ثقافت و تمدن پر ہوا ہے، ثقافت در حقیقت کسی قوم کی پختہ عادات، روایات، زبان سماجی رسوم ورواجات، اقدار، معاشرتی معاملات میں روحانی، عملی اور فنی معاملات کا نام ہے جو نسل در نسل منتقل ہوتا رہتا ہے اور اس منتقلی میں قومی زبان ہی میں کردار سرانجام دیتی ہیں، لیکن ہماری قوم نے انگریزی زبان کو بطور ذریعۂ تعلیم اختیار کر کے قومی ثقافت کے ارتقاء کو انحطاط پذیر کر رکھا ہے۔

حوالہ جات:

1. ڈاکٹر ابو بونیر صدیقی 'پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ: پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ' ایڈیٹر مسلم سجاد/ سلیم منصور، اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز۔1990۔ ص۔63۔
2. Fishman, J.A. Ferguson, C.A, Das Gupta, J.D.(Eds)"Language Problems of Developing Nations", New York: Wiley 1968. P 184.
3. Malik, F.J, "The Teaching of English in Pakistan" :A Study in Teacher Education, Lahore: Vanguard Books.1996 P.211
4. شیخ خلیل الرحمن رحمانی 'قومی زبان پاکستان اور یکجہتی: پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ' ایڈیٹرز مسلم سجاد/ سلیم منصور ،اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز۔1990۔ ص، ص52,59
5. Fazeel, A "The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan" Karachi: Pakistan Law House. 1997. P.P.276-298.
6. Government of Pakistan "New Education Policy 1978" Islamabad: Ministry of Education. 1978. P.P. 10-78.
7. Haque, A.R. "The Position and Status of English in Pakistan" World Language English, Vol.2, No.1, 1983. P.42.
8. پروفیسر محمد اسمعیل بھٹی 'انگریزی ذریعۂ تعلیم کے مضمرات: پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ' ایڈیٹرز مسلم سجاد/ سلیم منصور، اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز1990۔ ص۔ ص۔155-166۔
9. ڈاکٹر محمد ابراہیم خالد 'انگریزی ذریعۂ تعلیم اور پاکستان: پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ' ایڈیٹرز مسلم سجاد/ سلیم منصور، اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز1990۔ ص۔ ص۔141-154۔
10. نعیم صدیقی 'انگریزی زبان کی بالادستی: جمہوریت کے نام پر: پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ' ایڈیٹرز مسلم سجاد/ سلیم منصور، اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز1990۔ ص۔ ص۔167-172۔
11. ڈاکٹر انعام الحق کوثر 'قومی زبان اور یکجہتی کا مسئلہ: پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ' ایڈیٹرز مسلم سجاد/ سلیم منصور ،اسلام آباد انسٹیٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز1990۔ ص۔ ص۔77-84۔
12. پروفیسر خورشید احمد 'پاکستان میں ذریعۂ تعلیم اردو، انگریزی یا مادری زبان: پاکستان میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ' ایڈیٹرز مسلم سجاد/ سلیم منصور، اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز1990۔ ص۔ ص۔17-18۔

13. ڈاکٹر طاہر تونسوی 'اردو بطور ذریعۂ تعلیم اور اس میں اہلیت پیدا کرنے کے طریقہ ہائے کار: اردو بطور ذریعۂ تعلیم' ایڈیٹر سید روح الامین، لاہور: بیکن بکس 2006۔ ص۔ ص۔ 166-167۔
14. ڈاکٹر محمد صادق 'ہمارے نظام تعلیم میں انگریزی کا مقام: اردو بطور ذریعۂ تعلیم' لاہور: بیکن بکس 2006۔ ص۔ 111۔
15. ڈاکٹر محمد صادق 'ہمارے نظام تعلیم میں انگریزی کا مقام: اردو بطور ذریعۂ تعلیم' لاہور: بیکن بکس 2006۔ ص۔ 107-108۔
16. ڈاکٹر محمد اشرف خرم 'اردو بطور ذریعۂ تعلیم اس کے افادی پہلو: قومی نظام تعلیم مسائل اور حل' کراچی اردو اکیڈمی سندھ 1998۔ ص۔ ص۔ 71-72۔
17. ڈاکٹر خان ۔اے رحمان 'اردو میں سائنسی تدریس: اردو بطور ذریعۂ تعلیم' ایڈیٹر سید روح الامین، لاہور: بیکن بکس 2006۔ ص۔ ص۔ 114-121۔
18. Biswas, G "Language Policy in South Asia" in Mansoor, Meraj & Tahir (Eds), Language Policy, Planning & Practise: A South Asian Perspective" Karachi: The Aga Khan University and Oxford Press-2003. P.P. 304-342.
19. Cummins, J. "Linguistic Interdependence & Educational Development of Children": Review of Education Research" Vol.49, 222-51-1997. P.140.
20. Fishman, J.A, Cooper R.L, & Conrad, A.W. "The Spread of English: Sociology of English an Additional Language" Rowley, M.A: Newburg House.1979. P.174.
21. Sabina Mansoor, "Language Planning in Higher Education, A Case Study of Pakistan" Karachi. Oxford University Press. 2005.P.P.19-72

پروفیسر ڈاکٹر مزمل حسین
پرنسپل، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج کوٹ سلطان، لیہ
ڈاکٹر عنایت حسین لغاری
شعبہ سندھی، وفاقی جامعہ اردو، کراچی

سرائیکی تنقید.... ایک تحقیقی و تنقیدی جائزہ
SERAIKI CRITICISM AN INVESTIGATIVE AND CRITICAL STUDY

Abstract

Criticism is an important domain of literature and it is aptly stated that the creation of first rate literature is almost a dream in the absence of sound criticism. Seraiki poetry and folk literature are important constituents of Pakistani poetry and literature. Yet it is no less than a tragedy that standard criticism is not being written down in Seraiki which has given rise to the threat of the extinction of effective literature in Seraiki. This article comprises of an investigative and critical study of criticism and Seraiki criticism bringing forth the idea to produce criticism with reference to Seraiki dialect and stylistics in the light of the living landscape of Seraiki literature and culture.

شعر وادب کی دنیا سے اگر ''تنقید'' کو منہا کر دیا جائے تو شعری اور ادبی تفہیم کے دروازے بند ہو جائیں گے کیونکہ تفہیماتِ ادب اور تحقیق و تجزیہ کے لیے تنقید بنیادی حوالہ ہے۔ لیکن اسے صرف ادب کا حوالہ سمجھنا بھی صحیح نہیں۔ تنقید کی اپنی اہمیت ہے اور یہ اپنے طور پر خود ادب بھی ہے۔ گزشتہ دو صدیوں میں ادبیات کے میدان میں تنقید ایک بڑے ڈسپلن کے طور پر متعارف ہوئی ہے۔ تنقید، جستجو اور کاوش سے عبارت ہے۔ جس کی تحریک انسان کے فطری ذوقِ جستجو، تجسس اور نئی باتوں کی دریافت، حصولِ علم اور اپنے تجربات کو بیان کرنے کے جذبے سے ہوتی ہے۔ اس فکر اور قول کے پیش نظر مغربی نقاد آرنلڈ تنقید کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''دنیا میں اچھی سے اچھی باتیں سوچی اور معلوم کی گئی ہوں اور پھر ان کی جستجو اور کھوج کی ایک والہانہ خواہش کا عنوان ''تنقید'' ہے۔ چاہے اس کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبے سے کیوں نہ ہو۔''[۱]

اس لیے آسکر وائلڈ نے کہا تھا کہ:

''جس دور میں اچھی تنقید موجود نہ ہو اس عہد میں اچھا ادب تخلیق نہیں ہو سکتا۔''[۲]

اور پروفیسر آل محمد سرور نے اس بات کی مزید وضاحت اس طرح بیان کر دی کہ :

''اچھی تنقید محض معلومات ہی فراہم نہیں کرتی بلکہ وہ سب کام کرتی ہے جو ایک مؤرخ، ماہر نفسیات، ایک شاعر اور ایک پیغمبر کرتا ہے۔ تنقید ذہن میں روشنی کرتی ہے اور یہ روشنی اتنی ضروری ہے کہ بعض اوقات اس کی عدم موجودگی میں تخلیقی جوہر میں کسی شے کی کمی محسوس ہوتی ہے۔''[۳]

اس بحث سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ تنقید ادب عالیہ کی تخلیق میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ لیکن پاکستان کی علاقائی زبانوں میں بڑی تنقید کا فقدان ہے۔ جس سے یہ خطرہ پیدا ہو رہا ہے کہ یہاں عظیم شعر و ادب کا سلسلہ کہیں منقطع نہ ہو جائے۔

اس سوال کا جواب یہ بھی دیا جا سکتا ہے کہ انھی علاقائی زبانوں (پنجابی، سندھی، سرائیکی، بلوچی اور پشتو) میں وارث شاہ، سچل سرمست، خواجہ غلام فرید، مست توکلی اور خوشحال خان خٹک جیسے عظیم شاعر بھی تو پیدا ہوئے اور اس وقت تنقید اور تنقیدی افکار کا کسی بھی سطح پر چرچا نہ تھا۔ لیکن ایک بات ضرور تھی کہ ان زبانوں کی مالک قومیں تہذیبی اعتبار سے کامل اور پختہ تھیں اور وہ صدیوں سے اپنی الگ اور منفرد شناخت کے ساتھ زندہ تھیں۔[۴]

اس لیے ایلیٹ کے نزدیک :

''کلاسیک اس وقت وجود میں آتا ہے جب کوئی تہذیب کامل یا پختہ ہو چکی ہوتی ہے، اس کا ادب اور زبان کامل ہو چکی ہوتی ہے۔ کلاسیک حد درجہ مہذب اور ترقی یافتہ دماغ کا کارنامہ بھی تو ہوتا ہے جو اپنی تہذیب و زبان کی سب خوبیوں کو جامعیت کی صورت دے کر ان کو آفاقی درجہ دلا دیتا ہے۔ دماغ کی پختگی، زبان کی پختگی اور اسلوب کی آفاقی جامعیت ایک کلاسیک کے اوصاف ہیں۔''[۵]

اس تناظر میں وادی سندھ میں بسنے والی قومیں مکمل، سچی اور زندہ تہذیب کی رکھوالی تھیں۔ اس لیے یہاں خواجہ فرید جیسے شعراء نے لاجواب شاعری کی اور اپنا لینڈ سکیپ اسی دھرتی کو بنایا۔

خواجہ غلام فرید کو جو زبان ورثے میں ملی اس کے بارے میں یہ حقیقت مان لی گئی ہے کہ یہ زبان اسی دھرتی کی زبان ہے اور یہاں کے قدیم قبائل ''منڈا'' اور '' دراوڑ'' اس کے مالک اور محافظ تھے۔ اسلم رسول پوری اس زبان کے بارے میں مزید وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ :

''سرائیکی علاقہ اور سندھ میں کیہل، بھیل اور اوڈوں کی قدیم موجودگی بھی غیر آریائی آوازیں، لغت اور پیچیدہ قسم کی صوتی نحوی تبدیلیوں کی اس جدید نظریے کی حمایت کرتے ہیں کہ سرائیکی زبان یہاں کے قدیم مقامی باشندوں کی زبان ہے اور اس کی موجودہ صورت قریباً ایک ہزار سال پہلے وجود میں آچکی تھی۔ مسلمانوں کی ملی اور مذہبی زبانیں ہونے کے باوصف عربی اور فارسی نے اسے موجودہ شکل دینے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔''[۶]

لیکن اس زبان میں تخلیق ہونے والے شعر وادب کے اساسی موضوعات تصوف اور مذہب تھے۔ اس کی مثالیں ہم نور نامے، معراج نامے، مولود، لغت، پکی روٹی، اہل بیت سے جڑے مرثیے، اولیاء کرام سے وابستہ عقیدتیں اور قرآنی قصص کی بنیاد پر قصے کہانیاں اور لوک داستانوں میں لاتعداد روحانی حوالے سرائیکی شاعری کی شناخت ہیں۔ کالونیل اور پوسٹ کالونیل عہد میں مزاحمت اور موجودہ عہد میں جاگیر دارانہ ذہنیت، سرمایہ دارانہ رویے کے خلاف آوازیں اور دھرتی کے پس منظر میں اپنی قومی، لسانی شناخت اور محرومیوں کے اظہار کے نئے شعری اسالیب بھی سامنے آئے ہیں۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ سرائیکی زبان جو اپنے عقب میں طویل تاریخ اور بڑی تہذیب رکھتی ہے وہاں اس کے شعر وادب کی پرکھ کے لیے تنقیدی، افکار اور اسالیب نہ ہونے کے برابر ہیں اور میں اسلم رسول پوری کی اس بات کے ساتھ مکمل طور پر اتفاق کرتا ہوں، یہ بات انھوں نے اپنے ایک انٹرویو میں یوں کہی ہے:

''موجودہ سرائیکی ادبی تنقید زیادہ تر عملی ادبی تنقید ہے۔ نظری تنقید کا نسبتاً فقدان ہے۔ اس کے علاوہ یہ تنقید تاثراتی تنقید کے زمرے میں آتی ہے اور یہ ماضی یا آج کے مختلف ادبی نظریات سے نابلد ہے اور کہیں بھی ان کا اطلاق نہیں کیا گیا۔ اس لیے یہ زیادہ تر ایک ادھوری تنقید ہے جو قاری کو سوچنے اور سمجھنے کے عمل کو تحریک نہیں دیتی اور یہ عملی تنقید زیادہ تر شائع ہونے والی سرائیکی کتب کے جائزوں یا تبصروں پر مبنی ہوتی ہے یا پھر کسی لکھاری کے کام کا جائزہ۔ سرائیکی میں نظری تنقید پر کام کا رجحان بہت کم ہے۔ بعض تخلیقی لکھاری ابھی تک اردو سے اپنا دامن ہی نہیں چھڑا سکے اور وہ سرائیکی ادبی تنقید بھی اردو زبان میں لکھتے ہیں۔ ۷

یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح اردو کا نقاد آج تک اپنا دامن مغربی تنقید سے نہیں چھڑا سکا۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ کہ عالمی شعریات اور ادبیات کو جو فنی اور فکری توانائی ملی وہ اہل مغرب ہی سے ملی۔ ارسطو کی بوطیقا کے بعد ہوریس کے کچھ تنقیدی اصول، ان کے بعد رومیوں نے انتقاد کے فن میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ وسطی دور میں تنقید کے کئی شہ سوار سامنے آئے اور تنقید کے نئے مباحث کا آغاز ہوا۔ ان ناقدین میں لان جائی نس، کروچے، ولیم ورڈزورتھ، ایلیٹ، آرنلڈ، ڈرائیڈن، والٹر پیٹر، آئی اے رچرڈز، جانسن، شیلے، ساں بوا، سڈنی اور کولرج کے تنقیدی افکار آج بھی تروتازہ ہیں۔ ۸

لیکن اس کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ ہم اپنے فن کو ہر صورت انھی تنقیدی تصورات سے پرکھنے کی ضد کریں۔ ہمارے ہاں تنقید کا مشرقی تناظر بھی موجود ہے جو فارسی سے اردو میں منتقل ہوا، فارسی زبان کے ساتھ ساتھ عباسی عہد میں عربوں نے بھی تنقیدی افکار متعین کرنے میں زبردست کاوشیں کی تھیں جو آج زبانِ اردو میں ترجمہ ہو چکی ہیں۔ فارسی سے اردو میں آنے والی تنقیدی کتب: حدائق البلاغت، چہار مقالہ، عروض سیفی، اعجاز خسروی اور معیار الاشعار وغیرہ ہیں۔ ۹ ان کتب میں کہیں کہیں تنقیدی اصول

مطالعہ کیے جا سکتے ہیں۔ سرائیکی زبان میں آج تک شعر وادب کے اصولوں پر کوئی مبسوط کتاب نہیں لکھی گئی، جس کی وجہ سے تخلیق کار کی ذہنی تشکیل میں رکاوٹیں پیدا ہوئی ہیں کیونکہ کہا جاتا ہے کہ تخلیق اور تنقید کے مابین ایک بڑا رابطہ ہوتا ہے اور وہ یہ کہ یہ دونوں (تخلیق اور تنقید) ایک دوسرے کے لیے مشعل راہ ہوتی ہیں۔ اس بحث میں پڑے بغیر کہ ان دونوں میں کسے اولیت ہے اگر ہم ادب کی تاریخ کا جائزہ لیں تو پتا چلے گا کہ یہ دونوں صلاحیتیں ایک دوسرے کے فروغ کے لیے مدد ومعاون ہوتی ہیں۔

تنقیدی اصول ہمیشہ فنی تخلیقات کی بنیاد پر استوار ہوتے ہیں اور عظیم فن پاروں سے اخذ کیے جاتے ہیں۔ مگر ایک بار جب یہ اصول وضع کر لیے جاتے ہیں تو آئندہ فنی تخلیق کی رہنمائی کرتے ہیں۔ اس کی بڑی مثال ارسطو کی معروف کتاب ''بوطیقا'' ہے جس میں فن کے جو اصول پیش کیے گئے تھے، وہ انھوں نے یونان کے بڑے ڈرامہ نگاروں کو سامنے رکھ کر وضع کیے تھے۔ لیکن ارسطو کی ''بوطیقا'' صدیوں تک تخلیق فن کے لیے مشعل راہ بنی رہی اور آج بھی سند کے طور پر مانی جاتی ہے۔

بعض دفعہ اس کے برعکس بھی ہوتا ہے۔ انگلستان میں سڈنی کی تنقید کے اخلاقی اور اصلاحی پہلو سے متاثر ہو کر دورِ ایلزبیتھ کے مشہور شاعر سپنسر نے اپنی کتاب، فیری کوئین لکھی۔ اسی تناظر میں اردو ادب کی مثال دیکھ لیں تو محمد حسین آزاد کے لیکچر اور الطاف حسین حالی کا مقدمہ شعر وشاعری، اردو شاعری کی ایک انقلابی رو کی بنیاد ٹھہرے اور دیکھتے ہی دیکھتے اردو شاعری کی دنیا میں فکری اور اسلوبیاتی سطح پر ایک انقلاب آگیا اور ان کے (آزاد، حالی) تنقیدی تصورات کے ذریعے اردو شاعری میں موضوع، فن اور تیکنیک کی نئی راہیں متعین ہو گئیں اور اس طرح اردو زبان میں نئے افکار اور نئے اسالیب متعارف ہوئے اور انھوں نے آنے والی پوری اردو شاعری کا مزاج بدل کر رکھ دیا۔[1]

ایلیٹ کا اہم خیال یہ ہے کہ ہر نسل اپنی تنقید کا نظام خود پیدا کرتی ہے۔ ہر نسل کا تہذیبی مزاج الگ ہوتا ہے۔ اگرچہ وہ اپنے ورثے میں علمی وادبی روایت کے ساتھ تاریخی شعور بھی لے کر آتی ہے اور یہ بات ہر شخص جانتا ہے کہ روایت، جذبات واحساسات کے اظہار کے اس تسلسل کا نام ہے جو ہر عہد کی سماجی، تہذیبی اور شعری تبدیلیوں سے متاثر ہو کر بھی اصل سے جدا نہیں ہوتی۔ جدید سرائیکی شاعری کا بڑا المیہ یہ رہا ہے کہ اس کا اپنے کلاسک سے رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ اردو کی مغلوبیت نے اسے ''کافی'' کے باطنی احساس سے بالکل الگ کر دیا ہے۔

سرائیکی شاعری کے گزشتہ تناظر میں گیت، ماہیا، ٹپا، سمی، دوہڑا اور کافی اپنی تمام تر جولانیوں کے ساتھ موجود ہیں مگر آج کے سرائیکی شاعر نے نظم معریٰ، آزاد نظم، نثری نظم، غزل، ہائیکو کے تتبع میں سرائیکی شعری روایت کو بالکل نئے آہنگ سے قبول کر کے اپنی شعری روایت سے منہ موڑ لیا ہے۔ اب اس کی علامتیں، استعارے، تلازمے، کنائے، اشارے اور تشبیہیں سرائیکی لینڈ سکیپ کی بجائے کہیں

اور سے کشید ہونے لگی ہیں، یہی حال سرائیکی نثر بالخصوص ''سرائیکی تنقید'' کا ہے۔ سرائیکی ادب کا بڑا المیہ یہ ہے کہ یہاں تنقید کا نام و نشان تک نہیں۔ ہم عزیز شاہد، اشو لعل اور رفعت عباس کو کب تک سرسری تجزیوں اور تبصروں سے پرکھتے رہیں گے۔ ان جیسے شعراء کے ذہنی ارتقاء اور ان کے استعاراتی نظام کو سمجھنے کے لیے سطحی علم ناکافی ہے۔

عزیز شاہد پورے وسیب کا شاعر ہے۔ اس کے ماحول کو سمجھے بغیر ان کی تحلیل نفسی ناممکن ہے۔ اشو لعل کو تھلوچی تہذیب اور سندھو ثقافت کے تناظر میں لے کر ہی '' ڈی کوڈ'' کیا جا سکتا ہے اور رفعت عباس کی شاعری کو چناب کی لہروں اور گرد و نواح کے فطرتی لینڈ سکیپ کی گہرائی میں جا کر ہی سمجھا جا سکتا ہے۔ ہم عجیب لوگ ہیں تنقیدی ادبی اور شعری مباحث کو سمجھے بغیر شاعری کیے جا رہے ہیں۔ اور جب اپنے شعراء کی شاعری کو قارئین کے سامنے پیش کرنا ہوتا ہے تو اردو میں ہی پڑھے گئے تبصروں اور تجزیوں کے پس منظر میں محدود مطالعے کے زور پر دو چار سطریں لکھ دیتے ہیں اور بغلیں بجاتے ہیں کہ ہم نے فلاں شاعر کا تنقیدی تجزیہ پیش کر دیا ہے۔

اردو کے مقابلے میں سرائیکی زبان و ادب کا یہ امتیاز ہے کہ اس کے عقب میں بڑی تہذیب، بڑی شعری روایت، تاریخ، اساطیر اور لوک ادب موجود ہے۔ ہمارے شعراء کی ایک بڑی کھیپ اس تناظر سے نابلد ہے۔ وہ اپنی علمی، ادبی اور شعری روایت کو اپنے اساطیر اور لوک ادب سے وابستہ کرتے ہی نہیں۔ اسی طرح سرائیکی تنقید ہے۔ ہم نے چند جملے مغربی ناقدین کے رٹے ہوئے ہیں اور انھی جملوں کے آغاز سے تنقیدی مطالعات کرتے رہتے ہیں۔

مذکورہ بالا تینوں شاعروں کے ہاں سرائیکی وسیب کی ریتیں، روایتیں، اساطیری حوالے اور لوک ادب سے ماخوذ شعری علامتیں دکھائی دیتی ہیں۔ انہی علامتوں کی موجودگی نے ان شعراء کو تخلیقی ادائیں بخشی ہے کیونکہ سرائیکی وسیب کا مجموعی احساس، جس میں محرومیوں کی نشاندہی بھی ہے۔ لطیف جذبات و احساسات کا اظہار بھی ہے جن میں پورا وسیب جیتا جاگتا دکھائی دیتا ہے۔ اگر آج کے سرائیکی نقاد نے اپنی شاعری کو اس پس منظر میں پیش نہ کیا تو پھر آنے والی نسلیں تھل، دمان، روہی اور اپنے پورے لوک ادب اور لینڈ سکیپ سے ناآشنا رہیں گی۔[11]

گزشتہ صدی میں رومانیت، مارکسزم، وجودیت اور دیگر علوم فنون اور کسی حد تک سائنس کی متنوع تھیوریز نے عالمی ادبیات کو متاثر کیا اور شعری اور نثری اسالیب نئے سرے سے متعین ہوئے اور آج کی بحث میں ساختیات، جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے مباحث نے عظیم فنکاروں کو ''ڈی کوڈ'' کیا ہے۔ اگرچہ سرائیکی زبان جو اس وقت عظیم شاعری قارئین کو دے رہی ہے اس کی تفہیم کے لیے مذکورہ مباحث سے استفادہ نہیں کیا جا رہا۔ عالمی سطح پر ''مین سٹریم'' میں شامل ہونے کے لیے ''مقامیت''

سے بہت آگے جا کر خود کو منوانے کا عمل تو ابھی شروع ہی نہیں ہوا تو پھر بڑی تخلیق کی حوصلہ افزائی کس طرح ہو گی؟

شاید یہ المیہ پاکستان کی تمام علاقائی زبانوں کا مقدر بن کر رہ گیا ہے۔ ہماری جامعات جہاں ایم۔ اے، ایم۔ فل، اور پی۔ ایچ ڈی کی سطح کی تحقیق ہو رہی ہے وہاں بھی چور دروازوں سے ''کاغذ کے پرزے'' جن پر ڈگری کا عنوان درج ہوتا ہے، برابر تقسیم ہو رہے ہیں۔ شخصیات پر مقالے لکھوانے کی بجائے علمی اور فلسفیانہ موضوعات پر کام ہونا چاہیے۔ مثلاً ڈاکٹر اشو لعل کی شاعری کا ساختیاتی مطالعہ یا لسانیاتی اور نفسیاتی مطالعہ وغیرہ۔ اسی طرح سرائیکی کے لوک ادب کا جدیدیت کے تناظر میں تحقیق اور تنقید یا سرائیکی شاعری کا اساطیری مطالعہ وغیرہ۔

بلاشبہ زبان و ادب کا ارتقاء ریاستی سرپرستی کے بغیر سست روی کا شکار ہو جاتا ہے اور ہمارے ہاں یہ خلا موجود ہے لیکن ریاست سرائیکی شعبہ جات کے کام میں رکاوٹ تو نہیں اور نہ ہی انفرادی سطح پر کسی طاقت نے ہمارا ہاتھ روک رکھا ہے کہ ہم ادبی مطالعات کو مختلف افکار اور نظریات کی روشنی میں آگے نہ بڑھائیں؟ تخلیق کے لیے وجدانی ذوق ناگزیر ہے مگر تنقید کے لیے ذوق کے ساتھ گہرے مطالعے، تاریخی شعور اور اپنی علمی ادبی اور شعری روایت سے آشنائی بھی لازم ہے، نہیں تو ہم سطحی اور سستے مذاق سے عبارت تبصرے اور تجزیے ہی پڑھتے رہیں گے اور اپنی شاعری کو کوئی بڑی اور ٹھوس علمی بنیاد فراہم نہیں کر سکیں گے۔

سرائیکی زبان میں اب تک صرف ایک تنقیدی دبستان متعارف ہوا ہے اور یہ دبستان بھی کسی مربوط صورت میں موجود نہیں کیونکہ دبستان کا یہ صرف ''واہ'' کا پہلو ہے۔ یہ تاثراتی تنقید کا سب سے کمزور پہلو ہے جس کی بدولت ناپختہ شاعر بھی خود کو خواجہ فرید سمجھنے لگے ہیں۔

اس لیے سرائیکی لکھاریوں کو اپنے تخلیقی ورثے کی حفاظت کے لیے معاصر عالمی تنقید سے روشنی لینا پڑے گی اور پھر اس عالمی تنقید کو وسیبی علمی، شعری اور ادبی حوالوں سے منسلک کر کے سرائیکی شعر و ادب کو ''ڈی کوڈ'' کر کے بڑی تخلیقات کے لیے نئی راہیں متعین ہونے کے اسباب پیدا کرنے ہوں گے۔ اب سرائیکی ادب کے نقاد کو اپنے اندر اعتماد پیدا کرنا پڑے گا اور ''اردو زدہ'' نثر یا تنقید کی بجائے سرائیکی لہجے اور اسالیب میں بڑی تنقید لکھنی ہو گی، نہیں تو ہمارے ہاں بڑی تخلیق کے دروازے ہمیشہ کے لیے بند ہو جائیں گے۔

حوالہ جات

۱۔ اورنگ زیب نیازی، ڈاکٹر، پاکستان میں اردو تنقید، ملتان: بیکن بکس، ۲۰۱۵، ص، ۴
۲۔ بحوالہ، علی محمد خان، ڈاکٹر، اشفاق احمد ورک، ڈاکٹر، اصناف نظم ونثر، لاہور: الفیصل ناشران، ۲۰۱۴، ص ۳۰۶
۳۔ ایضاً، ص ۳۰۶
۴۔ مزمل حسین، ڈاکٹر، نثریات، لیہ: آرٹ لینڈ، ۲۰۱۵، ص ۷۶
۵۔ اسلم رسول پوری، سرائیکی ادب وچ معنی دا پندھ، رسول پور: سرائیکی پبلی کیشنز، ۲۰۱۴، ص ۱۱۱
۶۔ اسلم رسول پوری کا انٹرویو مشمولہ، پیلوں، مدیر انوار احمد، ملتان، جولائی تا ستمبر ۲۰۱۵، ص ۳۳۱
۷۔ بحوالہ، علی محمد خان، ڈاکٹر، اشفاق احمد ورک، ڈاکٹر، اصناف نظم ونثر، ص ۳۰۷
۸۔ ایضاً ص ۳۰۷
۹۔ سجاد باقر رضوی، ڈاکٹر، مغرب کے تنقیدی اصول، اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۹۴ء، ص ۷، ۶
۱۰۔ مزمل حسین ڈاکٹر، نثریات، ص ۹۷
۱۱۔ ایضاً، ص ۱۱۵

ڈاکٹر سمیرا بشیر
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو
وفاقی جامعہ اردو، مولوی عبدالحق کیمپس، کراچی

"اُداس نسلیں"۔ ایک تنقیدی مطالعہ

"UDDAS NUSLAIN": A CRITICAL STUDY

Abstract

"Uddas Nuslain" is a famous novel of Abdullah Hussain in which he has narrated the political and historical events accruing between 1914-1947. In the four chapters, Abdullah Hussain has written an account of the British India and the partition of India, and in conclusion he has depicted the effects of these of these political changes on the different classes of people and their participation or aloofness in these circumstances. Through Naeem's character, A. Hussain has represented those characters who have struggled hard for the safeguard and solidarity of the country at the risk of their own lives. But even then, they have been unsuccessful.

Whereas, on the other hand, Roshan Agha and his family has been rewarded with all the luxuries for being faithful to the British. In spite of having achieved independence, the class system and injustices could not be overcome. Hence forth the country was changed but the system could not be changed. A. Hussain has conveyed this very message that people who put forth effort and end angered their lives were not the ones who received the benefits, they were others. These people were victimised and crushed and never achieved their goals and infect they are the disappointed and thwarted people the "Udas Naslein" of the society.

"اُداس نسلیں" عبداللہ حسین کا طویل اور مشہور ناول 1962ء میں شائع ہوا۔ جس میں انھوں نے 1914ء سے 1947ء تک کے تاریخ اور سیاسی واقعات کو بیان کیا ہے۔ جس پر ڈاکٹر سلیم اختر نے یوں تبصرہ کیا ہے۔

عبداللہ حسین کا طویل ناول ایک عجوبہ ہے۔۔۔۔ عبداللہ حسین نے وسیع کینوس پر زندگی کا مشاہدہ کیا۔۔۔ اداس نسلیں انگریزی میں The Wearing Generation (لندن ۱۹۹۹) کے نام سے

چھپ چکا ہے۔

ناول چار حصوں پر مشتمل ہے۔ ناول کا پہلا حصہ "ہندوستان" دوسرا" برٹش انڈیا" تیسرا" بٹوارا" اور چوتھا" اختتامیہ" کے عنوان سے بیان کیا گیا ہے۔ ان چار حصوں میں ناول نگار نے جنگِ عظیم اول، جنگِ عظیم دوم، تحریکِ پاکستان، تقسیمِ ہند، ہجرت اور قیام پاکستان کے بعد کے حالات کو بیان کیا ہے۔

طویل ناول ہونے کی وجہ سے ناول کا پلاٹ وسیعاور پھیلا ہوا ہے۔ کئی جگہ غیر ضروری طوالت کی وجہ سے ناول کی فنّی اہمیت پر برے اثرات پڑے ہیں۔ خاص طور پر ناول کے پہلے دو حصوں میں انھوں نے ایسے واقعات بھی بیان کر دیئے ہیں۔ جن کا ناول کے اصل موضوع سے کوئی تعلق نہ تھا۔

"۔۔۔اس کی قدر و قیمت کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے یہ اختلاف دراصل اس کی طوالت کی بناء پر پیدا ہوا۔ بعض لوگ محض طوالت سے مرعوب ہو کر اسے عظیم بھی تسلیم کر لیتے ہیں۔ بعض لوگوں کے نزدیک طوالت ہی اس کا بڑا عیب ہے"۔ ۲

مثلاً جب عبداللہ حسین "روشن پور" کا ذکر کرتے ہیں تو دیہاتی ماحول کی ایک ایک بات تفصیل سے بیان کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ بھینس کی جگالی یا دوسرے جانوروں کی حرکات و سکنات کو اس انداز سے ذکر کرتے ہیں جیسے وہ ناول کے مرکزی کردار ہوں۔

"بھوری بھینس کا زخم کھلوا کر دیکھا اور اپنے سامنے جانوروں کے رکھوالے سے اس پر ہلدی اور سرسوں کے تیل کی پٹی کرائی"۔ ۳

"بیلوں کے نتھنے پھڑ پھڑائے، مونچھیں ہوا میں لہرائیں اور وہ ایک جھٹکے کے ساتھ دوڑ پڑے گا"۔ ۴

اسی طرح ۱۹۱۹ء میں جلیاں والا باغ کے الم ناک حادثے کو ایک مچھیرے کے کردار کے ذریعے بیان کرنے میں عبداللہ حسین بری طرح ناکام ہو گئے ہیں۔ مچھیرے نے اس انداز سے واقعے کو بیان کیا اصل واقعے کی جگہ دوسری تفصیلات نمایاں ہو گئیں ہیں۔

اگرچہ ناول کے پہلے اور دوسرے حصے کے مقابل میں ناول کے تیسرے اور چوتھے حصے میں ہجرت اور قیامِ پاکستان کے بعد کے حالات کو متاثر کن انداز میں بیان کیا ہے، لیکن اس کے باوجود بعض واقعات یا جز ایسے بھی ہیں جو غیر ضروری ہیں۔

بقولِ ڈاکٹر عبدالسلام: "اس ناول میں بہت سے Episodes ایسے ہیں جو پورے طور پر قصہ کا جز و نہیں بن پائے اور پیوند کی طرح اوپر سے چپکائے ہوئے نظر آتے ہیں"۔ ۵

اسی خیال کو اسلم آزاد نے اس طرح بیان کیا ہے:

"ناول نگار کے اپنے بیانات مکالموں سے زیادہ ہیں دراصل ان بیانات کی حیثیت پیوند کی سی ہے"۔ ۶

ناول کے اسلوب کا جب جائزہ لیں تو جو چیز سب سے نمایاں ہے وہ مقامی زبانوں کے اثرات ہیں۔ مثلاً: "کلکتے میں بیائی پھاگن تک کرتے رہتے ہیں۔"۷

"کل بھاپے کے ساتھ جاٹ نگری جارہی ہوں۔" ۸

ناول میں جب شہر کے ماحول یا روشن محل کا ذکر کیا ہے تو شہری زندگی کے طور طریقے، رکھ رکھاو اور پر تکلف گفتگو کو بیان کیا ہے: "آپ خفا تو نہیں ہوئے، میں نے آپ سے مذاق کیا ہے۔"۹

"۔۔۔ یہ تقریب اس سلسلے میں تھی کہ آج سے بابا (روشن آغا) کہلائیں گے۔"۱۰

ناول کا ایک کم زور پہلو ناول نگار کا انسانی کرداروں کی حرکات و سکنات کو جانوروں سے تشبیہ دے کر بیان کیا گیا ہے: "ڈرے ہوئے کتّے کی طرح دانت نکال کر وہ چیخا اور بھاگ اُٹھا"۔۱۱

"اس کا چہرہ میلے سنولائے ہوئے رنگ کا تھا جیسے گھوڑے کی لید کے اُپلوں کا ہوتا ہے"۔۱۲

ناول میں کئی جگہ فحش گالیاں اور جنسی مناظر کی بھی تصویر کشی کی گئی جس کا ناول کے اصل موضوع سے دور کا بھی تعلق نہ تھا۔

"اس ناول کی ایک بات۔۔۔ کھٹکتی ہے وہ تذکرہ جنس کی تفصیلات بھی ہیں اور کھلی کھلی گالیاں بھی۔ ممکن ہے حقیقت نگاری کا تقاضا پورا کرنے کی خاطر مصنف نے یہ انداز اختیار کیا ہو مگر انھوں نے یہ نہیں سوچا کہ اس طرح ادبیت کا خون ہوتا ہے"۔۱۳

اس خیال کی تائید اسلم آزاد نے ان الفاظ میں کی ہے:

"۔۔۔ لیکن کہیں ایسی فحش گالیاں لکھ دی ہیں جن کی وجہ سے حسن واثر ماند پڑ گئے ہیں"۔۱۴

ان تمام خامیوں کے علاوہ ناول کے پلاٹ کی کئی خوبیاں بھی ہیں۔ ناول میں ایسے واقعات بیان کیے گئے ہیں جس سے برِ صغیر کے تاریخی اور سیاسی حالات کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ جیسے جنگِ عظیم اول کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ: "۴اگست ۱۹۱۴ کو جنگ کا اعلان کیا گیا"۔۱۵

۱۹۱۹ میں جلیاں والا باغ کے المناک واقعہ کو اگرچہ نہایت بچکانہ طریقے سے بیان کیا گیا ہے لیکن ان کی اس خوبی سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ انھوں نے اس واقعے کی اہمیت کا خیال رکھا۔ ناول کے موضوع کو مدِ نظر رکھتے ہوئے عبداللہ حسین نے تحریکِ پاکستان کے دوران پیش آنے والے اہم واقعات کو اچھے انداز میں پیش کیا ہے۔

"انقلاب زندہ باد۔" کئی ہزار لوگ چلائے۔ وہ مڑ کر کھڑا ہو گیا۔ مختلف قسم کے نعروں کا شور اس کے کانوں میں آرہا تھا: "انقلاب زندہ باد۔۔۔ اکھنڈ ہندوستان زندہ باد، حکومت برطانیہ مردہ باد۔ پاکستان زندہ باد"۔۱۶

سائمن کمیشن کے خلاف مظاہرین کے احتجاج کو بھی بخوبی بیان کیا گیا ہے۔ ہزاروں انسانی سروں

کے اوپر جگہ جگہ چھوٹے بڑے سیاہ جھنڈے لہرا رہے تھے اور ہجوم میں بار بار تین انگریزی الفاظ کی پکار اُٹھ رہی تھی" Simon, go back۔۔۔ انھیں اس جذبے سے دہرائے جا رہے تھے جیسے ان کی سیکڑوں برس کی مشقت اور غربت کا انعام انھی تین لفظوں میں پنہاں تھا"۔۱۷

تقسیمِ ہند کے اعلان کے ساتھ ہی ہندوستان اور پاکستان کے لوگوں نے ہجرت کرنا شروع کر دی۔ جیسا کہ انھوں نے ناول میں اس کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

"دن میں ایک آدھ گاڑی ان کے بھائی بندوں کی ہندوستان سے وارد ہوتی اور تقریباً اتنے ہی لوگ ہندوستان جانے کے لئے یہاں سے گاڑیوں میں سوار ہوتے یا شمال کی طرف سے گاڑیوں میں بھر کر آتے اور روانگے کی سرحد کی طرف نکل جاتے"۔۱۸

ناول کی فضا پر عبداللہ حسین نے سب سے زیادہ توجہ دی ہے۔ واقعہ چاہے دیہاتی زندگی کا ہو یا شہری زندگی کا، جنگِ عظیم کا ذکر ہو یا تحریکِ پاکستان، ہجرت یا پاکستان کے ابتدائی مسائل پر بحث ہو۔ انھوں نے ہر موقع کے ماحول اور فضا کو گہرے مشاہدے کے ساتھ بیان کیا ہے:

" کھیتوں سے چلتا ہوا وہ اس جگہ پہنچا جہاں شیشم اور کیکر کے ذخیرے کے گرداگرد جگہ جگہ سے ٹوٹی کچی دیوار کھنچی ہوئی تھی"۔۱۹

شہری زندگی کے رکھ رکھاو کو انھوں نے اس طرح بیان کیا ہے:

" ۔۔۔ نیپکن ساری میزوں پر رکھے تھے اور سفید وردیوں والے بیرے آخری انتظامات میں مصروف تھے"۔۲۰

جنگِ عظیم اول و دوم کے دوران معاشرے میں جو تبدیلیاں آئیں اور میدانِ جنگ میں فوجیوں کو جن جن مسائل کا شکار ہونا یا جن سختیوں کو برداشت کرنا پڑا وہ سب حالات اس ناول میں موجود ہیں۔

انگریزوں نے جنگِ عظیم سے پہلے روشن پور کے بیش تر جوانوں کو انگریز فوج میں بھرتی کر لیا تھا ان کی غیر موجودگی میں روشن پور میں جو تبدیلیاں آئیں اسے عبداللہ حسین نے بیان کر کے ناول کے فن اور حقیقت نگاری کے عنصر پر مثبت اثرات ڈالے ہیں۔

"۔۔۔ان برسوں میں روشن پور کے بیسوں نوجوان اجنبی سرزمینوں میں ہلاک ہو گئے تھے۔ جنگ کے میدانوں میں بکھرے ہوئے ان کے مضبوط، مضبوط جسم تیز دھوپ میں بخارات بن کر اڑ گئے اور نئے سیلابوں، نئی آندھیوں اور طوفان نے ان کی ہڈیاں زمین مین دبا دیں۔ بیسوں عورتیں بیوہ ہو گئیں اور لڑکیاں محبت میں غریب ہو گئیں۔ روشن پور کی زمینوں میں سیلاب آئے اور فصلیں تباہ ہو گئیں اور کسان قرضے اور بھوک کے نیچے جھک گئے۔ جانور بیماری سے مر گئے یا بھوکے کسانوں نے کاٹ کر کھا لیے"۔۲۱

تحریکِ پاکستان سے جہاں ہندوستان کے سیاسی حالات میں تبدیلی آئی وہاں عام لوگ بھی یقین اور غیر یقینی کی صورتِ حال سے دوچار ہو گئے۔ اس نفا نفسی اور بے چینی کی ناول نگار نے بہت وضاحت اور سچائی کے ساتھ بیان کیا ہے:

"۔۔۔ ملک کی دونوں بڑی پارٹیوں، کانگریس اور مسلم لیگ کے لیڈر ولّی میں جمع تھے اور وائسر اے ماونٹ بیٹن سے ملنے میں مصروف تھے۔ ہر طرف عجیب افراتفری کا عالم تھا ملک کے مستقبل کے متعلق ہر کوئی اپنی سی پیش گوئی کر رہا تھا، لیکن ہر کوئی اپنی اپنی جگہ مکمل بے یقینی اور بے اعتمادی کی حالت میں تھا۔ روزانہ زندگی کا ہر کاروبار معطل ہو چکا تھا۔ ملک کے بٹوارے کی خبریں گرم تھیں اور لوگ ایک جان گسل درمیانی وقفے سے گزر رہے تھے۔ چالیس کروڑ ہندوستانیوں پر ابتری کا وہ دور تھا کہ پہلے کبھی نہیں تھا"۔ ۲۲

تقسیم ہند کے فیصلے کے ساتھ ہی ہندو مسلم فسادات شدّت اختیار کر گئے اور لوگ ہجرت کرنے پر مجبور ہو گئے۔ فسادات اور ہجرت کے دوران لوگوں کو جانی و مالی نقصان اُٹھانا پڑا۔ یہ تلخ حقیقت اس ناول کے آخری دو حصوں میں نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔

"اسی روز قافلے پر پہلی بار حملہ ہوا۔ حملہ آور ہندو اور سکھ تھے جو کلھاڑیوں، بلّموں، تلواروں اور رائفلوں سے مسلح تھے۔ قافلے والے بہت سے مردہ اور زخمی چھوڑ کر آندھی کی طرح بھاگے"۔ ۲۳

۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو جہاں مسلمانوں کو آزادی کی خوشی حاصل ہوئی وہیں انھیں حادثات کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ نئے ملک میں انھیں ہر طرح کی آزادی تو حاصل تھی لیکن اس منزل تک پہنچتے پہنچتے جسمانی اور روحانی طور پر زخمی ہو چکے تھے اور ان کی معاشی حیثیت بھی بالکل تباہ ہو چکی تھی۔ ناول میں اس حقیقت کا اظہار اس طرح کیا گیا ہے:

"سارے پلیٹ فارم بے گھر لوگوں سے اٹے پڑے تھے جو اپنے پھٹے پرانے بستر بچھائے اندر اور باہر ہر جگہ لیٹے تھے۔ سو رہے تھے۔۔۔ جو ہمت والے تھے، پیٹ بھرنے کے لئے مزدوری کرتے، بھیک مانگتے یا چوری کرتے، باقی کبھی کبھار اُٹھ کر ریلوے کے نل سے پانی پی لیتے اور سارا وقت پڑے رہتے"۔ ۲۴

طویل ہونے کی وجہ سے ناول میں کرداروں کی بھی بھرمار ہے، لیکن ان میں روشن، علیم، نعیم، عذرا کے کردار نمایاں ہیں، پرویز، نجمی، علی اور عائشہ کے کردار ثانوی حیثیت رکھتے ہیں۔

روشن آغا کے کردار سے ناول کی کہانی شروع ہوتی ہے۔۔۔ جنگِ آزادی ۱۸۵۷ کے دوران روشن علی نے ایک زخمی انگریز فوجی کو اپنے گھر میں پناہ دی تھی۔ جنگِ آزادی میں کامیاب ہونے کے بعد انگریزوں نے روشن علی کو انعام و اکرام سے نوازا اس کی سماجی اور معاشی حیثیت کو بالکل بدل دیا کرنل جانسن نے روشن علی کو خلعت عطا کی اور کہا کہ:

" ۔۔۔ جاواور جاکر جتنی زمین جہاں سے چاہو گھیر لو۔۔۔ اس کے ایک فیاض انگریز حاکم نے۔۔۔ نواب روشن علی خان کو "آغا" کالقب عطا کیا"۔ ۲۵

روشن آغا کے انتقال کے بعد ان کے بیٹے غلام محی الدین کو "روشن آغا" کالقب دے دیا گیا اور اس نے بھی ہر موقع پر انگریزوں کی حمایت کی۔ جنگِ عظیم اول کے موقع پر روشن آغا نے روشن پور کے لوگوں کو انگریز فوج میں شامل ہونے پر زور دیا۔ جنگ کے دوران روشن پور کے فوجیوں نے بڑے سچے جذبے سے مخالف فوج کا مقابلہ کیا۔ روشن آغا اور ان کے گھر کے تمام افراد کے لئے تمام سیاسی لیڈر ایک سے تھے مسلم لیگ یا کانگریس کے سیاسی افکار سے انھیں کوئی دل چسپی نہ تھی ان کا شوق اعلی عہدے داروں سے تعلقات بڑھانا اور انگریزوں کی خوشنودی کے لئے سر گرداں رہنا تھا۔

" یہ لوگ ملک کی متوازی سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھتے تھے اور اپنے آپ کو "لبرل" کہہ کر پکارتے تھے"۔ ۲۶

تحریکِ پاکستان سے روشن آغا کو کوئی دل چسپی نہ تھی، لیکن ملک کی تقسیم کے بعد جب ہجرت کرنے کا وقت آیا تو انھیں اپنی جائیداد، صدیوں پرانے ملک اور اپنے گھر "روشن محل" کو چھوڑنا پڑا۔ حالات اس قدر بدل چکے تھے کہ انگریزوں سے اثر ورسوخ اور مراسم کی بھی اب کوئی اہمیت نہ رہی۔ اس کے باوجود "روشن آغا" گھر والوں کے ساتھ ہجرت کرنے کے بجائے روشن محل میں اپنے ملازم کے ساتھ رہے۔

" شام تک روشن محل کے تمام نوکر غائب ہو گئے۔۔۔ صرف حسین وفاداری سے۔۔۔ بیٹھا رہا رات سے پہلے پہلے روشن محل کو آگ لگا دی گئی۔۔۔ روشن آغا اور حسین پچھلے دروازوں سے جان بچا کر بھاگے"۔ ۲۷

ہجرت کے بعد روشن آغا اور اس کے گھر والے لاہور کی کوٹھی میں منتقل ہو گئے۔ محمد بیگ، نیاز بیگ اور ایاز بیگ کے کرداروں کی اہمیت روشن آغا کے دوست اور نعیم کے خاندان کے افراد کی وجہ سے ہے۔

محمد بیگ روشن علی (روشن آغا) کے عزیز ترین دوست تھے۔ جب انھیں انگریزوں کی طرف سے جائیداد ملی تو روشن آغا نے محمد بیگ کو نیا گھر بنا کر دیا اور اپنی زمینوں میں سے پچاس مربع بھی دیے۔ محمد بیگ کے مرنے کے بعد اس کی جائیداد نیاز بیگ اور ایاز بیگ کو مل گئی، لیکن ایک جرم میں نیاز بیگ کو بارہ سال قید بامشقت کی سزا ہو گئی۔ سزا کے طور پر انگریز حکومت نے ان کے زمینوں کا بیش تر حصہ بھی ضبط کر لیا ان حالات سے دل برداشتہ ہو کر ایاز بیگ، نیاز بیگ کے بیٹے نعیم کو لے کر شہر چلا گیا۔ جہاں اس نے عمارتوں کی تعمیر کا کام شروع کر دیا اور نعیم کو اعلی انگریزی اسکول میں تعلیم دلوائی۔

نعیم ناول کا مرکزی کردار ہے۔ نعیم چوں کہ ایک مجرم کا بیٹا تھا اس لیے سرکاری قانون کے مطابق وہ سرکاری ملازمت کرنے کا اہل نہ تھا، لہذا سینئر کیمبرج کے بعد وہ روشن پور چلا گیا۔ روشن پور میں نعیم نے کھیتی باڑی کا کام شروع کر دیا۔ کچھ ہی عرصے کے بعد جنگِ عظیم اول شروع ہو گئی اور انگریز افسروں نے کسانوں کو جبراً برطانوی فوج میں شامل کیا۔ جنگ میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے پر نعیم کو ایک مربع زمین اور کراس (تمغہ) ملا۔ جنگ کا اختتام کامیابی پر ہوا اور اس کے بعد نعیم روشن پور آ گیا، جہاں کچھ عرصہ دہشت گردوں کے گروہ میں شامل رہ کر اس نے اس گروہ سے علیحدگی اختیار کر لی۔

اسی دوران نعیم شیلا نام کی لڑکی سے محبت کا ڈھونگ رچا کر اسے ہوس کا نشانہ بناتا رہا، اور پھر ایک دن اسے چھوڑ کر روشن پور چلا گیا، لیکن اس گناہ کے احساس نے اسے ساری زندگی بے چین رکھا۔ جیسے کہ اس نے خود اعتراف کرتے ہوئے کہا:

"۔۔۔ میں نے اسے تباہ کر دیا، محبت کے بغیر، اور اس کے بعد سے وہ میرے دل میں ہے۔۔۔ اتنی مدّت ہوئی میں کبھی دل میں امن لے کر۔۔۔ نہیں سو سکا"۔۲۸

اپنے والد کے انتقال کے بعد نعیم دوبارہ شہر میں چلا گیا۔ جہاں اس کی شادی روشن آغا کی بیٹی عذرا سے ہو گئی۔ شادی کے بعد عذرا اور نعیم روشن پور آ گئے۔ تربیت اور ماحول میں فرق کی وجہ سے عذرا اور نعیم کے خیالات میں بھی فرق تھا۔ اسی لیے دونوں کی زندگی کی مقاصد بھی ایک دوسرے سے مختلف تھے۔

"پرنس آف ویلز کے ہندوستانی دورے کے سلسلے میں حکومت نے تمام سیاسی پارٹیوں کو دبانا شروع کیا۔۔۔ انڈین نیشنل کانگریس نے دورے کا بائیکاٹ کرنے کا ارادہ کیا تو اسے خلاف قانون جماعت قرار دیا گیا۔۔۔ اور وسیع پیمانے پر گرفتاریاں عمل میں آئیں"۔۲۹

کانگریس کا حامی ہونے کی وجہ سے نعیم بھی پرنس کے خلاف مظاہرہ کرنا چاہتا تھا، اور وہ گرفتار ہونے کے لئے ذہنی طور پر تیار ہو چکا تھا۔

جب پرنس آف ویلز دہلی میں آئے تو مسلمان اور ہندو مظاہرین نے اس کے خلاف احتجاج کیا۔

"۔۔۔ سرو کے مصنوعی درختوں۔۔۔ کی لکڑی پر برقی روشنی سے لکھے ہوئے یہ الفاظ بار بار ظاہر اور غائب ہو رہے تھے": "Tell your mother, we are unhappy"۔۳۰

ایک گروپ نے ان الفاظ میں مظاہرہ کیا: " ۔۔۔ ان کے جسم ننگے اور سیاہ تھے اور سر منڈھے تھے جن پر لکھا تھا: Tell your mother, we are hungry " ۳۱

" ۔۔۔ اسی گلی میں چند گائیں باہر ہانک دی گئیں۔۔۔ ان کے گلوں میں بھی بورڈ لٹک رہے تھے۔ جن پر رقم تھا": "Tell your mother, we are dry." ۳۲

عذرا نے ذمّے داری لے لی تھی کہ وہ تحریری طور پر مظاہرہ کرنے میں نعیم کا ساتھ دی گی۔ وہ بورڈ

جس پر پرنس کے خلاف احتجاجی نعرے تحریر تھے۔ عذرا نے اپنے پاس رکھ لیا، لیکن پرنس سے ذاتی دل چسپی اور نعیم کی گرفتار کے ڈر سے عذرا نے وہ بورڈ پرنس کے سامنے نہیں کیا۔ اس طرح عذرا کی چالاکی سے نعیم گرفتار نہیں ہو سکا۔

۱۹۲۴ میں نعیم کو جاٹ نگر میں جلسہ منعقد کرنے کے سلسلے میں دہلی سے ہدایات موصول ہوئیں۔ اس جلسے میں نعیم کے ساتھ اور بھی بہت سے لوگ شامل تھے۔ اس موقع پر نعیم نے سوراج کے لئے انگریزوں کے خلاف بڑی جذباتی اور نفرت آمیز تقریر کی۔ جس کی وجہ سے نعیم کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا، اور اس کی زمینیں اور کراس ضبط ہو گئے۔

جب آل انڈیا مسلم لیگ کے دونوں دھڑوں کا فیصلہ کیا گیا تو فرانس سے آغا خان سوم کو بھی اس سیاسی تقریب میں مدعو کیا گیا۔ اس موقع پر بھی عذرا آغا خان سوم کو دیکھنے کے لئے بے چین ہو گئی۔

نعیم کے لئے یہ احساس بہت تکلیف دہ تھا کہ عذرا اس کے جذبات و احساسات سے زیادہ اس کے کراس، فوجی لباس یا زمینوں کی قدر کرتی ہے۔ اِس موقع پر عذرا نے روایتی جاگیر داروں کی طرح اپنے خاندان کے نعیم کے خاندان پر کیے جانے والے احسانات کو جتایا:

"میرے باپ کا گھر ہے؛ میرے باپ کی زمینیں ہیں جو تم کھاتے ہو۔"۳۳

عرض یہ کہ عذرا اور نعیم کی زندگی کا بیش تر حصہ ایک دوسرے کو قائل کرنے میں گزر گیا، لیکن عمر کے آخری حصے میں نعیم نے خود کو شہری زندگی کے طور طریقوں سے ڈھال لیا، اور عذرا اور راس کے خاندان کے احسانات کو تسلیم کر لیا۔

" نعیم وزارتِ تعلیم میں انڈین پارلمینٹری سیکرٹری تھا۔۔۔ سب جانتے تھے کہ اس میں روشن آغا کے ذاتی اثر و رسوخ کا بڑا حصہ تھا۔۔۔ آہستہ آہستہ وہ اس قابل ہو گیا کہ دن بھر کا کام وقتِ مقررہ کے اندر ختم کر لیتا۔ اس سے بہر حال اسے کوئی طمانیت حاصل نہ ہوئی۔ نئی شخصیت کو اپنانے کی کوشش میں اس نے اپنی قدرتی شخصیت بھی کھو دی تھی۔" ۳۴

اس یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جب ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت تھی تو ان کی مخالف یا حمایت کرنے والوں کے الگ قوانین تھے۔ جب تک نعیم ایک عام شہری تھا اس وقت وہ مجرم کا بیٹا ہونے کہ وجہ سے سرکاری ملازمت نہیں کر سکا۔ کانگریسی ہونے کی وجہ جیل گیا اور سزا کے طور پر اس کی زمینیں اور کراس ضبط کر لی گیئں، لیکن جب اس نے روشن آغا کے آگے سر خم کر دیا تو اس کا شمار بھی معاشرے کے اعلیٰ سرکاری افسران میں ہونے لگا۔

تقسیمِ ہند کے بعد جب ہندو مسلم فسادات شدّت اختیار کر گئے اور ہجرت ناگزیر ہو گئی تو نعیم بھی پیدل ہجرت کرنے والے قافلے کے ساتھ شامل ہو گیا، اس قافلے میں اسے اپنا بچھڑا ہوا بھائی علی اور اس

کی بیوی عائشہ ملے۔ان سب نے پاکستان جا کر نئی زندگی شروع کرنے کے خواب دیکھے تھے، لیکن منزل تک پہنچنے سے پہلے ہی نعیم کو بلوائیوں نے قتل کر دیا۔اس کا ذکر بہت ہی مبہم انداز میں کیا گیا ہے:

"۔۔۔آخری دفعہ انھیں ہجوم میں غائب ہوتی ہوئی نعیم کی پشت نظر آئی جس پر قمیض تار تار ہو کر لٹک رہی تھی۔کچھ دیر بعد کہیں قریب سے چند فائروں کی آواز آئی۔" ۳۵

ابتدا میں ناول نگار نے نعیم کے کردار کے تمام پہلوؤں کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔لیکن مندرجہ ذیل بالا سطور پڑھ کر یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مصنف نے فسادات کے دوران نعیم کے قتل ہونے کا واقعہ نامناسب اور مختصر طریقے سے بیان کیا ہے، اور نہ ہی اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ نعیم نے عذرا یا اس کے گھر والوں کے ساتھ ہجرت کیوں نہیں کی۔

عذرا ناول کی ہیروئن ہے اور روشن آغا کی بیٹی، پرویز کی بہن اور نعیم کی بیوی ہے۔عذرا ایک جاگیر دار خاندان کی اعلی تعلیم یافتہ اور جرات مند لڑکی ہے۔نعیم سے شادی سے لے کر پرنس آف ویلز اور سائمن کا استقبال اور نعیم کے ساتھ مل کر جلیاں والا باغ کے واقعہ کی تحقیق تک ہر کام اس نے اپنی پسند اور روشن آغا کی مخالفت کا سامنا کر کے بڑی جرات مندی کے ساتھ انجام دیا۔

نعیم سے شادی کے بعد وہ "روشن پور" چلی گئی، لیکن خود کو دیہاتی ماحول میں ڈھال نہ سکی۔

جلیاں والا باغ کے الم ناک حادثے سے عذرا بے خبر نہ تھی، لیکن اس حادثے سے عذرا کے دل کو کوئی قابل ذکر تکلیف نہ پہنچی تھی۔جلیاں والا باغ کی تحقیق سے واپسی پر عذرا اور نعیم نے ایک انگریز فوجی افسر کی گفتگو سنی جو یہ تھی۔

"میں ہندوستانیوں کے اس مقدّس شہر کو جلا کر راکھ کر سکتا تھا، اور ان کا طرز عمل دیکھ کر میرے جی میں اس قانون شکن اور باغی ہجوم کی نیست و نابود کر دوں اور ان کے بچوں اور ان کے گھروں کو آگ لگا دوں، لیکن محض انسانی رحم و کرم اور خدا ترسی کے جذبے نے مجھے روک لیا میں نے ایک لاقانون قوم کو زنجیروں میں جکڑ کر رکھ دیا، اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مجھ پر انکوئری بٹھا دی گئی۔۔۔نعیم اور عذرا کو یہ جاننے میں دقت نہ ہوئی کہ وہ شخص جلیاں والا باغ کا فاتح بریگیڈیر جنرل ڈائر تھا۔عذرا اور اس کی شان دار شخصیت اور جارحانہ انداز سے مرعوب ہوئی، لیکن نعیم کے ہاتھ اسے مار گرانے کے لئے کانپنے لگے۔" ۳۶

پرنس آف ویلز کو دیکھنے کے لئے عذرا نعیم کو پرنس کے خلاف احتجاج کرنے کے بہانے کلکتہ لے گئی لیکن عین موقع پر اس نے نعیم کو دھوکا دیا۔

" نعیم نے بورڈ اس کے ہاتھ میں ٹھونس دیا جو اس نے ہاتھ لٹکائے لٹکائے پکڑ لیا اور شہزادے پر سے نظریں ہٹائے بغیر، سحر زدہ سی، کھڑی رہی۔انھیں گزرتے ہوئے دیکھ کر نعیم نے۔۔۔اس کا بازو مروڑا۔۔۔"اوہ!" عذرا کے منہ سے نکلا۔۔۔بورڈ پاؤں میں گر پڑا۔" ۳۷

اور یوں عذرا کی اپنی خواہش تو پوری ہو گئی لیکن نعیم اپنے مقصد میں کام یاب نہ ہو سکا۔ سائمن کمیشن کی پورے ہندوستان میں مخالفت کی گئی۔

" ۔۔۔ہفتوں پہلے سے سیاہ جھنڈیوں کے ساتھ ان کا استقبال کرنے کی تیاریاں کی جارہی تھیں۔"۳۸

عذرا ان تمام حالات کی پروا کیے بغیر سائمن سے ملنے کے لئے بے چین تھی، اس نے لکھنو جانے کی ٹھان لی۔ عذرا کا لکھنو جانے کا دوسرا مقصد نعیم سے جیل میں ملاقات کرنا تھا۔ سائمن سے ملنے کی خوشی میں عذرا یہ بات بالکل فراموش کر چکی تھی کہ وہ جس کے استقبال کے لئے جارہی ہے اس کے ساتھیوں کی وجہ سے اس کا شوہر جیل گیا ہے۔ جب عذرا سائمن کے استقبال کے بعد نعیم سے ملنے جیل گئی تو اس نے اصل حقیقت کو یوں بدل کر بتایا:

"ہم نے سائمن کمیشن کا کالی جھنڈیوں سے جلوس نکالا۔۔۔ وہ چوروں کی طرح اسٹیشن پر سے ہی چلے گئے۔"۳۹

اس واقعے کے بعد عذرا کے اپنے گھر والوں کے ساتھ تعلقات مزید خراب ہو گئے۔ روشن آغا نے عذرا اور نعیم دونوں کی سیاسی سرگرمیوں پر یوں اعتراض کیا کہ:

"نعیم نے پہلے ہی اپنی حب الوطنی سے ہماری عزت بڑھائی ہے۔ ہمارے خاندان میں پچھلے سو برس سے کسی نے ایسے کام نہ کیے تھے۔" ◆۴۰

آل انڈیا مسلم لیگ کے اتحاد کی تقریب کے موقع پر جب آغا خان سوم آئے تو عذرا اس سے ملنے کے لیے جس طرح بے تاب ہوئی اس کا ذکر گذشتہ صفحات میں ہو چکا ہے، عذرا اور نعیم کے درمیان کبھی معمولی اور کبھی بڑی بات پر اختلافات ہو جاتے۔ اگرچہ عذرا نعیم کی ہر طرح سے دل جوئی کرنے کی کوشش کرتی لیکن اس کی بعض خواہشات ایسی ہوتیں جو نعیم کو سخت ناگوار گزرتیں۔ مثلاً:

"کل وحید کی پارٹی پر جائیں گے۔۔۔ گریگسن کنبہ بھی وہاں آئے گا۔ وہ سب رقص کے شیدائی ہیں کونونٹ میں ہم سب نے رقص سیکھا تھا۔"۴۱

نعیم کے فالج زدہ ہونے کے بعد عذرا نے اپنی ساری توجہ اس کی طرف مرکوز کر دی۔ نعیم نے بھی اس کی قدر کی اور خود کو اس کے رنگ میں ڈھالنے کی کوشش کی لیکن اس وقت تک عذرا کی بہت سے خواہشات دم توڑ چکی تھیں۔ تقسیمِ ہند کے بعد عذرا اپنے گھر والوں کے ساتھ ہجرت کر کے لاہور آ گئی۔ پاکستان میں آ کر روشن آغا کے انتقال اور نعیم سے بچھڑنے کے بعد عذرا اور اس کی ماں پرویز اور اس کی بیوی کے رحم و کرم پر زندگی گزارنے لگی۔

"۔۔۔اس کی بیوی کا عذرا کی طرف جو پرانا برتری کا رویہ قائم تھا اس میں اب اس کے لئے حقارت بھی شامل ہو چکی تھی، کہ پہلے ہجرت اور موروثی جائیداد کی کم گردگی اور اس کے بعد اس کے خاوند کی گم

شد گی اور روشن آغا کی موت سے اس گھر میں اس کی حیثیت صفر کے برابر رہ گئی تھی اور زند گی میں کوئی شے اس کے حق میں نہ رہی تھی۔۔۔درجے میں اس کے بعد صرف زمین آتے تھے۔" ۴۲

ان تمام حالات کا عذرا نے بہادری سے مقابلہ کیا، عذرا کے لئے صرف اتنا ہی کافی تھا کہ اس نے اور نعیم نے ایک دوسرے کے لیے خود کو بدل لیا۔

"کبھی کبھی نعیم کا خیال آتا تو اس کے دل میں بے اختیار درد پیدا ہوتا۔۔۔اس وقت یکے بعد دیگر ے چند سوچیں اس کے ذہن میں ابھر تیں۔۔۔وہ بڑی یکسوئی کے ساتھ اپنے آپ کو ان کے حوالے کر دیتی۔۔۔اور آخیر میں سوچتی۔۔۔میں نے دل کی بے چینی پر فتح پائی ہے۔" ۴۳

ناول نگار نے عذرا کا انجام فلسفیانہ انداز میں کیا ہے۔ غالباً انھوں نے یہ انجام ناول "آگ کا دریا" کی "چمپا احمد" سے متاثر ہو کر کیا ہے "آگ کا دریا" کے اختتام پر ایک جگہ چمپا احمد کمال سے کہتی ہے:

"۔۔۔جہاں تک ذاتی کام یابی کا سوال ہے میں تم سے کہیں زیادہ خوش قسمت ہوں۔ میں نے سرا غپا لیا ہے۔"۴۴

"روشن محل کی عذرا پردیس اور ان کے دوست خود روشن محل کی فضا پر قرۃ العین حیدر کا کافی اثر ہے۔ یہ لوگ ان کرداروں کی طرح ہی گفتگو کرتے ہیں، ان کی ذہنی سطح کو بھی ان کے قریب لے جانے کی کوشش کی گئی ہے۔" 45

علی نعیم کا سوتیلا بھائی ہے، اور کھیتوں میں کام کرتا تھا لیکن نعیم کا خیال تھا کہ وہ زمینوں کی صحیح طرح دیکھ بھال نہیں کرتا اس لیے اسے ایک کارخانے میں ملازمت دلوادی۔ جہاں اسے سخت محنت ومشقت کرنا پڑی۔ روشن محل جا کر نعیم نے علی اور اس کی بیوی عائشہ کو بالکل بھلا دیا۔ ایک طویل عرصے کے بعد مہاجر ین کے قافلے میں علی، عائشہ اور نعیم ایک دوسرے سے ملے۔ علی کے کردار کے ذریعے مہاجرین کی بے چینی اور بے حسی کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ عائشہ سے شادی کے لیے علی نے بہت جتن کیے تھے۔ علی جب کارخانے میں کام کر رہا تھا اس کے معاشی حالات اچھے نہ تھے۔ اسی دوران عائشہ بھی بیمار ہو گئی تو علی:

"شام کو سبزیاں ابالتا۔۔۔موٹی موٹی روٹیاں پکاتا اور پہلے عائشہ کو کھلاتا اور پھر خود کھاتا۔۔۔ہر تین ماہ کے بعد جب اس کے پاس کچھ پیسے جمع ہو جاتے تو ڈاکٹر کو لے کر اتا جو اس کی بیوی کے لیے کئی قسم کی دوائیاں تجویز کر کے چلا جاتا۔ ان میں سے جتنی وہ خرید کر لا سکتا تھا لے کر آتا اور باقاعدگی سے عائشہ کو پلاتا۔" 46

ہجرت کے دوران بھی علی نے عائشہ کا ہر ممکن خیال رکھا، لیکن جب مہاجرین کی گاڑی آئی تو گاڑی میں جلد از جلد داخل ہونے کے چکر میں ہر طرف افراتفری پھیل گئی اس موقع پر علی کی بے بسی اور بے حسی ملاحظہ کیجیئے:

"اسٹیشن پر اس نے عائشہ کو اٹھا کر چلنے کی سعی کی لیکن کم زوری اور بھیڑ کی وجہ سے گر گیا۔ پھر اٹھا اور بے دھیانی سے اکیلا چل پڑا، دروازے تک جا کر لوٹ آیا اور دوبارہ ادھ موئی عائشہ کو اٹھانا چاہا، پھر اسے زمین پر گھسیٹنے لگا، لیکن گھمسان کے رن میں ایک دفعہ پھر اس کا ہاتھ چھوٹ گیا اور وہ دھکے کھاتا ہوا اندر کی طرف بڑھنے لگا۔ جب گاڑی آہستہ آہستہ چلنی شروع ہوئی تو وہ لپک کر اس میں سوار ہوا۔" 47

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انسان کو اپنی زندگی کس قدر عزیز ہوتی ہے۔ علی عائشہ سے بے پناہ محبت کرنے کے باوجود اپنی زندگی کو بچانے کے لیے عائشہ کو اسٹیشن پر تنہا اور بے یار و مددگار چھوڑ کر گاڑی میں سوار ہو گیا۔ حالاں کہ گاڑی میں بھی اس کی زندگی محفوظ نہ تھی۔ علی جب لاہور اسٹیشن پر پہنچا تو وہاں مہاجرین کا ہجوم پہلے سے موجود تھا، اور اس میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ جب کوئی گاڑی اسٹیشن پر آ کر رکتی تو علی اس میں جھانک کر ضرور دیکھتا۔

" ۔۔۔ہر دفعہ ایسا ہوتا کہ گاڑی کے سامنے گزرتا ہوا علی ہجوم کے دھکے کھا کر گر پڑتا۔۔۔ وہ چیختا چلاتا اور گالیاں دیتا ہوا اُٹھ کھڑا ہوتا اور اپنی بے کار کوشش کو جاری رکھتا۔۔۔ اس کے پاس کا بھی کوئی واضح تصور موجود نہ تھا کہ وہ کس کی تلاش میں تھا اور کس کا انتظار کر رہا تھا۔" 48

لاہور اسٹیشن پر علی کو بانو ملی جو علی کو انبالے اسٹیشن پر بھی ملی چکی تھی اور اب کپڑے کے کارخانے میں کام کرتی تھی اور ہر روز اپنے بیٹے کی تلاش میں لاہور اسٹیشن آتی۔ وہ علی کو بھی اپنے ساتھ لے جاتی۔

یہ بانو اصل شیلا تھی جو نعیم سمیت مختلف مردوں کی ہوس کا نشانہ بننے کے بعد لال دین کی بیوی بن گئی اور مسلمان ہو چکی تھی۔ بانو کی جھونپڑی میں اب علی اور دین محمد بھی رہنے لگی، اور بعد میں علی نے دونوں کی رضامندی سے بانو اور دین محمد کی شادی کروا دی۔

عبداللہ حسین نے اس ناول میں دو مختلف طبقات کو دکھایا ہے۔ ایک طرف روشن آغا کا خاندان ہے جس میں عذرا، پرویز اور نجمی وغیرہ شامل ہیں۔ دوسری طرف محمد بیگ، نیاز بیگ، ایاز بیگ، نعیم اور عائشہ شامل ہیں۔ کلکٹر سے نواب آف روشن پور بننے میں ان کی محنت کا نہیں، بلکہ انگریزوں سے تعلقات کا گہرا عمل دخل تھا۔ ملک کے حالات کیسے بھی ہوتے انھیں کوئی فرق نہ پڑتا۔۔۔ معاشرے میں انھیں خاص مقام حاصل ہے، اور زندگی کی تمام سہولتیں انھیں میسر تھیں۔

ہندو اور ... ا ... سخت

گوار گزرتی۔ تقسیمِ ہند کے اعلان کے ساتھ ہی ملک میں ہندو مسلم فسادات شدت اختیار کر گئے اور لوگوں کو اچانک ہجرت کرنا پڑی جس سے ہر طرف افرا تفری پھیل گئی۔

"چند روز بعد فسادات زور پکڑ گئے اور لوگ شہر چھوڑنے لگے۔ ریل گاڑیاں کم پڑ گئیں تو جان بچا کر بھاگنے والوں کے قافلے پیدل چل پڑے۔۔۔ وہ جسے اب تک ملک کی آبادی نے محض

خیال آرائی سمجھ رکھا تھا حقیقت بنتی ہوئی نظر آئی تو لوگ دفعتاً خالی الذہن ہو گئے۔ فسادات کی حیوانیت سر پر سوار ہوئی تو بالکل بوکھلا گئے اور گھر بار چھوڑ چھاڑ، منزل کا تعین کیے بغیر بھاگ اُٹھے۔" 49

ان حالات میں بھی روشن آغا یا اس کے خاندان کے کسی فرد پر کوئی آنچ نہ آئی، اور جب ہجرت کرنے کا وقت آیا تو بھی انھیں کسی قسم کی تکلیف پیش نہ آئی۔ عبداللہ حسین نے اس حقیقت کو پرویز کے کردار کے ذریعے یوں بیان کیا ہے۔

"پرویز دو گھنٹے سے متواتر بول بول کر اب خاموش ہو چکا تھا۔ صبح سے وہ روشن آغا کو سب کے ساتھ پاکستان جانے پر مجبور کر رہا تھا۔ اس نے دہلی سے لاہور جانے والے ہوائی جہاز پر سب کی سیٹیں بک کرالی تھیں اور سامان، روشن آغا کو خبر کیے بغیر باندھا جا چکا تھا"۔ 50

لاہور میں انھیں کوئی تکلیف نہ تھی۔ ہندوستان میں ان کے لیے "روشن محل" تھا تو پاکستان میں "راج منزل" تھی۔ اتنا سا فرق بھی روشن آغا سے برداشت نہیں ہو رہا تھا، اور وہ چاہتے تھے کہ کسی نہ کسی طرح کوٹھی کا نام "روشن محل" ہو جائے۔ روشن آغا کے گھر کے دوسرے افراد کو بھی نئے ملک مین کوئی خاص دشواری پیش نہ آئی اور وہ نئے ماحول میں بہت جلد ڈھل گئے۔

" ۔۔۔ نجمی نے ایک کونونٹ میں پڑھا شروع کر دیا تھا۔ مالی ضرورت سے کم اور اپنے آپ کو مصروف رکھنے کی خاطر زیادہ، گو اس بات کا اس کے باپ کو علم نہ تھا۔ پرویز صوبائی حکومت میں اعلیٰ افسر تھا، اور ایک پرانی اوپل پر۔۔۔ سیکرٹریٹ جایا کرتا تھا۔" 51

دوسری طرف ہندوستان کی عام عوام تھی جس میں محمد بیگ، نیاز بیگ، ایاز بیگ، نعیم، علی اور عائشہ شامل ہیں۔ یہ معاشرے کے مظلوم اور پسے ہوئے طبقے کے افراد تھے جو 1857ء کے بعد سے قیامِ پاکستان تک مختلف حادثات کا شکار ہوتے رہے۔ کبھی غداری کے جرم میں، کبھی جنگِ عظیم کے دوران، پھر تحریک پاکستان کے لیے اور آخر میں فسادات اور ہجرت کے دوران جانی، مالی اور روحانی نقصانات کا شکار ہوئے۔

" ۔۔۔ تقسیم کے بعد بکھرا ہوا جاگیری نظام ملک پاکستان میں پھر سے اپنی نئی حیثیت بنالیتا ہے وہ کسان مزدور جو ہندوستان سے ہجرت کر کے نئی زمین پر آتے ہیں تو انہیں یہاں بھی مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔"52

جنگِ عظیم اول میں روشن پورے کے جوان کو زبردستی فوج میں شامل کرتے وقت انگریز حکومت نے اس بات کا قطعی خیال نہ کیا کہ ان کے خاندان اور فصلوں کی دیکھ بھال کون کرے گا۔

"اپنی فصلیں اب تم اس سے کاٹو گے اور میدانِ جنگ میں کاٹو گے"، یہ کہہ کر اس نے سنگین ہوا میں لہرائی۔۔۔ سنگین لگی ہوئی رائفلوں سے جوانوں کو ہانکا جانے لگا۔ بعض کسانوں کی پسلیوں میں رائفلوں کے دستے اور سنگین چبو چبو کر بیلوں سے علاحدہ کیا گیا۔" 53

جنگِ عظیم سے پہلے انگریزوں نے مسلمانوں اور ہندوؤں سے وعدہ کیا تھا کہ جنگ کے اختتام پر وہ انھیں انعام واکرام سے نوازیں گے، لیکن جب وہ وعدہ پورا نہ کیا گیا تو ان کے خلاف مظاہرے کیے گئے جنھیں برداشت کرنا انگریزوں کے بس میں نہ تھا۔ چناں چہ انھوں نے رولٹ ایکٹ نافذ کر کے مظاہرے کرنے پر پابندی لگادی، لیکن اس کے باوجود جب مظاہرے ہوتے رہے تو جرنل ڈائر نے ایک چال چلی اور انھیں جلیاں والا باغ میں جمع ہو کر اپنے مطالبات پیش کرنے کی تجویز دی۔ جب سب جمع ہو گئے تو ان پر فائرنگ کر دی گئی جس سے ہزاروں ہندو اور مسلمان مرے۔

انگریز ہندو مسلم اتحاد کو اپنے لیے خطرہ سمجھتے تھے اس لیے وہ کسی نہ کسی بہانے انھیں لڑانے کی کو شش کرتے، اور ان کے باہمی اختلافات بالخصوص مذہبی معاملات کو بنیاد بنا کر انھیں ایک دوسرے کے خلاف بھڑکاتے۔ جسے عبداللہ حسین نے ناول میں ایک کردار کے ذریعے یوں بیان کیا ہے۔

"گئو کشی کی بات تھی چوہدری۔۔۔ مدت سے۔۔ پندرھویں کی پندرھویں گائے ذبح ہوتی آئی ہے۔ آج ہندو ضد پر آ گئے۔۔۔ یہ سب اس سوروں کی شرارت ہے جو باہر سے آئے ہیں۔ بس جھگڑا بڑھ گیا۔ ماسٹر، جو بے چارا ادھر کا نہ ادھر کا، سمجھانے گیا اور سوروں نے اسے ختم کر دیا۔" 54

پرنس آف ویلز اور سائمن کمیشن کی آمد کے موقع پر جب ہندوستانی نے اس کے خلاف مظاہرہ کیا تو وسیع پیمانے پر گرفتاریاں عمل میں آئیں۔

تحریکِ پاکستان کے بعد جب تقسیمِ ہند کا اعلان ہوا تو اس موقع پر بھی غریب اور متوسط طبقے کو ہی ہر قسم کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہجرت سے لے کر پاکستان پہنچنے تک انھیں خطرات کا سامنا کرنا پڑا۔ لاکھوں مسلمان شہید ہوئے اور جو زندہ رہے وہ خوف، دہشت اور صدمے سے بدحواس ہو چکے تھے۔ آزاد ملک میں پہنچنے کے بعد انھیں وہ خوشی نہ ملی۔ جس کے لیے انھوں نے کئی سال تک انتھک جدوجہد کی تھی۔

عبداللہ حسین نے ناول کے چاروں ابواب "برٹش انڈیا"، "ہندوستان"، "بٹوارا" اور "اختتامیہ" میں ہندوستانی معاشرے کے مختلف طبقات پر ملک کے سیاسی حالات کے اثرات اور اس میں ان کی شمولیت یا گریز کو بیان کیا ہے۔

نعیم کے کردار کے ذریعے انھوں نے معاشرے کے ان لوگوں کی نمائندگی کی ہے جنھوں نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر ملک کے تحفظ اور سلامتی کے لیے ہر ممکن کوششیں کیں۔ نعیم نے انگریزوں کے دور میں جنگِ عظیم میں بحیثیت برطانوی فوجی اور بعد میں کانگریس بن کر ہر مصیبت کا سامنا کیا اور پھر جب تقسیمِ ہند کے بعد ہجرت کرنے کا وقت آیا تو بھی ہجرت کی صعوبتوں کو برداشت کرنا پڑا۔ ہجرت کے دوران بہت سے لوگ مارے گئے جن میں نعیم بھی شامل تھا اور جو لوگ آزاد ملک میں پہنچے ان کی زندگی میں بھی کوئی خوشگوار تبدیلی نہ آئی۔

"اداس نسلیں" اپنے سیٹ اپ میں ایک سے زیادہ عہد کی سیاسی، سماجی اور معاشرتی زندگی کا "آگ کا دریا" ہی کی طرح احاطہ کرتا ہے یہاں بھی وقت کی حشر سامانیاں ہیں۔ غرض "اداس نسلیں" بھی قارئین کے شعور کو جھنجھوڑتا ہے"۔55

جب کہ دوسری طرف روشن آغا کے خاندان کے افراد انگریزوں سے وفاداری کے صلے میں ہر دور میں سکھ اور چین نصیب ہوا۔ آزادی کے بعد بھی ملک سے وہ طبقاتی نظام ختم نہ ہو سکا جس کی وجہ سے ملک میں جو ناانصافیاں ہوئی تھیں وہ بھی ختم نہ ہو سکیں۔

غرض یہ کہ ملک تو بدل گیا لیکن نظام نہ بدلا۔ کوششیں کرنے اور زندگی کو داو پر لگانے والے کوئی اور تھے اور اس کا صلہ کسی اور کو ملا۔ یہ مظلوم اور پسے ہوئے لوگ جو منزل تک کبھی نہ پہنچ سکے وہی لوگ دراصل معاشرے کی "اداس نسلیں" ہیں۔ انھیں کے لیے محسن بھوپالی نے کہا تھا۔

نیرنگیٔ سیاستِ دوراں تو دیکھئے
منزل انھیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے

"حواشی"

1۔ اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ، ڈاکٹر سلیم اختر، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور 2005 ایڈیشن 27 ص 497
2۔ تقسیم کے بعد اردو ناول، ڈاکٹر عبدالسلام، مشمولہ، اردو نثر کا فنی ارتقاء مرتبہ فرمان فتح پوری اردو اکیڈمی سندھ کراچی 1989، بار دوئم ص 84
3۔ اداس نسلیں عبداللہ حسین سنگ میل پبلی کیشنز لاہور، ص 232
4۔ ایضاً ص 75
5۔ اداس نسلیں ایک جائزہ، ڈاکٹر عبدالسلام، مشمولہ سہ ماہی سیپ کراچی دسمبر 1983 ص 95
6۔ اردو ناول آزادی کے بعد، اسلم آزاد، سیمانت پرکاشن، نئی دہلی 1990، ص 241
7۔ اداس نسلیں عبداللہ حسین ص 57
8۔ ایضاً ص 50
9۔ ایضاً ص 24
10۔ ایضاً ص 25
11۔ ایضاً ص 413
12۔ ایضاً ص 160
13۔ تقسیم کے بعد اردو ناول ڈاکٹر عبدالسلام مشمولہ اردو نثر کا فنی ارتقاء، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، اردو اکیڈمی سندھ، کراچی ص 86
14۔ اردو ناول آزادی کے بعد ڈاکٹر ممتاز احمد خان، انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی بار دوئم 2001، ص 241

15۔ اداس نسلیں، عبداللہ حسین ص85
16۔ ایضاً ص494
17۔ ایضاً ص294
18۔ ایضاً ص529
19۔ ایضاً ص217
20۔ ایضاً ص12
21۔ ایضاً ص147
22۔ ایضاً ص422
23۔ ایضاً ص505
24۔ ایضاً ص529
25۔ ایضاً ص5
26۔ ایضاً ص289
27۔ ایضاً ص496
28۔ ایضاً ص490
29۔ ایضاً ص260
30۔ ایضاً ص66-265
31۔ ایضاً ص266
32۔ ایضاً ص267
33۔ ایضاً ص320
34۔ ایضاً ص449
35۔ ایضاً ص526-525
36۔ ایضاً ص253
37۔ ایضاً ص266
38۔ ایضاً ص293
39۔ ایضاً ص293
40۔ ایضاً ص303
41۔ ایضاً ص318
42۔ ایضاً ص554
43۔ ایضاً ص555
44۔ ایضاً ص735
45۔ اردو نثر کا ارتقاء مرتبہ فرمان فتح پوری ص86
46۔ اداس نسلیں، عبداللہ حسین ص434
47۔ ایضاً ص526
48۔ ایضاً ص495
49۔ ایضاً ص495
50۔ ایضاً ص495
51۔ ایضاً ص540
52۔ اردو ناول میں سماجی شعور، ڈاکٹر محمد افضال بٹ، پور ب اکادمی، اسلام آباد طبع اول 2009، ص199
53۔ اداس نسلیں، عبداللہ حسین، ص78
54۔ ایضاً ص217
55۔ ایضاً ص364

عظمت علی، ریسرچ اسکالر
شعبہ بلوچی، جامعہ بلوچستان کوئٹہ

مست توکلی اورشاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری کا مختصر تقابلی جائزہ

THE COMPARATIVE STUDY OF MAST TAWAKLI AND SHAH ABDUL LATIF BHITAI'S POETRY

Abstract:

To understand the true greatness of Mast Tawakli and Shah Abdul Latif is essential to make an artistic, literary and linguistic assessment of his poetry. By now such an assessment has been made at two levels: local and international, At local level, the scholars and researchers have studied the linguistic qualities, style, prosody and musical elements of his poetry and have given him a high position among the great poets.

شاعری انسانی احساسات وجذبات اور مشاہدات وتجربات کی عکاسی کا نام ہے۔ کوئی انسان ہو وہ ہمہ وقت کسی نہ کسی چیز یا قدرت کی تخلیق کردہ اشیاء کے مشاہدے میں یا اپنی وقتی ایجادات اور تخلیقات میں مصروف رہتا ہے۔ اور سوچوں میں گم رہتا ہے۔ ہر انسان کے سوچنے کا اپنا نکتہِ نظر ہے، لیکن حساس لوگ اس کو لکھ کر یعنی تحریری کی صورت میں بیان کرتے ہیں۔ جنہیں مضمون، ناول نگاری، افسانوں اور کہانیوں کے زمرے میں رکھا جاتا ہے، اور کچھ لوگ مختلف فنون جیسے مجسمہ سازی، سنگ تراشی، نقش نگاری اور فن مصوری کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں اور کچھ لوگوں کے خیالات کے اظہار کا ذریعہ شاعری ہوتا ہے۔ شاعری دنیا کے تمام زبانوں میں کی جاتی ہے، ہر زبان کے اپنے اصول ہیں۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری میں صوفیانہ تخیل شاہ کے کلام کی خصوصیات ہے۔ ان کی شاعری سادگی اور بے لوث خلوص شامل ہے۔ وادیِ مہران کے عظیم المرتبت شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری پڑھنے کے بعد ہمیں اس بات کا اندازہ اچھی طرح ہوتا ہے۔ کہ اُن کے کلام انسانیت کے گرد گھومتے ہیں۔ آپ بے حد متقی اور پرہیز گار تھے۔ دنیاوی آلائشوں سے دور کا بھی واسطہ نہ تھا، ساری عمر عبادت و ریاضیت میں گزاری۔ انکی شاعری اس بات کا بین ثبوت ہے کہ انھوں نے جہالت کے چراغوں کو گُل کرنے اور اخلاقیات کا بہترین درس دیا۔ شاہ عبدالطیف بھٹائی کا قابل قدر کار نامہ ''شاہ جو رسالو'' ہے۔

''مست، بارش یا باران کے بعد زمین کی سوندھی خوشبو، درختوں کی شادابی، فصلوں کی سیرابی اور دہقاں و کاشتکاروں کی خوشحال کا تذکرہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ترجمہ

دور دیس سے بادل قطار اندر آرہے ہیں
خوشحالی کا دور دورہ ہے اور رب کے رحمتوں کا نزول ہے
ہر شخص اپنے کاشت اور فصل کے باعث خوش و خرم ہے
بارش کی پھوار سے دھل کر درخت ترو تازہ ہیں
زامر کی شاخیں پہاڑوں کی چٹانوں پر لرزاں ہیں

شاہ عبداللطیف بھٹائی نے بھی اسی مفہوم کو موضوع سخن بنایا ہے۔ جس کا منظوم اردو ترجمہ شیخ ایاز نے یوں کیا ہے۔

سیہ بادل فلک پر چھارہے ہیں
مسلسل رحمتیں برسارہے ہیں
محن و خاشاک کے پژ مردہ چہرے
تروتازہ سے ہوتے جارہے ہیں '' (1)

مست توکلی اور شاہ عبداللطیف بھٹائی نے اپنی تخلیقی قوتوں سے زندگی کا رس نچوڑ کر اسے اپنی شاعری کے کوزے میں بند کر دیا ہے جب تک دنیا باقی ہے مست توکلی اور شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری بھی باقی رہے گی۔ آنے والے زمانوں میں شاعری اپنا چولا بدلے گی۔ جیسے کے مست اور شاہ عبداللطیف بھٹائی کے زمانے سے اب تک بدلتی رہی ہے لیکن مست اور شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری مشعل اسی طرح روشن رہے گی جیسے اب تک روشن رہی ہے۔

"اٹھ رہے ہیں شمال سے بادل
اب مدینے کی سمت جائیں گے
لے کے فیضانِ روضہ اطہر
تپتے صحرا کو لوٹ آئیں گے
بات بن آئے گی سنگھاروں کی
وہ پیام بہار لائیں گے
پھیل جائے گی مشک کی خوشبو
جب فضا پر وہ آکے چھائیں گے

دشت و در میں چہل پہل ہوگی
وہ نئ بستیاں بسائیں گے۔ " (2)

شاہ عبداللطیف بھٹائی اپنے دل میں عشق کی آگ روشن کرلیتا ہے اور اسی عشق میں پناہ ڈھونڈھتا ہے اور دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ تک رسائی حاصل کرلیتا ہے۔ لیکن یہ اس وقت ممکن ہے جب دل آئینہ کی طرح پاک اور صاف ہو۔ دل اُس وقت صاف ہوتا ہے جب وہ زمانے کی آلائشوں سے دور ہو جاتا ہے مادی خواہشات کا دامن چھوڑ کر روحانی دنیا میں آجاتا ہے۔ اس عمل سے جب اس کا دل صاف ہو جاتا ہے تو دل اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ حقیقت کا ادراک کرسکے اس دل کے دریچے سے اُسے ذات باری کا جلوہ نظر آنے لگتا ہے۔

ہوگئے ایک مل کے ذات و صفات
مٹ گیا فرق عاشق و معشوق
ہم ہی کوتاہ ہیں رہے ورنہ
وہی خالق ہے اور وہی مخلوق"(3)

شاہ عبداللطیف بھٹائی اور مست توکلی ایک چراغ کی کرنیں ہے۔ یہ وہ سچائی ہے جسے ابھی تک نہیں پہچان پائے۔

"اجلی اجلی کونجیں، کل ھی کتنے جھرمٹ سے
ان کے اڑاڑ کر اس دیس سے ناجے کتنی منزل دور گئے
اپنی سنگت وہ کب چھوڑیں، کیوں چھوڑیں وہ اپنا ساتھ؟
ان کے من ہوں ساتھ ملے ہیں جیسے باھم بات سے
پاتا اپنی قوم سے ہٹ کر رہنا کونجوں کا دستور نہیں
اس سے بڑا اُن کی دینا میں کوئی اور قصور نہیں" (4)

شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عقیدے کے مطابق عشق کے بغیر دنیا کا نظام نہیں چل سکتا، دینوی اور دینی لحاظ سے عشق زندگی کی ضرورت ہے خدا تک پہنچنے کے واسطے صوفیاء جذبہ عشق کو اپنا رہنما بناتے ہیں۔ عشق کی حرارت کے بغیر کائنات کا نظام نہیں چل سکتا۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی بھی عشق کی عظمت کے قائل ہیں اور اس سلسلے میں شاہ عبداللطیف بھٹائی عقل کی مصلحت اندیشوں سے بخوبی واقف ہیں۔

ترجمہ

" بادل ساون کی طرح قطاراندر قطار چلے آئے
بادل غڑغوں میں گرجتے ہیں بارش کا شور ہے

ملائکوں نے، عرشی فرشتوں نے مفصل حال بیان کیے
(کہ) سمو حوروں کے جھرمٹ میں چوبلی میں متمکن ہے
وہ آبِ کوثر نوش کرتی ہے نور کے پیالوں میں
نور کا ایک پیالہ اس نے مست کیلئے الگ رکھا ہے
کونج قطار اندر قطار اور سمو خراماں ، حسین چال میں
کونج آوازیں نکال نکال کر خوش خرام حسیناؤں کو باخبر کردیتے ہیں"(5)

شاہ عبداللطیف بھٹائی نے اپنی انفرادیت سے ہموار اور نرم لہجہ اختیار کیا بعد میں آنے والے شعراء نے بھی اس سلسلے میں ان کی تقلید کی ہے، انسان کی عظمت کا گہرا احساس اور وسیع المشربی شاہ عبداللطیف بھٹائی کے کلام میں جابجا جھلکتی ہے۔

"گرج چمک اور جھوم کے آئے بدرا اب کی بار
چم چم چمکے ، گھن گھن گرجے ، برسے میگھ ملھار
جائیں استنبول ، کوبدرا، برسے مغرب پار
چین دیس اور سمر قند پہ برکھا کی یلغار
برس رہیں ہے۔ روم پر بادل کابل اور قندھار
جھوم چلے ہیں دہلی، دکھن، بھیگ چلا گرنار
بھیگا بھیگا جھج ہے سارا بھٹ پہ بوند بہار
لوٹ کے عمر کوٹ پہ برسی ، ہر سُو ہے ولہار
میری'' سندھڑی'' پر بھی سائیں رحمت ہو ہر بار"(6)

مست توکلی اور شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری کا تقابلی جائزہ لیا جائے تو مست اور بھٹائی کے شاعری میں بارشوں کے حوالے سے یکساں دیکھنے کو ملتا ہے۔ مست توکلی اور شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری میں گرجتے بادلوں، کڑکتی بجلیوں اور موسلادھار بارش اور اُسکی جھڑیوں سے عشق دیکھنے کو ملا ہے۔ مست اپنی محبوبہ سمو کو بھی ان ہی مناظر قدرت کا ایک پرتو سمجھتا ہے۔ جیسے کہ۔

ترجمہ

میری التجا سے مالک مہربان ہوا
ماڑی کے اوپر پانی بھرے بادل چھائے
گرجے بادل تترا کی چوٹی پہ دھواں دھار برسے
ترک کنا اور مانڑک بند کو سیراب کریں

بارش "ریخ" پہ برستی ہے اور بہا ولاں زئی پہ سایہ فگن ہوں
پر سمیٹ کر شوخو پہ برسیں
پیر ءَ کور اور سخی کی خانقاہ پہ اتریں
پیر سر پہ گھوم کر محبوبہ کی رہائش گاہ پہ اتریں
سمو! مترنم آواز سے سہیلیوں ہمجولیوں کو پکار کے کہنے
اپنے خیموں کی طنابیں کھینچو اور خیمے پہ ڈالی چٹائیوں کو برابر کر دو
کہ کابل و قندہار پہ چمکتی بجلیاں قریب آرہی ہیں
گرج کا شور ہے ، خوش آئند ہیں تمہاری میٹھی موسیقی
بوندوں کی میٹھی آوازیں ہیں خوش آئند ہیں زمین پہ ٹکرانے کی تمہاری آوازیں
پیر سر اتر کر محبوبہ کی قیام گاہ کا رخ کرتی ہیں
یہ بوندیں تو بیل بوٹوں کو خوشبو دار کول ، روذن کو اگنے میں مدد دیتی ہے(7)

شاہ صاحب کی تمام شاعری اسلام کے بنیادی ارکان اور ایمانی عقائد کے عین مطابق ہے۔آپ نے اپنی شاعری میں پیغمبری کی ترجمانی کی ہے اور ترجمانی بھی سطحی نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں سے نکلے ہوئے ایمانی جوش و جذبہ کا نتیجہ ہے۔ جس میں انسانیت کے مرجھائے ہوئے پھول تھے جن میں تازگی پیدا کرنے کے لئے آب حیات کا عمیق مہران مو جزن نظر آتا ہے۔

"تیری ہی ذات اول و آخر
تو ہی قائم ہے اور تو ہی قدیم
تجھ سے وابستہ ہے ہر تمنا ہے
تیری ہی آسراہے رب کریم
والی شش جہات واحد ذات
درازقد کائنات رب رحیم" (8)

بہر حال شاہ عبداللطیف بھٹائی نے اپنی استطاعت کے مطابق اس ذات بے سہتا کی شان کبریائی کے سامنے سر نیاز خم کرنے کا فرض ادا کیا ہے اور مست توکلی ذات باری کے متعلق فرماتے ہیں کہ ذات اقدس قائم دائم اور قدیم ہے جبکہ باقی دنیا فانی ہے۔خدائے قدوس کی ذات حکمتوں اور مظاہروں قدرت میں تو ظاہر و عیاں ہے لیکن ظاہر ہونے کے باوجود نور کے پردوں میں مستور ہے۔ کیا ہے کہ

ترجمہ:

ہر چیز فنا ہو جائے گی فقط ذات الہٰی باقی رہے گا

اس کے سامنے کسی اور ہستی کی کیا حقیقت ہے
محبوب (حقیقی) بظاہر عیاں لیکن نورانی چادر میں پنہاں ہے
اپنی نظر کرم سے ہماری جانب توجہ مبذول فرما
تو یکتا ، پاک اور گناہ بخشنے والا ہے
تیری قدرت کا ملہ ہر بات پر قادر ہے
تو بادشاہ ہے بلند و برتر اور بے مثال
تو ہی میرا وارث اور میرا حال زار جاننے والا ہے
تو ہی بیکسوں کا پرورش کرنے والا ہے" (9)

شاہ عبداللطیف بھٹائی کا تصوف زندگی آموز ہونے کے ساتھ زندگی آمیز بھی ہے۔آپ خدا کے خود بھی سچے عاشق تھے اور آپ کی ہمیشہ یہی خواہش رہی کہ سب لوگ بھی خدا کو صحیح طور پر اور بخوبی پہچان لیں تاکہ بے راہ روی اور گمراہی ان کے قریب سے بھی نہ گزرے۔

الف

"ان کے لب پ ہے سورۂ اخلاص
جن کو حرفِ الف سے الفت ہے
کاپڑی ہو گئے فنا فی اللہ
زندگی ان کی اب عبادت ہے
مل گیا ان کو مرشد کامل
یہ سعادت بڑی سعادت ہے

ب

بزم ہستی کی راحتوں کا ذکر
ان کے نزدیک بے حقیقت ہے
جن کو پیارا ہے مرشد کامل
ترکِ دنیا میں ان کو راحت ہے

پ

پیکر خستہ نذر آتش عشق
رنج و غم کے الاؤ ہیں دل میں

کیا تعلق کسی سے اب ان کو
کون جانے جو گھاؤ ہیں دل میں

ت

تیز گام وہ توکل ہیں
وہ ازل سے ہیں راسخ الایمان
کوئی توشہ نہیں ہے ان کے پاس
ان کے سر پر ہے سایۂ رحمان
مطمئن ہیں ہر ایک عالم میں
مل گیا ہے گرو سے سچا گیان

ث

ثبت ہے دل پہ نقشِ عہد وفا
جاں و دل سے کسی پہ مائل ہیں
کیا خبر ان کے دیدہ و دل میں
کس کے سوز و گداز شامل ہیں
وہ کمربستہ رھرو لاہوت
صرف حرفِ الف کے قائل ہیں

ج

جاں بحق ہو گئے ہیں آدیسی
کر دیا اپنے نفس کو نابود
خود فراموش ہو گئے دیکھ لیا
اپنے ہی دل میں جلوۂ معبود

ح

حیرتی ہوں میں دیکھ کر ان کو
کتنے خود آشنا ہیں وہ مجذوب
دوستی اور دشمنی ان کی

صرف اللہ تعالیٰ ہی سے ہے منسوب
پیر و مرشد سے جا ملے جوگی
مٹ گیا فرقِ شاہد و مشہود

خ

خوفِ حق سے ہمیشہ مہر بلب
بفضل دل میں نہ کوئی کینہ ہے
ہو سکے جس سے مغفرت حاصل
ان کو پیارا وہی قرینہ ہے

د

دل میں سوزِ دردوں چھپائے ہیں
دھونیاں درد کی رمائے ہیں
جو غم ماسوا سے تھے منسوب
دل سے وہ نقش سب مٹائے ہیں
پیر و مرشد کے والم و شیدا
پیر و مرشد سے لو لگائے ہیں

ذ

ذکر معبود میں ہیں دائم مست
پاک باطن ہیں اور نیک اطوار
قتل ہوتے ہیں ملحد و مرتد
ان کی تسیخ سے کہ ہے تلوار
جو سزا و جزا کا مالک ہے
جاوداں اس کے عشق میں سرشار

ر

روح محکوم قادرِ مطلق
قلب اس کی رضا پہ راضی ہیں

اب تو وہ جاں سپردگان وفا
ہر سزا و جزا پہ راضی ہیں

ز

زندگی میں کوئی نہیں خامی
زہد سے پختہ ہو گیا کردار
مخلصانہ عبادتیں ان کی
ان کے جوش و خروش کا اظہار

س

سوامیوں کے لئے نہیں سونا
ان کی آنکھیں ہے نیند سے بیزار
جاگ کر رات کاٹ دیتے ہیں
یہ طلب گار دولتِ بیدار
مل گئی ان کو منزل عرفاں
وصل مرشد سے ہو گئے سرشار

ش

شرع کے جان و دل سے ہیں پابند
کاپڑی پیرو طریقت ہیں
مطمئن ہیں وہ صاحب ایماں
جن کے دل عارف حقیقت ہیں
کتنے خویش بخت ہیں وہ خوش اعمال
جو سزاوار عیش جنت ہیں

ص

صبر کرنا انھوں نے سیکھا ہے
ان کے غم کا یہی مداوا ہے
رہگذار حیات میں اکثر
ان کو ثابت قدم ہی پایا ہے

ض

ضامن قرب دوست تنہائی
اب انھیں واسطہ ہے خلوت سے
من کی دنیا میں ہیں مگن جوگی
ہو کے آگاہ ہر حقیقت سے
لذت درد جاوداں پائی
خود فراموشی محبت سے

ط

طالبوں کو کوئی خیال تو ہے
جاودانہ ہے جستجو ان کی
کیوں نہ ہو جائیں فنا فی اللہ
کہ اسی میں ہے آبرو ان کی
حسن و حق کی تلاش ہے ان کو
کاش پوری ہو آرزو ان کی

ظ

ظاہری طورپر بھی ہیں دین دار
ان کا باطن بھی سربسر ایمان
شعر و نغمہ سے ان کو ملتا ہے
اک نیا کیف اک نیا وجدان
وہ خدا جو ہے واحد و قہار
اس کی پہچان ان کو ہے آسان
ان کا سوز و گداز کیا کہیے
جان کو وہ نہیں سمجھتے جان

ع

عارفوں کی عجیب ہے ہر بات
آپ قاتل ہیں آپ درماں ساز

جانتے ہیں وہ صاحب اوصاف
فکر بیم و رجا میں ہے کیا راز
درمیانہ روی کا آئینہ
ان خدا آشناؤں کی تگ و تاز

غ

غم زدہ کس قدر ہیں سنیاسی
پھر بھی حرص و ہوا سے ہیں آزاد
نورِ مشرق سے آشنا ہو کر
فکر صبح و مسا سے ہیں آزاد
کوئی دل میں نہیں خدا کے سوا
کشش ماسوا سے ہیں آزاد
روح پرور صدا لگاتے ہیں
آتشِ غم سے دل جلاتے ہیں

ف

فکر حق میں فنا ہیں آدیسی
آشنائے خدا ہیں آدیسی
امتحانِ فراق کیا کہیے
درد میں مبتلا ہیں آدیسی
کیوں نہ ہم ان کے ہمنوا ہو جائیں
روح پرور صدا ہیں آدیسی

ق

قریب منزل ہے اور لاہوتی
حسن ملکوت سے ہے دل معمور
ان کا مسکن ہے عالم ناسوت
قربت غیر اب نہیں منظور

ان کی معجز نما نگاہوں نے
کوئی دیکھا ہے جادۂ پرنور

ک

کر کے اللہ کی رضا جوئی
کاپڑی کوزنش بجا لائے
دست بستہ بہ دیدۂ خونباز
حسن جاناں کے روبرو آئے
کون جانے انھوں نے در پردہ
کتنے انعام عیب سے پائے

گ

گرمیٔ شوق ان کی ہجرت ہے
بس یہی جوگ کی علامت ہے
انھیں دیر و حرم سے کام نہیں
لامکاں سے جنہیں عقیدت ہے
صرف اللہ سے وہ ڈرتے ہیں
صرف اللہ سے محبت کرتے ہیں

ل

لامکاں ہو گئے ہیں لاہوتی
کر کے راز و نیاز کی باتیں
اب ہمیشہ زباں پہ رہتی ہیں
قادر و کارساز کی باتیں
محرمیت ہی محرمیت ہیں
ان کے سوز و گداز کی باتیں

م

محرم وصل جان جاں جوگی
گم ہیں لاہوت کی محبت میں

نیک اعمال دلنشیں کردار
اب تو شامل ہیں ان کی فطرت میں
جاگ کر رات کاٹ دیتے ہیں
ذکر حق کی دوام لذت میں

ن

ناز پروردہ غم محبوب
خود فراموش و بے اماں جوگی
کیا خبر کس کا پاس فرمان ہے
سوئے نانی ہیں پھر رواں جوگی

و

وہ وفا کیش و حق نگر جوگی
وصل کی آرزو میں جیتے ہیں
بھید ان کا کسی کو کیا معلوم
جانے کس جستجو میں جیتے ہیں

ہ

ہر گناہ و ثواب سے آزاد
آشنائے رموزِ وحدت ہیں
کاپڑی موت سے نہیں ڈرتے
راز دار غم محبت ہیں
کوئی دیکھے تو کتنے پراسرار
یہ ہوا خواہِ محرمیت ہیں

ی

یاد اللہ میں ہیں وہ مشغول
فکر دنیا ہے درد سر ان کو
دور ہر راہ معصیت سے دور

پیش ہے پھر کوئی سفر ان کو
پیر و مرشد کی جستجو میں کہیں
لے گئے پھر دل و نظر ان کو" (10)

جس طرح شاہ عبداللطیف بھٹائی کا خیال ہے کہ قرآن مجید کی تعلیمات ہی ہموار اور کشادہ راہ پر سفر کرنے کے لئے حقیقی جذبہ پیدا کرتی ہیں اور یہ جذبہ جب کسی کے اندر پیدا ہو جائے تو پھر وہ اپنی منزل سے کبھی نہیں بھٹکتا ہے اور اسی طرح مست توکلی خدائے قدوس کی حمدیت کا پرچار کرتے ہیں۔ جس نے اپنی شان کریمی سے نیک و بد کے امتیاز سے بے نیاز ہو کر بندوں پر رحمتوں اور برکتوں کی بارش کی ہے۔ خدائے عزوجل کے حمد کے بعد شاعر، بارگاہ رسالت میں اپنی محبت و عقیدت کے پھولوں کا نذرانہ پیش کرتا ہے اور آخر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بازوئے خیبر شکن کی تعریف میں نغمہ سرا ہوتا ہے۔

" میں خدا کی قدرتوں کا ثنا خواں ہوں
اس کے رنگا رنگ مظاہر اور تخلیقات کا بیان کرتا ہوں
اس سخی کی نعمتوں اور مرحمتوں کو یاد کرتا ہوں
خدائے صمد کی عطا کردہ شیریں مشروبات کا شکریہ ادا کرتا ہوں
پکے ہوئے عالیشان باغات عطا کرنے کا (احسان مند ہوں)
آنحضرت (بنی نوع انسان کے) برگزیدہ ترین شخصیت اور بادشاہ ہیں
وہ خوشی اور شادمانی کے پیام لے کر آئے
میدان جنگ کے بہادروں کے پہلوان شاہ (حضرت علیؓ) ہیں
مردانہ وار قول نبھانے کی صلاحیت ان کی شان کا طرہ امتیاز ہے
اللہ اور علیؓ اچانک مدد کو پہنچتے ہیں"(11)

محاصل:

بلوچی ادب تین مختلف ادوار پر مشتمل ہے، پہلا دور کلاسیکی دور کہلاتا تھا، دوسرا دور ملائی دور تھا اور تیسرا جدید دور تھا۔ اسی طرح مست توکلی کا شمار ملائی دور سے ہوتا ہے۔ اس دور کے سرخیل ملا فاضل تھا اور مست توکلی اس دور کے اہم شاعر تھے۔ مست کی شاعری کا تعلق براہِ راست عشق کے جذبات اور احساسات سے لبریز تھا اور اس کے ساتھ ساتھ سموؤں کی شاعری میں ایک اہم مقام رکھتی ہے۔ مست کی شاعری کا زیادہ تر حصہ سمو کی دوستی اور مہر و محبت سے جڑا ہوا ہے۔ اس ہی طرح بلوچی ادب میں اس کی شاعری نے ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ اور اسی طرح شاہ عبداللطیف بھٹائی سندھ کے اکابر اولیاء سے ہیں۔ اگرچہ سندھ میں بڑے جلیل القدر اولیاء صوفیاء اور شعرا پیدا ہوئے، لیکن ان سب میں شاہ عبداللطیف

بھٹائی کو خاص شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی۔انکی ذات فیوض و برکات کا سرچشمہ تھی۔اس کے علاوہ ان کی شاعری اثر وتاثیر، سوز و گداز کا ایک خزینہ ہے۔

مست توکلی اور شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری کا تقابلی جائزہ لیا گیا۔ جس میں وہ اپنی ہم عصر شاعر کے خوبصورت اور دل نشین منظوم شاعری سے بہت متاثر تھے۔شاعری انسانی احساسات وجذبات اور مشاہدات و تجربات کی عکاسی کا نام ہے۔کوئی انسان ہو وہ ہمہ وقت کسی نہ کسی چیز یا قدرت کی تخلیق کردہ اشیاء کے مشاہدے میں یا اپنی وقتی ایجادات اور تخلیقات میں مصروف رہتا ہے۔اور سوچوں میں گم رہتا ہے۔ ہر انسان کے سوچنے کا اپنا نکتہِ نظر ہے۔اسے ہی حالات مست اور اِس کے ہم عصر شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے بحث و مباحث کیا گیا ہے۔ تحقیقی مقالہ کے اس حصے کے مطالعہ سے پڑھنے والوں کو اس بات کا اچھی طرح سے اندازہ ہو جاتا ہے کہ مست توکلی اپنے ہم عصر شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی سے کس طرح متاثر تھے اور مست کی شاعری میں کون سے جداگانہ صلاحیت موجود ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ مری، میر مٹھاخان، سمو بیلی مست، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ، 1991، ص: 66

۲۔ ویب سائٹ، شاہ عبداللطیف بٹھائی کلام، https//www.sufianakalaam.com

3۔ سبط حسن، سید '' شاہ عبداللطیف بھٹائی'' مشمولہ، سرسیدین پاکستانی ادب، فیڈرل گورنمنٹ سرسید کالج راولپنڈی، 1981، ص: 281

4۔ خیابانِ پاک، ادارہ مطبوعات پاکستان کراچی، 1954، ص: 30تا31

5۔ مری، ڈاکٹر شاہ محمد، مستیں توکلی، سنگت اکیڈمی آف سائنسز کوئٹہ، 2014 ، ص، 93

٦۔ سلیم، آغا، شاہ عبداللطیف بھٹائی "سر سانگ "ویب سائٹ: https//www.urduweb.com

7۔ مری، ڈاکٹر شاہ محمد، مستیں توکلی،، سنگت اکیڈمی آف سائنسز کوئٹہ، 2014 ، ص، 222

8- شاہ عبداللطیف بھٹائی، https//www.sufianakalaam.comویب سائٹ

9- مری، میر مٹھاخان، سمو بیلی مست، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ، 1991، ص: 128

10- شاہ عبداللطیف بھٹائی، https//www.sufianakalaam.comویب سائٹ

11- مری، میر مٹھاخان، سمو بیلی مست، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ، 1991، ص 132

کتابیات:

1- مستیں توکلی (ڈاکٹر شاہ محمد مری) 2014 سنگت اکیڈمی آف سائنسز کوئٹہ،
2- سموبیلی (میر مٹھاخان) بلوچی اکیڈمی کوئٹہ، 1991
3- سرمستءِ بلوچستان (ذکیہ سردار خان)
4- توکلی مست 2012 (میر مٹھاخان مری) بلوچی اکیڈمی کوئٹہ
5- تزکرہ صوفیائے بلوچستان (انعام الحق کوثر)
6- مست توکلی (غوث بخش صابر) لوک ورثہ اسلام آباد) بلوچستان اکیڈمی کوئٹہ
7- بلوچی قدیم شاعری (جسٹس خدا بخش مری)
8- بلوچستان کی کہانی شاعروں کی زبانی 1976 (میر گل خان نصیر) بلوچستان اکیڈمی کوئٹہ
9- اولیائے سندھ 2006 (اقبال احمد) سٹی بک پوائنٹ کراچی
10- قدیم بلوچی شاعری کا تنقیدی جائزہ (واحد بخش بزدار)
11- خیابانِ پاک، ادارہ مطبوعات پاکستان کراچی، 1954

راجہ کاشف
پی ایچ ڈی ریسرچ اسکالر، جامعہ اردو

احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا" سے نئے فلمی عہد کا جنم

AHMAD NADEEM QASMI'S SHORT STORY "GANDASA" LEADS TO A NEW FILM ERA

Abstract

This research concludes that the success of Maula Jutt set new trends for Punjabi films and also encouraged film-making in other regional languages. The credit for this must go to Ahmed Nadeem Qasmi's ground breaking short story "Gandasa". Ahmed Nadeem Qasmi should undoubtedly be considered a pioneering story writer since the film that was based on his short story, opened a new chapter in film industry though perfect depiction of Pakistan's rural culture. No writer knows the impact that his narrations will create. Sure enough Qasmi sb also didn't know that his short story would lead to a new era in films where Maula Jutt will be admired and watched by film enthusiasts across Pakistan including in Karachi. This demonstrates that those who love the cultural diversity of the country, would watch films that promote the rural culture, although they may not have much knowledge of the regional languages. It is heartening that the film industry is being revived, but we should also focus on producing movies in regional languages. This will not just promote the local languages, but will also create harmony through bringing people close from different regions of the country and play a pivotal role to bring back the glory days of Pakistan's film industry.

پاکستان میں فلموں نے خاصے اتار چڑھاؤ کا سامنا کیا ہے۔ قومی زبان کی فلمیں مقامی زبانوں میں بننے والی فلموں پر غالب رہی ہیں۔ اس لئے مقامی زبانوں پر فلمیں بننے کا رجحان کم رہا ہے۔ قومی زبان اردو میں بننے والی فلموں کے چار کلیٹی ہیرو وحید مراد کے عروج کا دور ۱۹۶۵ء سے ۱۹۷۵ء تک ہے۔(۱)

۱۹۶۶ء میں وحید مراد کی فلم ارمان سپر ہٹ ہوئی تو ان کے لئے کامیابیوں کی لائن لگ گئی لیکن وحید

مراد کے عروج کے دور میں ہی قومی زبان سے مقامی زبانوں میں فلم سازی کا رجحان پیدا ہو گیا تھا۔ حتیٰ کہ وحید مراد نے ۱۹۷۱ء میں پنجابی فلم مستانہ ماہی میں کام کیا اور یہ فلم وحید مراد کے اردو لب و لہجے کے ساتھ سپر ہٹ بھی ہوئی۔ اس فلم کا گیت "سیونی میرا ماہی میرے بھاگ جگاون آگیا" ایسا سپر ہٹ ہوا کہ اسے سدا بہار گیت کا درجہ حاصل ہو گیا۔ (۲) یہاں سے پنجابی فلم سازی کا رجحان بڑھنا شروع ہوا

۱۹۷۱ء میں پنجابی فلم مستانہ ماہی کی کامیابی کے بعد ۱۹۷۲ء میں پنجابی فلمیں اچھا کاروبار کرنے لگیں۔ ایسے میں سلطان راہی کو پنجابی فلم بشیرا نے سپر اسٹار بنا دیا۔ (۳) اور وہ فلم انڈسٹری میں اپنا مقام بنانے میں کامیاب ہو گئے۔ بشیرا گو کہ ایک ڈاکو کی زندگی پر بننے والی فلم تھی۔ مگر اس سے سلطان راہی کو بی کلاس کے ایکٹر سے آگے بڑھ کر اپنا نام بنانے کا نادر موقع ملا۔

فلم بشیرا کے ڈائریکٹر اسلم ڈار کے مطابق: "میں اداکار ساون کو مرکزی کردار کے لئے کاسٹ کرنا چاہتا تھا مگر اس نے ستر ہزار روپے کی ڈیمانڈ کی۔ اس کی اتنی زیادہ ڈیمانڈ کے بعد مجھے سلطان راہی کو فلم میں کاسٹ کرنا پڑا وہ بھی صرف سات ہزار روپے میں" (۴)

اداکار ساون اپنے دور میں نمایاں مقام رکھتے تھے مگر فلم کو ویسے بھی بند مٹھی کا کھیل کہا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بند مٹھی جب کھلتی ہے تو کیا تماشا ہوتا ہے یہ کوئی نہیں جانتا۔ ایسا ہی کچھ سلطان راہی کے ساتھ ہوا۔ ہزار مخالفت کے باوجود اسلم ڈار نے سلطان راہی کو کاسٹ کیا ہے اور ان کا کھیلا ہوا یہ جوا چل گیا۔ یہیں سے سلطان راہی فلم سازوں کی نظر میں آگئے۔

پاکستانی رائٹرز کی کہانیوں پر فلم سازی

نسیم حجازی، سعادت حسن منٹو،، سلمیٰ کنول اور رضیہ بٹ کی تحریروں سے استفادہ کرتے ہوئے کئی پاکستانی فلمیں بنیں۔ مصنف و ہدایت کار ریاض شاہد نے نسیم حجازی کے ناول شاہین سے ماخوذ فلم غرناطہ بنائی اور وہ ریاض شاہد کی بہترین فلموں میں سے ایک ثابت ہوئی۔ ہدایت کار اقبال شہزاد نے سعادت حسن منٹو کے افسانے جھمکے کو فلم بدنام کی صورت میں پیش کیا۔ اسی طرح ہدایات کار اسلم ایرانی نے منٹو کے ایک افسانے لائسنس سے ماخوذ فلم لائسنس بنائی جس کی کاسٹ میں سلطان راہی اور مصطفیٰ قریشی شامل تھے۔ رضیہ سلطانہ کے ناول صاعقہ پر ہدایت کار لیئق اختر نے فلم صاعقہ بنائی۔ (۵)

گویا ہم کہہ سکتے ہیں کے پاکستانی فلم ساز پاکستانی رائٹرز کی نمایاں تحاریر کو اپنی فلموں کے قالب میں ڈھالتے ہوئے ہچکچاتے نہیں ہیں۔ پاکستانی فلموں کے حوالے سے ایک منفی فضا ہوا ایک زمانے سے بنی چلی آرہی ہے کہ یہاں بڑی سطحی فلمیں بنتی ہیں یا ادب سے فلمی دنیا سے وابستہ لوگوں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اتنے بڑے ناموں کے تحاریر سے بننے والی پاکستانی فلمیں ان تمام منفی خیالات کی نفی کرتی نظر آتی ہیں۔

احمد ندیم قاسمی کا افسانہ "گنڈاسا"

احمد ندیم قاسمی کو خصوصی طور پر پنجاب کی دیہاتی زندگی کا عکاس افسانہ نگار کہا جاتا ہے۔ اردو میں پنجاب کے دیہات کے پس منظر میں اس سے خوبصورت کہانیاں اور کسی نے نہیں لکھیں۔ ان کا تخیل پنجاب کی فضاؤں میں چپے چپے سے روشناس ہے۔ پنجاب کی رومانی فضاء اور وہاں کے لوگوں کی معصومیت و زندہ دلی، جرات و جفاکشی اور خدمت و ایثار کی تصویریں ان کے افسانوں میں آخر لازوال ہو گئی ہیں (٦)

یوں تو احمد ندیم قاسمی کے دیگر افسانے زبان زد عام ہیں مگر ان کے جس افسانے نے ایک فلمی عہد تخلیق کیا وہ کوئی اور نہیں صرف "گنڈاسا" ہے۔ گنڈاسا کی کہانی مولا نامی ایک ایسے پہلوان کے کی کہانی ہے جو فن پہلوانی میں تاک ہے اور اس کے جوڑ کا کوئی دوسرا پہلوان علاقے میں موجود نہیں۔ مولا کا دشمن رنگا جب مولا کے باپ کو قتل کر دیتا ہے تو مولا پہلوانی کو چھوڑ کر بدلہ لینے نکل پڑتا ہے۔ وہ رنگا کو قتل کر دیتا ہے۔ وہ ایک ایک کر کے رنگے کے خاندان کے لوگوں کو قتل کرتا ہے اور پکڑ میں بھی نہیں آتا۔ پھر اسے رنگے کے چھوٹے بیٹے کی منگیتر راجو سے محبت ہو جاتی ہے۔ جس سے مولا کا گنڈاسا کند ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب رنگے کا بیٹا مولا سے جھگڑا کرتا ہے تو مولا کا گنڈاسا حرکت میں نہیں آتا اور وہ اپنی محبت کے ہاتھوں مجبور ہو کر رنگے کے بیٹے کو قتل کرنے سے باز رہتا ہے۔

فلم وحشی جٹ

فلم سازوں اور فلمی مصنفوں کی نظریں بشیرا کی طرز پر کچھ تلاش کر رہی تھی۔ یہ وہ وقت تھا جب مقامی دیہی ثقافت کے رنگوں کو اپنی تحاریر میں ڈھالنے والے احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا" پر فلمی رائٹر ناصر ادیب کی نظر جا پڑی۔ چونکہ پاکستانی کی دیہی ثقافت پر ادب تخلیق کرنے والوں میں احمد ندیم قاسمی کا نام سر فہرست ہے۔ اس لئے ان کے معروف افسانے "گنڈاسا" کو سامنے رکھتے ہوئے ناصر ادیب نے فلم "وحشی جٹ" تخلیق کی۔

سلطان راہی کے حوالے سے بات جو اہم ہے وہ ان کا غیر پنجابی ہو کر پنجابی فلموں کا بے تاج بادشاہ بن جانا ہے۔ سلطان راہی کا تعلق مظفر نگر، ڈسٹرکٹ بجنور، یوپی، بھارت سے تھا اور ان کے خاندان نے وہاں سے نقل مکانی کر کے راولپنڈی سکونت اختیار کی تھی۔ اسی طرح مولا جٹ کے ولن مصطفی قریشی بھی پنجابی نہیں تھے بلکہ سندھی تھے اور یہی خاص بات ہے۔ پاکستان کی تمام مقامی زبانیں اپنی جگہ اہمیت رکھتی ہیں اور انہیں کوئی بھی بول سکتا ہے اگر وہ چاہے تو۔

"گنڈاسا" سے ماخوذ مولا جٹ سے نئے فلمی عہد کا جنم

١١ فروری ١٩٧٩ء کو پاکستانی فلمی تاریخ کی کامیاب ترین فلم مولا جٹ ریلیز ہوئی۔ یہ فلم لاہور کے

گلستان سینما میں مسلسل ایک سو تیس ہفتے چلتی رہی اور اپنی اولین نمائش کے دوران مجموعی طور پر تین سو دس ہفتوں تک چلی۔ پابندی کا شکار نہ ہوتی تو یہ فلم بھارتی فلم "شعلے" کا پانچ سال مسلسل چلنے کا ریکارڈ بھی توڑ دیتی۔(۷)۶ لاکھ روپے سے تیار ہونے والی فلم مولا جٹ نے نے ۶ کروڑ سے زیادہ کا منافع حاصل کیا۔اس نے قیصر سینما پر ڈائمنڈ جوبلی کی اور کراچی کے گوڈین سینما پر دوسری مرتبہ چلنے پر ڈائمنڈ جوبلی کی۔(۸)

مولا جٹ نے نہ صرف پنجاب بلکہ سندھ میں خصوصاً کراچی میں بھی بزنس کیا۔ جس سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ فلم پورے ملک میں یکساں مقبول ہوئی اور بلا تخصیص زبان اسے پر زبان بولنے والے فرد نے ذوق وشوق سے دیکھا۔

فلم مولا جٹ کے مشہور ڈائیلاگ:

نوری نت (مصطفی قریشی): نواں آیا ایں سونڑیاں

ترجمہ: نئے آئے ہو،

مولا (سلطان راہی): مولے نوں مولا نہ مارے تے مولا مرنی سکدا

ترجمہ: مولا کو مولا نہ مارے تو مولا نے مر نہیں سکتا

فلم مولا جٹ کا آخری ڈائیلاگ

مولا (سلطان راہی) ترجمہ: انسانیت انتقام نہیں انصاف چاہتی ہے۔انصاف ہوتا رہا تو کوئی مولا کھڑاک نہیں کرے گا۔(۹)

ان مشہور ڈائیلاگ سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ ایک مثبت پیغام کے ساتھ بنی ہوئی فلم تھی۔ چونکہ اس میں انتقام کا عنصر موجود تھا تو اسے کچھ عناصر کی جانب سے منفی سمجھا گیا جبکہ اس میں واضح پیغام موجود تھا کہ انسانیت انتقام نہیں انصاف چاہتی ہے۔انصاف ملے گا تو کوئی مولا گنڈاسا نہیں اٹھائے گا۔یہی ایک منصف معاشرے کی علامت ہے۔۔

سلطان راہی کی دو سو سے زائد فلموں کے مصنف ناصر ادیب کے مطابق "مولا جٹ پاکستان کی پہلی فلم ہے جس کے ڈائیلاگ کے کیسٹ سیل ہوئیں۔ یہ وہ فلم ہے جس نے ہندوستان کو چونکا دیا۔اس فلم کو سامنے رکھتے ہوئے اداکار دھرمندر نے اسے ۴ مرتبہ بنایا۔ جس میں سے تین مرتبہ اردو میں "فلم جینے نہیں دوں گا"، "آگ لگا دوں گا" وغیر کے نام سے اور ایک مرتبہ پنجابی میں "پتر جٹاں دے" کے نام سے بنایا۔اسی طرح اداکار انیل کپور نے بھی مولا جٹ کے طرز پر ایک بار فلم بنائی۔ باقی لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ فلم احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا" سے ماخوذ ہے مگر ایسا نہیں ہے۔ فلم کے ہیرو کا نام مولا ضرور ہے۔اسی طرح گنڈاسا تو پنجاب میں عام استعمال ہوتا ہے۔احمد ندیم قاسمی کا ہیرو مولا تو روتا ہے جبکہ میرا ہیرو تو بہادر ہے وہ نہیں روتا۔اس سب کے باوجود لوگ اسے احمد ندیم قاسمی کے افسانے سے متعلق سمجھتے

ہیں جو بالکل غلط بات ہے۔"(۱۰)

ناصر ادیب خود اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ مولا میرا ہیرو ہے اور گنڈاسا اس کا ہتھیار ہے۔ وہ فلم کی مقبولیت کا کریڈٹ کسی بھی طرح احمد ندیم قاسمی کو دینے کو تیار نہیں ہیں۔ فلم کے ڈائیلاگ بلاشبہ ان کے قلم کا اعجاز ہے مگر فلم کی بنیاد تو احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا" پر ہی ہے جس نے ایک فلمی عہد کو جنم دیا ہے۔ اگر کسی غیر معروف رائٹر کی تحریر سے وہ فلم کی کہانی لے کر فلم لکھتے تو بات چھپ جاتی مگر احمد ندیم قاسمی تو رجحان ساز افسانہ نگار ہیں۔ اب وہ وقت آگیا ہے کہ اعتراف کیا جائے کہ قاسمی صاحب کے افسانے نے ایک عہد کو جنم دیا۔

مولا جٹ میں نوری نت کا کردار ادا کرنے والے اداکار مصطفٰے قریشی کے مطابق "احمد ندیم قاسمی برصغیر کے سب سے بڑے افسانہ نگار تھے۔ ان کے افسانے گنڈاسا پر فلم مولا جٹ بنی جو لاہور کے شبستان سینما میں چار سال چلی۔ پنجاب میں گنڈاسا بہادری، غیرت اور خودداری کی علامت ہے۔ ہر جگہ ایک ثقافتی ہتھیار ضرور ہے۔ جیسے سندھ میں کلہاڑی ہے، ایسے ہی پنجاب میں گنڈاسا ہے۔ جب ظلم ہوتا ہے تو مظلوم گنڈاسا اٹھاتا ہے۔ ستر اور اسی کی دہائی میں مقامی زبانیں بننے کا رجحان بڑھا۔ ویسے بھی مقامی زبانوں کے لئے فلم ضروری ہے۔ اس سے ان کو فروغ ملتا ہے اور پنجابی، سندھی، بلوچی، پشتو، سرائیکی، ہندکو اور دیگر سب زبانیں ہماری قومی زبانیں ہی ہیں۔ ان میں اب بھی فلمیں بننی چاہئیں ہیں۔"(۱۱)

احمد ندیم قاسمی کو اس بات کا کریڈٹ جاتا ہے کہ ان کے ایک افسانے پر پاکستانی فلموں کے ایک عہد نے جنم لیا۔ سعادت حسن منٹو پر فلم بن سکتی ہے مگر احمد ندیم قاسمی نے تو ایک جہاں تخلیق کر دیا۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ان کے افسانوی کردار پر کہیں بھی اتنی تفصیل سے روشنی نہیں ڈالی گئی۔ ان کے لئے پاکستان کے رجحان ساز افسانہ نگار ہونے کا اعزاز ہونا چاہیے تھا۔

معروف ادیب، نقاد اور شاعر سحر انصاری کے مطابق "احمد ندیم قاسمی عہد ساز افسانہ نگار ہیں۔ ان کی کہانیوں سے رجحان میں تبدیلی ہوئی۔ اس لحاظ سے ہم ان کو رجحان ساز افسانہ نگار کہہ سکتے ہیں۔ گنڈاسا کی بنیاد پر فلم مولا جٹ بنائی گئی جس کے بعد پنجاب کے کلچر اور ظالم و مظلوم کی لڑائی کے موضوع کو دوسرے فلم سازوں نے بھی اختیار کیا اور اس سے ملتی جلتی فلمیں بنائیں۔"(۱۲)

عجیب اتفاق ہے کہ افسانہ "گنڈاسا" گجرانوالہ کے گرد و نواح میں پیدا ہونے والے مولا کی کہانی ہے اور اس کہانی پر بننے والی فلم کے مرکزی کردار مولا یعنی سلطان راہی کا قتل بھی گجرانوالہ کے پاس جی ٹی روڈ پر ہی ہوا۔ ان کی زندگی کی شام بھی افسانوی انداز سے اسی مقام پر ہوئی جہاں مولا کی کہانی نے جنم لیا تھا۔ کیا کہیں کہ افسانہ سے جنم لینے والے مولا نے حقیقت میں افسانوی انداز سے دم توڑا۔

ستر کے عشرے سے مقامی زبانوں میں فلم سازی کا رجحان

ستر کے عشرے کو ہم فلم انڈسٹری کے اچھے دور میں شمار کر سکتے ہیں۔ ۱۹۷۰ء میں بدر منیر اور یاسمین خان کی پہلی پشتو فلم یوسف خان شیر بانو اور پہلی گجراتی فلم ماں تے ماں اور پہلی سرائیکی فلم ریلیز ہوئیں (۱۳) گویا مقامی زبانوں کی اہمیت وقت کے ساتھ سامنے آرہی تھی۔ جو بدلتے وقت کا تقاضا بھی تھا۔ بدر منیر وحید مراد کے چپراسی اور بعد میں ڈرائیور کی حیثیت سے کام کر رہے تھے۔ وحید مراد نے انہیں فلموں میں متعارف کروایا اور۔ آخر کار وہ پشتو فلموں کے سلطان راہی بن گئے۔

مقامی زبانوں میں سندھی وہ زبان ہے جس کی پہلی فلم "عمر ماروی" ۱۲ مارچ ۱۹۵۶ء میں بن چکی تھی مگر ستر اور اسی کے عشرے میں سندھی فلم سازی کا رجحان زیادہ نظر آتا ہے۔ اسی طرح پہلی انگریزی فلم ۱۹۷۶ء میں اور پہلی ہندکو فلم ۱۹۸۰ء میں بنی۔ (۱۴) اس کی وجہ مولاجٹ کی تاریخ ساز کامیابی کو ٹھہرایا جا سکتا ہے۔ جس نے مقامی زبانوں میں فلم سازی کا رجحان پیدا کیا اور اس حوصلہ افزائی سے ستر اور اسی کے عشرے میں نہ صرف مقامی زبان بلکہ زبان فرنگی انگریزی زبان میں بھی فلم سازی ہوئی۔

پاکستان میں فلم سازی کا جائزہ لیا جائے تو اب تک اردو کی ۱۶۶۵، پنجابی ۱۴۲۲، پشتو ۸۵۷، سندھی ۷۴، بنگالی ۱۲۷، سرائیکی ۱۳، گجراتی ۲، ہندکو ایک اور انگریزی ۳ فلمیں بن چکی ہیں۔ (۱۵) مقامی زبانیں مقامی ثقافت کے اظہار کا ذریعہ ہیں اور ان میں فلم سازی نے مقامی ثقافت کی ترویج میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس میں ڈبل وژن کی فلمیں بھی اپنی جگہ اہمیت کی حامل رہی ہیں۔ اب بڑے شہروں میں نئے انداز کے جدید سینما گھر بن تو رہے ہیں مگر دیہات اور چھوٹے شہروں میں سینما گھر نہ ہونے کی وجہ سے مقامی زبانوں کی فلم سازی کم ہوتی جا رہی ہیں۔

فلمی دنیا سے وابستہ افراد کی نظر میں افسانہ گنڈاسا اور فلم مولاجٹ:

سپر ہٹ فلم چوڑیاں کے ہدایات کار سید نور کے مطابق "ناصر ادیب نے ادب سے کہانی لے کر اچھی روایت قائم کی۔ افسانہ "گنڈاسا" کی بنیاد ہماری ثقافت سے جڑی ہے۔ احمد ندیم قاسمی ایک مکمل رائٹر ہیں اور ہمیں ان پر فخر ہے۔ مولاجٹ کے بعد مقامی زبانوں کا ٹرینڈ آیا اور میرے خیال میں مقامی زبانوں میں فلمیں بننی چاہئیں۔ لوگوں کی خواہش ہے کہ ان کی زبانوں میں فلمیں بنیں۔ مولاجٹ اتنی بڑی فلم ہے کہ اس کو سامنے رکھتے ہوئے لوگ پھر سے اسے بنانا چاہتے ہیں تو یہ اچھی بات ہے۔ بلال لاشاری کی طرح نئے فلم سازوں کو تجربے کرنے چاہئیں۔" (۱۶)

اداکارہ میرا کے مطابق "مولاجٹ جیسی فلمیں اب بن ہی نہیں سکتیں۔ یہ تو شاہکار فلم تھی۔ اسے پاکستان کا ساتواں عجوبہ کہہ سکتے ہیں۔ بھارتی فلم شعلے اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہے۔ مگر ہم نے

اس کی اہمیت کو سمجھا ہی نہیں ہے۔"(۱۷)

فلمی دنیا سے وابستہ افراد کی نظر میں مولا جٹ جیسی فلم اب بن ہی نہیں سکتی لیکن کوئی بنانا چاہے تو اچھی بات ہے اور فلمی دنیا سے وابستہ افراد کی نظر میں احمد ندیم قاسمی کے افسانے کی بنیاد ہماری ثقافت سے جڑی ہے۔اسی وجہ سے فلم مولا جٹ کو اتنی پذیرائی ملی ہے۔

صحافیوں کی نظر میں افسانہ گنڈاسا اور فلم مولا جٹ:

جنگ گروپ کے روزنامہ عوام، کراچی سے وابستہ سینئر شوبز صحافی اطہر جاوید صوفی کے مطابق "احمد ندیم قاسمی کے افسانے پر بننے والی فلم مولا جٹ نے تو پاکستان میں فلمی دنیا کا ٹرینڈ ہی تبدیل کر دیا۔ یہ ایک ٹرینڈ سیٹر فلم ہے۔ پاکستان کی سب سے بڑی فلم اس کو کہہ سکتے ہیں۔ مولا جٹ نے ۴ کروڑ روپے سے زیادہ کا بزنس کیا وہ بھی اس دور میں جب نان اے سی سینما کا ٹکٹ ۲ روپے کا ہوتا تھا اور اے سی سینما کا ٹکٹ ۶۵. ۳ روپے ہوتا تھا۔اس دور کے لحاظ سے تو یہ بہت بڑی رقم بنتی ہے۔ پاکستانی فلم چوڑیاں نے بھی بڑا بزنس کیا مگر اس وقت ٹکٹ ۵۰ روپے اور ۱۰۰ روپے تھا۔ موجودہ دور کے حساب سے دیکھیں تو فلم کا ٹکٹ ۵۰۰ سے ۷۰۰ روپے تک جا چکا ہے تو اب کوئی فلم کروڑ بھی کرے تو بھی مولا جٹ کے مقابلے میں وہ پھر بھی کچھ نہیں ہو گی۔اس دور میں تو جو فلم ۲۵ ہفتے سینما پر چلتی تھی اسے سلور جوبلی، ۵۰ ہفتے گولڈن جوبلی، ۷۵ ہفتے پلاٹینیم جوبلی اور ۱۰۰ ہفتے ڈائمنڈ جوبلی کہتے تھے۔اس لحاظ سے بھی مولا جٹ نے ریکارڈ قائم کئے۔ ہم مولا جٹ کو پاکستان کی شعلے کہہ سکتے ہیں۔"(۱۸)

روزنامہ جنگ، کراچی سے وابستہ سینئر شوبز صحافی اختر علی اختر کے مطابق "احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا" پر ناصر ادیب نے فلم مولا جٹ بنائی۔ مولا جٹ غریب کی آواز تھی۔ مولا محروم لوگوں کی نمائندگی کرتا تھا۔ گنڈاسا سے ظلم کے خلاف تلوار کا کام لیا گیا۔ گنڈاسا انصاف کی علامت تھا۔اسے منفی لیا جانا غلط ہے کیونکہ یہ احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا کا پیغام نہیں تھا اور نہ ہی ناصر ادیب نے اسے غلط انداز میں پیش کیا بلکہ یہ تو انصاف کا تقاضا تھا یہی فلم کا پیغام تھا۔ ستر اور اسی کے عشرے میں مولا جٹ کی کامیابی کے بعد مقامی زبان میں فلمیں بننے کا رجحان پیدا ہوا میں تو انہیں مقامی نہیں بلکہ قومی زبانیں کہوں گا۔ان میں فلمیں بنیں اور کامیاب ہوتی رہیں۔"(۱۹)

روزنامہ جہان پاکستان، کراچی سے وابستہ شوبز صحافی عمران شیخ کے مطابق "مولا جٹ نے پوری انڈسٹری کے ٹرینڈ کو بدل دیا۔ مگر یہ تبدیلی اتنی زیادہ وقت چلی کہ بعد میں اس میں بھی یکسانیت ہو گئی۔ اس فلم سے لوگوں کو حوصلہ ملا کہ دیگر زبانوں میں بھی فلمیں بن سکتی ہیں اور کہانی اچھی ہو تو بزنس بھی کر سکتی ہیں۔ لیکن یہ سلسلے ستر سے اسی کے عشرے تک ہی چلا کیونکہ اس کے بعد ڈش آئی تو دیہاتی لوگ

چائے کے ہوٹلوں میں پانچ روپے کی چائے کے ساتھ ایک بھارتی فلم بھی دیکھ لیتے تھے۔اس سے مقامی فلموں کی ویلیو کھو گئی۔ مولا جٹ کی کامیابی کے حوالے سے احمد ندیم قاسمی اتنا بڑا نام ہیں کہ نئے لکھنے والوں کو ان سے سیکھنا چاہیئے اور انہیں پڑھنا چاہیئے۔ باقی ستر اور اسی کے عشرے کی فلمیں موجودہ دور کی فلموں سے ہزار درجے بہتر تھیں کہ کم از کم سینما اسکرین پر کچھ وقت تو گزارتی ہیں اب کی فلمیں تو آتی ہیں اور فوراً ہی اتر جاتی ہیں۔"(۲۰)

تین سو کروڑ کمانے والی بھارتی فلم بجرنگی بھائی جان سے شہرت پانے والے چینل نائنٹی ٹو سے وابستہ پاکستانی صحافی چاند نواب جن کی پاکستانی فلم جھول بھی عید پر ریلیز ہونے والی ہے،احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا" پر بننے والی آل ٹائم سپر ہٹ فلم مولا جٹ کے حوالے سے کہتے ہیں "میں نے وحشی جٹ اور مولا جٹ اپنے زمانہ طالب علمی میں دیکھی۔احمد ندیم قاسمی نے اپنے افسانوں میں دیہات کی ثقافت اجاگر کی ہے۔ مولا جٹ بننے سے سندھی اور پشتو فلمیں بھی بننے لگیں۔ لیکن ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ مولا جٹ کی طرح تو اپنی جگہ نہ بنا سکیں لیکن قاسمی صاحب کے افسانے نے فلمی دنیا کو ہی تبدیل کر دیا اور مقامی زبانوں کی فلموں نے مقامی ثقافت کو نمایاں کرنے میں اپنا کردار ادا کیا۔پنجابی فلمیں ستر اور اسی کی دہائی میں سب دیکھتے تھے۔ مجھے ہی دیکھ لیں میری مادری زبان پنجابی نہیں ہے مگر میں نے بھی شوق سے پنجابی فلمیں دیکھیں کیونکہ ہمیں اپنا علاقائی کلچر کو پروموٹ کرنا چاہیئے۔ میں پنجابی، سندھی، بلوچی اور ہندکو بھی سمجھتا ہوں کیونکہ یہ ہماری اپنی زبانیں ہیں۔ ہماری فلمیں اتنی باکمال ہوتی تھیں کہ ستر اور اسی کی دہائی میں بھارت میں بھی شوق سے دیکھی جاتی تھیں اور ان کی چربہ سازی بھی ہوئی۔"(۲۲)

پاکستانی شوبز صحافیوں کی نظر میں بھی مولا جٹ ایک تاریخ ساز فلم ہے اور اس نے مقامی زبانوں میں فلم سازی کے فروغ میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔احمد ندیم قاسمی نے اپنے افسانے گنڈاسا میں ظالم اور مظلوم کا فلسفہ پیش کیا ہے جسے خوبصورتی سے مولا جٹ کی صورت میں پردہ اسکرین پر پیش کیا گیا ہے۔ ستر کے عشرے میں اتنی سپر ہٹ فلم بنانا یقیناً اہمیت کا حامل ہے۔

حاصل بحث:

اس تحقیقی مطالعہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ پنجابی فلموں کے رجحان سے ہی پاکستان کی دیگر مقامی زبانوں میں فلم سازی کو فروغ ملا۔اس میں احمد ندیم قاسمی کے افسانے "گنڈاسا" پر بننے والے سپر ہٹ فلم مولا جٹ کا بنیادی کردار ہے۔احمد ندیم قاسمی کو رجحان ساز افسانہ نگار بلاشبہ کہا جا سکتا ہے۔ کیونکہ ان کے افسانے کی بنیاد پر بننے والی فلم نے پاکستان کی دیہی ثقافت کی ترجمانی کرتے ہوئے ایک تاریخ رقم کی۔ایک لکھاری کو خود نہیں پتا ہوتا کہ اس کی تحریر کا اثر کتنا ہو گا۔اسی طرح مولا جٹ کے بننے کے بعد

پاکستان میں ایک فلمی عہد کا جنم ہوا۔ عجب اتفاق بھی ہے کہ مولا کی کہانی نے گجرانوالہ کے گرد و نواع میں جنم لیا تو وہیں مولا کے کردار سلطان راہی کی زندگی کی لہو میں ڈوبی شام ہوئی۔ افسوس کی بات ہے کہ مولا جٹ کو بھارتی فلم شعلے کی طرح پذیرائی نہیں ملی۔

پاکستان میں مولا جٹ کو کراچی میں بھی مثالی پذیرائی ملی جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مقامی زبانوں میں بننے والی دیہی ثقافت کو اجاگر کرنے والی فلمیں وہ طبقہ بھی خوشی سے دیکھتا ہے جسے مقامی زبان نہیں آتی مگر اسے مقامی ثقافت سے پیار ہوتا ہے۔ ہمارے سامنے سینئر صحافی چاند نواب کی مثال ہے جن کی مادری زبان پنجابی نہیں تھی مگر انہوں نے بھی فلم دیکھی اور اسے پسند بھی کیا۔ مولا جٹ کے اہم کردار نوری نت یعنی مصطفیٰ قریشی کے مطابق تو ہماری ساری مقامی زبانیں ہماری قومی زبانیں ہیں۔ قومی زبان کی فلموں کے ساتھ ساتھ مقامی زبانوں کے فروغ کے لئے مقامی زبانوں میں فلم سازی کو پھر سے شروع کرنا ہوگا جب ہی محبتیں بڑھیں گی۔ اس طرح سارا ملک شیر و شکر ہو سکے گا۔ پاکستانی کی فلمی صنعت کو دوبارہ سے عروج ملے گا۔ جبکہ ہماری ثقافت بھی بھرپور پروان چڑھے گی۔

حوالہ جات:

۱۔ علی ارشد، ایڈوانس فلم پروڈکشن، ایورنیو بک پیلس، اردو بازار، لاہور، ص ۱۹۳

۲۔ علی ارشد، ایڈوانس فلم پروڈکشن، ایورنیو بک پیلس، اردو بازار، لاہور، ص ۱۹۳

۳۔ خبر، نوائے وقت، اشاعت ۹ جنوری ۲۰۱۵ء، اخذ کردہ ۶ فروری ۲۰۱۷ء

۴۔ اقبال مظہر، سلطان راہی، فلم ڈیٹا بیس، اخذ کردہ ۷ انومبر ۲۰۱۵ء
http://mazhar.dk/film/actors/SultanRahi.php

۵۔ سینما گھروں کو آباد رکھنے والی تاریخی اور موضوعاتی فلموں کی مانگ آج بھی برقرار، روزنامہ دنیا، اشاعت ۱۵ اپریل ۲۰۱۳ء، اخذ کردہ ۹ فروری ۲۰۱۷ء

۶۔ خان، وہاب اعجاز، احمد ندیم قاسمی کی افسانہ نگاری، اردو ویب، اشاعت ۹ مئی ۲۰۰۶ء، اخذ کردہ ۸ فروری ۲۰۱۷ء

۷۔ علی ارشد، ایڈوانس فلم پروڈکشن، ایورنیو بک پیلس، اردو بازار، لاہور، ص ۳۸، ۳۷

۸۔ سلطان راہی، مظہر پی کے ڈاٹ بلاگ اسپاٹ، اخذ کردہ ۶ فروری ۲۰۱۷ء
mazharpk.blogspot.com/2014/01/sultan-rahi.html

۹۔ مولا جٹ، ڈائریکٹر یونس ملک، ۱۹۷۹ئ، فلم، اخذ کردہ ۶ فروری ۲۰۱۷ء
http://www.dailymotion.com/video/x3v4ora

۱۰۔ ناصر ادیب، مصنف، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۵ فروری ۲۰۱۷ء

۱۱۔ مصطفیٰ قریشی، اداکار، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۵ فروری ۲۰۱۷ء

۱۲۔ سحر انصاری، ذاتی انٹرویو، بمقام آرٹس کونسل، کراچی، ۳ دسمبر ۲۰۱۶ء

۱۳۔ Film News/History from the 1970 retrieved on 6 February, 2017

http://pakfilms.net/movies/list.php?gid=1970%20reg=1970
۱۴۔ موشن پیکچر آرگائیوآف پاکستان، پاک فلم ڈیٹا بیس، اخذ کردہ ۶ فروری ۲۰۱۷ء
http://www.mpaop.org/mpaop/pak-film-database/
۱۵۔ موشن پیکچر آرگائیوآف پاکستان، پاک فلم ڈیٹا بیس، اخذ کردہ ۶ فروری ۲۰۱۷ء
http://www.mpaop.org/mpaop/pak-film-database/
۱۶۔ سید نور، فلم ہدایت کار، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۶ فروری ۲۰۱۷ء
۱۷۔ میرا، اداکارہ، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۴ فروری ۲۰۱۷ء
۱۸۔ اطہر جاوید صوفی، سینئر صحافی جنگ گروپ روزنامہ عوام، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۴ فروری ۲۰۱۷ء
۱۹۔ اختر علی اختر، سینئر صحافی، روزنامہ جنگ، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۶ فروری ۲۰۱۷ء
۲۰۔ عمران شیخ، صحافی روزنامہ جہان پاکستان، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۴ فروری ۲۰۱۷ء
۲۱۔ چاند نواب، اداکار و سینئر صحافی چینل ۹۲، ٹیلیو فونک انٹرویو، ۱۴ فروری ۲۰۱۷ء

آسیہ خان
جی۔ سی۔یونیورسٹی،لاہورلیہ کیمپس نزدوڑائچ گارڈن لیہ

منٹو کی تشبیہات کا تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ

THE ANALYTICAL AND CRITICAL STUDY OF SA'ADAT HASSAN MANTO

Abstract:

Sa'adat Hassan Manto is positively the most celebrated Urdu novelist. Known for his controversial subject, Manto successfully rendered a social robe to the, otherwise, 'Tabooed' life of sex workers. His work becomes even more illustrious owing to his frequent use of unique similes extracted from the real spheres of human activity. Similes and metaphors serve as necessary ornaments in literature. The value of artistic works is mostly connected with the originality and depth of these devices. Manto has positively taken this art to the new heights of narrative skill. The present study is quite significant as it explores the crafty use of similes by Manto in his heart touching stories.

تشبیہ اور استعارہ کو ''علم بیان'' کے باب میں کلام کا زیور تصور کیا جاتا ہے۔ تشبیہ کلام میں ندرت، جدت اور لطافت کا سبب بنتی ہے اور کسی جذبہ، شے یا واقعہ کے اُس مخفی پہلو کو ظاہر کرتی ہے جس کی تہہ تک عام آدمی کی رسائی نہیں ہوتی۔ خوبصورت تشبیہ وہ ہوتی ہے جس میں تکلف، غرابت اور غیر معتدل پہلو موجود نہ ہو۔ تشبیہ کا کلام میں مقام اور مرتبہ یہ ہے کہ اس کے استعمال سے انسان معروف سے مجہول کی جانب سفر کرتا ہے اور ان سچائیوں اور حقائق سے متعارف ہوتا ہے جن کو ظاہر کرنے کے لیے عام انداز اور بیانیہ الفاظ قاصر ہیں۔1

بقول شبلی نعمانی: ''انسان میں فطرتاً یہ بات پیدا کی گئی ہے کہ وہ اشیاء کی تصویر سے لطف اٹھاتا ہے۔ ایک بدصورت حبشی ہمارے سامنے آئے تو ہم کو نفرت ہو گی، لیکن اگر کوئی ہو بہو اس کی تصویر کھینچ دے تو ہم کو لطف آئے گا اور جس قدر وہ اصل کے مطابق ہو گی اسی قدر طبیعت پُر لطف اور استعجاب کا زیادہ اثر ہو گا۔ چونکہ تشبیہ بھی ایک قسم کی تصویر ہے، اس لیے طبیعت کا اس سے محظوظ اور متلذذ ہونا ایک فطری امر ہے۔''2

مراد یہ ہے کہ کامیاب تشبیہ وہ ہے جس میں کسی جذبے، شے یا واقعہ کی ہو بہو تصویر سامنے لائی

جائے، اس کے لیے اس پہلو کا ہونا بھی ضروری ہے کہ تشبیہ قریب الفہم اور پُراثر ہو۔ دوراز کار تشبیہات کلام کو مشکل، پر تصنع اور الجھاؤ کا شکار کر دیتی ہے، جبکہ سہل، رواں اور عام فہم تشبیہیں کلام کی جان ہوتی ہیں۔ تشبیہ کا تعلق تہذیب و ثقافت اور لسانی و ادبی تاریخ سے بھی بہت گہرا ہے۔ اگر تخلیق کار تشبیہیں اپنی تہذیب و ثقافت، زبان تاریخ، لوک ادب، دینی تصورات اور اپنے خاص سماجی اور تہذیبی ماحول سے اخذ کرتا ہے تو ان کا ابلاغ زیادہ وسیع اور گہرا ہوتا ہے۔ اسی لیے تشبیہ کی اہمیت و افادیت کا ہمیشہ اعتراف کیا جاتا ہے کیونکہ اس کے بغیر کلام ایسے پکوان کی مانند ہو گا جس میں نمک مرچ نہ ہو۔ تشبیہ کا اعتراف مولوی عبدالرحمٰن ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''شہرستانِ شعر میں اگر تخیل کو دیکھنا اور اس کی حقیقت کو سمجھنا ہو تو ایک دفعہ تخیل کے خیال کو دماغ سے بالکل نکال دیجیے اور صرف تشبیہ کی سیر نگیوں کو دیکھیے اور غور سے سمجھیے، تشبیہ ہی وہ چیز ہے جو شرارہء جذبات کو پر کالہء آتش بناتی، سایہ کو چمکاتی اور نیست کو ہست کر دکھاتی ہے، شعر کا زیور، ادا کا نشتر، اختراع کا منتر؛ کیا بتاؤں کہ کیا کیا تشبیہ کی ذات میں مضمر ہے۔'' 3

تشبیہ کا یہی کمال ہے کہ قاری اسی جذبے سے متکیف ہوتا ہے جس کی واردات سے تخلیق کار خود گزرتا ہے۔ دراصل فنکار کی نگاہِ دور بین جذبہ کی جس تہہ تک پہنچتی ہے اس تک غیر فنکار انسان عام حالات میں نہیں پہنچ سکتا۔ اسی لیے فنکار ہماری حسیاتی دنیا سے تشبیہات اخذ کر کے لوگوں کو اپنی واردات قلبی میں حصہ دار بناتا ہے اور وہ انھیں اس کیفیت میں لے جانا چاہتا ہے جس جذباتی کیفیت سے وہ خود گزر رہا ہوتا ہے اور یہ کام تشبیہ سے زیادہ اور کس ذریعے سے ہو سکتا ہے؟ اردو شعر و ادب آغاز ہی سے فارسی شعریات اور ادبیات سے متاثر رہا ہے۔ اس لیے اردو شاعری میں زیادہ تر تشبیہات فارسی سے ہی ماخوذ ہیں۔ لیکن ہمارے شعراء اور ادباء نے مقامی رنگ میں بھی تشبیہات تخلیق کی ہیں اور ہر عہد میں سماجی، سیاسی اور معاشی حالات کے زیرِ اثر نئی نئی تشبیہیں بھی جنم لیتی رہی ہیں۔ تشبیہات کا یہ ارتقائی سفر ہمارے شعراء اور ادباء کے علمی، فنی، ادبی اور لسانی شعور کا بین ثبوت ہے۔ عام طور پر تشبیہات کے باب شاعری کو زیادہ تر مرکزِ نگاہ بنایا جاتا ہے اور نثر کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے ہمیشہ نثری اسالیب قاری کی توجہ حاصل نہیں کر سکتے۔ یہی تشبیہات اور استعارات ہی ہوتے ہیں جن سے شاعر یا نثر نگار کی تخلیقی اداؤں کا پتا چلتا ہے۔ بقول انیس ناگی:

''تشبیہ اور استعارہ، شاعری بلکہ عام زبان آوری کی خط و خال ہیں جن کے بغیر انشاپردازی کا جمال قائم نہیں رہتا۔ ایک عامی سے عامی بھی جب جوش یا غیظ و غضب سے لبریز ہو جاتا ہے تو جو کچھ اس کی زبان سے نکلتا ہے وہ استعارات کا قالب بدل کر نکلتا ہے۔ استعارہ دراصل فطری طرزِ ادا ہے۔ جب شاعر یا ادیب تجربے کے اظہار کے لیے موجود ذخیرہء الفاظ اور تراکیب میں اظہار کی صلاحیت نہیں پاتا تو وہ تشبیہ

اور استعارے کے ذریعے لسانی مرکبات تیار کرتا ہے۔'' 4

صرف استعارہ نہیں بلکہ تشبیہ بھی طرزِ ادا ہے۔ جب ان دونوں میں یہ وصف موجود ہو تو ادبی جمال پیدا ہوتا ہے۔ اس تناظر میں سعادت حسن منٹو کے افسانے فطری طرزِ ادا کی ایک لاجواب مثال ہیں۔ اس سلسلے میں وارث علوی لکھتے ہیں:

''منٹو نے غیر ضروری تفصیلات، جزئیات، منظر نگاری، فضا بندی، سماجی اور ثقافتی عکاسی سے احتراز کر کے اپنے افسانے کو اس حد تک کفایت شعارانہ بنایا کہ بادی النظر میں بس یہی لگتا کہ وہ تو بس دھان پان قسم کی ایک کہانی کہہ رہا ہے۔۔۔۔۔ چونکانے والی، سنسنی خیز، استعجاب انگیز اور غیر متوقع انجام کی حامل۔ اگر معاملہ اتنا سیدھا سادہ ہوتا تو منٹو بطور فنکار کے کب کا ختم ہو گیا ہوتا۔'' 5

چونکا دینے والی صلاحیت اور سنسنی خیزی پھیلانے کی ادا ہی منٹو کو عظیم افسانہ نگار بناتی ہے۔ یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ منٹو سفاک حقیقت نگار ہیں۔ معاشرے میں بکھری سماجی، تہذیبی اور معاشرتی کج رویوں کو اپنے خاص اسلوب اور منتخب لفظیات کی ذریعے اس طرح اجاگر کرتے ہیں کہ طنز کے جملہ پہلو بھی ظاہر ہونے لگتے ہیں اور یہی وہ اسٹائل ہے جو خود بول کر منٹو کی تخلیق کا اعلان کرتا ہے۔ بقول ڈاکٹر انوار احمد:

''اردو کے تمام افسانہ نگاروں میں یہ اعزاز صرف منٹو کو حاصل ہے کہ اس کا سٹائل پہچانا جاتا ہے۔۔۔۔ عام طور پر ڈرامائیت، چونکانے کی آرزو اور غیر متوقع انجام منٹو کے سٹائل کے بنیادی اوصاف قرار دیئے جاتے ہیں جو موپساں اور او ہنری کے اثرات کا کرشمہ بتائے جاتے ہیں۔ تاہم یہ واقعہ ہے کہ منٹو کا بنیادی وصف طنز ہے اس کا جتنا موثر استعمال منٹو نے کیا ہے شاید ہی کسی اور نے کیا ہو۔'' 6

منٹو کی یہ انفرادیت اس کی فکر اور فن کے اچھوتے پن کی وجہ سے مستحکم ہوئی ہے، اس کا پس منظر یہ ہے کہ منٹو کا عہد تہذیبی شکست و ریخت کا عہد تھا۔ پرانی اقدار پامال ہو رہی تھیں اور ایک نیا دور جنم لے رہا تھا۔ اس ٹوٹ پھوٹ کی نشاندہی کے لیے منٹو نے اپنا سٹڈی ایریا ''طوائف کا کوٹھا'' اور اس سے وابستہ ماحول کو بنایا۔ اس تناظر میں جیلانی کامران نے تفصیل سے روشنی ڈالی ہے:

''منٹو اور ان کے ہم عصر جس زمانے سے تعلق رکھتے تھے وہ برٹش انڈیا کا متحدہ اور مخلوط ہندوستان تھا اور ان کی تربیت جس معاشرے نے کی تھی وہ قدیم مخلوط معاشرہ تھا۔ جہاں مسلمانوں اور دوسرے مذاہب کے ماننے والوں کے گھرانے ساتھ ساتھ تھے۔ اس زمانے کے مزاج کے مطابق عام فہم معاشرتی رویہ انڈین نیشنلزم کا تھا جسے دیوبند اور مولانا عبدالکلام آزاد نے برابر قبول کر رکھا تھا۔ منٹو کی اوائل جوانی کے دوران جو تحریکیں رونما ہوئی تھیں ان کے خدوخال بھی مخلوط انڈین نیشنلزم سے پیدا ہوئے تھے اور ان کے سکول کے زمانے میں برصغیر کا آئینی اور دستوری لائحہ عمل اور طریق کار اسی مخلوط انڈین نیشنلزم

کے مطابق کرم کا تھا۔اس بڑے وسیع تر پس منظر میں آزادی کا تصور ظاہر ہوا تھا جسے سیاسی طور پر آل انڈیا لیڈر شپ بروئے کار لانے کے لیے جدوجہد میں مصروف تھی۔ منٹو کی جوانی اور ان کی عملی زندگی کی ابتداء میں آزادی کے تصور نے واضح طور پر معاشرتی مفہوم اور صورت اختیار کی تھی اور معاشرے کے اندر انسان کی آزادی کا موضوع اور مسئلہ سنجیدگی کے ساتھ ظاہر ہوا تھا۔ منٹو کی کہانیوں کا انداز اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ انھوں نے عورت کی معاشرتی زندگی کو موضوع بناتے ہوئے عورت کے اس مظلوم طبقے کی حمایت میں اپنا فن استعمال کیا ہے جسے قدیم زمانے سے طوائف کہا جاتا ہے۔ منٹو نے نچلے درجے کی طوائفوں میں نسائیت اور اکنامکس کے غیر قدرتی رشتے کی وضاحت کی اور اس امر کی خبر دی کہ طوائف کے باطن میں عورت کی نسائیت برابر زندہ ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ طوائف کا اخلاقی ضمیر بھی برابر موجود ہے۔ اخلاقی ضمیر کی کارفرمائی کو ''کالی شلوار'' میں محسوس کیا جاسکتا تھا، جہاں منٹو کالی شلوار، محرم کے تعزیے اور ماتم کے پس منظر کو ایک وحدت فراہم کرتے ہیں۔ اکنامکس اور انسانی زندگی کا ایسا رشتہ ان سیدھی سادی عورتوں میں بھی دکھائی دیتا ہے جو طوائف کی طرح کہانیوں میں آتی اور گزرتی ہیں اگر ان کہانیوں کی تمام عورتوں کو ایک نظر دیکھا جائے تو ان کے مظلوم ہونے کی کیفیت ہی نمایاں ہوتی ہے۔ یہ عورتیں معاشرہ کے قفس میں سسکتی ہیں اور منٹو ان کی نسائیت کو بیان کرتا ہے۔''7

اس طرح کے بیانیے کے لیے منٹو منفرد قسم کی تشبیہات کا استعمال کرتا ہے:

''سلمیٰ نے ایک لمحے کے لیے یہ محسوس کیا کہ اس کی شلوار اور دوپٹہ فرشتوں کے پر بن گئے ہیں ۔۔۔۔۔۔وہ گھبرا گئی اور جلدی فارغ ہو کر باہر نکل آئی۔ باہر برآمدے میں مکھیاں بھنبھنا رہی تھیں، سلمیٰ کو ایسا لگا کہ یہ فرشتے ہیں جو بھیس بدل کر آئے ہیں۔''8

اس افسانے میں سلمیٰ اپنی سہیلی شاہدہ کی باتوں سے خاص کیفیت میں جا کر اپنے اوپر وہ جذبات طاری کر لیتی ہے جن کا اسے پہلے کبھی تجربہ ہوا ہی نہیں تھا شلوار اور دوپٹہ '' فرشتوں کے پر'' سے اچھوتی تشبیہ سے کسی اور دنیا کی خبر دے رہے ہیں۔ ایک اور تشبیہ دیکھئے:

'' سردار، دونوں کی نگاہ بازی کو کچھ اس انداز سے دیکھ رہی تھی جیسے خلیفے اکھاڑے سے باہر بیٹھ کر اپنے پٹھوں کے داؤ پیچ کو دیکھتے ہیں۔''9

''زینت نے میری طرف بالکل معصوم کبوتری کی طرح دیکھا۔''10

''بابو گوبی ناتھ ''منٹو کے اہم افسانوں میں سے ایک ہے۔ مندرجہ بالا تشبیہات اسی افسانے سے ماخوذ ہیں، اسی طرح کی اور مثالیں بھی اس افسانے سے تلاش کی جاسکتی ہیں۔ لیکن انہی دو کو مد نظر رکھ کر ہم پورے افسانے کے مزاج اور منٹو کی صناعی کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ وارث علوی نے اس افسانے کے بارے میں کہا تھا: ''بابو گوبی ناتھ ''افسانہ نہیں نظم ہے جس کا ہر واقعہ ایک ایسا استعارہ ہے جو ایک جہان

معنی لیے ہوئے ہے۔'' 11

''ٹھنڈا گوشت''میں منٹو نے تشبیہ کاری کی حد کر دی ہے:

''کلونت کور کا بالائی ہونٹ کپکپانے لگا، ایشر سنگھ نے دونوں ہاتھوں سے کلونت کور کی قمیض کا گھیرا پکڑا اور جس طرح بکرے کی کھال اتارتے ہیں اسی طرح اس کو اتار کر ایک طرف رکھ دیا۔'' 12

''کلونت کور تیز آنچ پر چڑھی ہوئی ہانڈی کی طرح ابلنے لگی۔'' 13

''جتنے گر اور جتنے داؤ اسے یاد تھے، سب کے سب اس نے پٹ جانے والے پہلوان کی طرح استعمال کر دے۔'' 14

''ایشر سنگھ نے نے بڑے دکھ کے ساتھ اثبات میں سر ہلایا، کلونت کور بالکل دیوانی ہو گئی، اس نے لپک کر کونے میں سے کرپان اٹھائی، میان کو کیلے کے چھلکے کی طرح اتار کر ایک طرف پھینکا اور ایشر سنگھ پر وار کر دیا۔'' 15

''خون ایشر سنگھ کے گلے سے اڑاڑ کر اس کی مونچھوں پر گر رہا تھا۔ اس نے اپنے لرزاں ہونٹ کھولے اور کلونت کور کی طرف شکرے اور گلے کی ملی جلی نگاہوں سے دیکھا: میری جان! تم نے بہت جلدی کی۔۔۔۔۔۔ لیکن جو ہوا، ٹھیک ہے۔'' 16

یہ افسانہ پیچیدہ، نفسی اور انسان کی انسانیت کی شکست وریخت کو اپنے جلو میں لیے ہوئے ہے، اس میں ایشر سنگھ کے ضمیر کے بوجھ اور کلونت کور کے جنسی جذبے کی ملی جلی کیفیات کو بالکل نئی تشبیہات کے ذریعے سامنے لایا گیا ہے۔

''خوشیا''افسانے کے مرکزی کردار کے اندر کا کرب منٹو کی اس فنی چابکدستی سے عیاں ہے:

''کانتا کی یہ مسکراہٹ ابھی تک خوشیا کے دل ودماغ میں تیر رہی تھی۔ اس وقت بھی کانتا کا ننگا جسم موم کے پتلے کی مانند اس کی آنکھوں کے سامنے کھڑا تھا اور پگھل پگھل کر اس کے اندر جا رہا تھا۔'' 17

''اس وقت بھی وہ کانتا کے ننگے جسم کو دیکھ رہا تھا تھا۔ جو ڈھولکی پر منڈھے ہوئے چمڑے کی طرح تنا ہوا تھا۔ اس کی لڑھکتی ہوئی نگاہوں سے بالکل بے پروا! کئی بار حیرت کے عالم میں بھی اس نے اس کے سانولے سلونے بدن پر ٹوہ لینے والی نگاہیں گاڑی تھیں مگر اس کا ایک رواں تک بھی نہ کپکپایا تھا۔ بس سانولے پتھر کی مورتی کے مانند کھڑی رہی جو احساس سے عاری ہو۔'' 18

''خوشیا''کو کانتا کے جس جواب نے سراپا سوال بنا دیا تھا اس میں جو جو کیفیت خوشیا پر سے گزری اور کانتا کا جو ''سراپا''اس کے دل ودماغ میں جگہ پا گیا تھا وہ انہی تشبیہوں میں پڑھا جا سکتا ہے۔

منٹو تشبیہات کے حوالے سے اپنے معاصرین میں جداگانہ حیثیت کے فنکار ہیں۔ اپنے ایک افسانے ''انار کلی''کے اختتامیے پر لکھتے ہیں:

''سلیم کو رونے والی لڑکیاں بہت پسند تھیں۔اس کا یہ فلسفہ تھا کہ عورت رو رہی ہو تو بہت حسین ہو جاتی ہے۔اس کے آنسو شبنم کے قطروں کے مانند ہوتے ہیں جو مرد کے جذبات کے پھولوں پر ٹپکتے ہیں جن سے ایسی راحت،ایسی فرحت ملتی ہے جو کسی اور وقت نصیب نہیں ہو سکتی ہے۔'' 19

منٹو کی یہ فنکاری ہے کہ وہ ہر جذبے،ہر واقعے اور ہر کردار کے مطابق تشبیہات تخلیق کرتے ہیں جس طرح یہاں حسن کی مناسبت سے آنسوؤں کے لیے شبنم کے قطروں کی مثال لے آئے ہیں۔ایک جگہ نسائی کشش کے لیے لوہے اور مقناطیس کو کس طرح یکجا کیا ہے،مثال دیکھیے:

''وہ اپنی سہیلیوں کے ساتھ ہنستی کھیلتی جا رہی تھی۔ محمود اس کے پیچھے چلنے لگا،اس کو اس بات کا قطعاً ہوش نہیں تھا کہ وہ ایک غیر اخلاقی حرکت کا مرتکب ہو رہا ہے۔اس نے سیکڑوں مرتبہ جمیلہ کو گھور گھور کے دیکھا۔اس کے علاوہ ایک دو بار اس کو اپنی آنکھوں سے اشارے بھی کیے۔ مگر جمیلہ نے اسے درخورِ اعتمانہ سمجھا اور اپنی سہیلیوں کے ساتھ بڑھتی چلی گئی۔اس کی سہیلیاں بھی کافی خوبصورت تھیں مگر محمود نے اس میں ایک ایسی کشش پائی جو لوہے کے ساتھ مقناطیس کو ہوتی ہے۔۔۔۔وہ اس کے ساتھ چمٹ کے رہ گیا تھا۔'' 20

اردو شعر و ادب میں مقناطیس اور لوہے کے حوالے سے تشبیہ عام ہے مگر سچوایشن میں اس تشبیہ کا آنا اور پھر '' چمٹ کے رہ جانا'' نئے مفاہم کو جنم دے رہا ہے۔''آخری سلیوٹ''میں پیش کی گئی تشبیہات موضوع اور عنوان سے کسی مماثلتیں رکھتی ہیں،ملاحظہ کیجیے:

''یہ کشمیر کی لڑائی بھی کچھ عجیب و غریب تھی،صوبیدار رب نواز کا دماغ ایسی بندوق بن گیا تھا جس کا گھوڑا خراب ہو گیا ہو۔'' 21

''رب نواز کو وہاں کی پہاڑیوں میں ایک عجیب بات نظر آئی تھی۔ چڑھائی کی طرف کوئی پہاڑی درختوں اور بُوٹوں سے لدی پھندی ہوتی تھی اور اترائی کی طرف گنجی،کشمیری ہتو کے سر کی طرح۔کسی کی چڑھائی کا حصہ گنجا ہوتا تھا اور اترائی کی طرف درخت ہی درخت ہوتے تھے۔چیڑ کے لمبے تناور درخت جن کے بٹے ہوئے دھاگے جیسے پتوں پر فوجی بوٹ پھسل پھسل جاتے ہیں۔'' 22

''آنکھیں''میں تشبیہات ملاحظہ کیجیے:''اس کے سارے جسم میں مجھے اس کی آنکھیں بہت پسند تھیں۔یہ آنکھیں بالکل ایسی ہی تھیں جیسے اندھیری رات میں موٹر کار کی ہیڈ لائٹس جن کو آدمی سب سے پہلے دیکھتا ہے۔'' 23

''وہاں میں جس آدمی سے بھی ملا،لوہے کے مانند سرد اور بے حس تھا۔'' 24

آنکھوں کو موٹر کار کی بتیوں سے تشبیہ اور بے حسی کو لوہے سے تشبیہ خاص طرح کی صورتِ حال کو ظاہر کرتی ہے۔

''اُس کا پتی''میں منفرد مگر دلچسپ تشبیہوں نے شگفتہ صورتِ حال کو جنم دیا ہے:

''لوگ کہتے تھے کہ نتھو کا سر اس لیے گنجا ہوا ہے کہ وہ ہر وقت سوچتا رہتا ہے۔اس بیان میں کافی صداقت تھی کیونکہ سوچتے وقت نتھو ہمیشہ سر کھجایا کرتا ہے کیونکہ اس کے بال بہت کھردرے اور خشک ہیں اور تیل نہ ملنے کے باعث بہت خستہ ہو گئے ہیں۔اس لیے بار بار کھجانے سے اس کے سر کا درمیانی حصہ بالوں سے بالکل بے نیاز ہو گیا ہے۔اگر اس کا سر ہر روز دھویا جاتا تو یہ حصہ ضرور چمکتا۔مگر میل کی زیادتی کی وجہ سے اس کی حالت بالکل اس توے کی سی ہو گئی جس پر روٹیاں پکائی جائیں مگر اسے صاف نہ کیا جائے۔''25

''جھونپڑے کے چھجے کے نیچے چبوترے پر مادھو اس کا لنگڑا بھائی اور چوہدری بیٹھے تھے۔ان کے اندازِ نشست سے ایسا معلوم ہوتا تھا کوئی نہایت ہی اہم بات سوچ رہے ہیں۔سب کے چہرے کچی اینٹوں کی مانند پیلے تھے،مادھو تو بہت دنوں کا بیمار دکھائی دیتا تھا۔ایک کونے میں طاقچہ کے نیچے روپا کی ماں بیٹھی تھی۔ غلیظ کپڑوں میں وہ میلے کپڑوں کی ایک گٹھری دکھائی دے رہی تھی۔''26

''روپا کی ماں طاقچے میں رکھی ہوئی مورتی کی مانند گونگی بنی ہوئی تھی اور چوہدری اپنی مونچھوں کو تاؤ دینا بھول کر زمین پر لکیریں بنا رہا تھا۔''27

''عورتوں کے متعلق اس کا نظریہ یہ تھا کہ مرد خواہ کتنا ہی بوڑھا ہو جائے مگر اس کو عورت جوان ملنی چاہیے،عورت میں جوانی کو وہ اتنا ہی ضروری خیال کرتا تھا جتنا اپنے ٹینس کھیلنے والے ریکٹ میں بنے ہوئے جال کے اندر تناؤ کو۔''28

''ستیش چائے پی رہا تھا اور دل ہی دل میں چائے والی کی تعریف کر رہا تھا،بے داغ سفید چینی کی بنی ہوئی تھی۔ستیش کو داغ پسند نہیں تھے،وہ ہر شے میں ہمواری پسند کرتا تھا۔صاف بدن عورتوں کو دیکھ کر اکثر کہا کرتا تھا میری نگاہیں اس عورت پر کئی گھنٹے تیرتی رہیں۔۔۔۔وہ کس قدر ہموار تھی،ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شفاف پانی کی چھوٹی سی جھیل ہو۔''29

''نتھو نے روپا کی طرف دیکھا۔روپا کی آنکھوں سے آنسو نکل کر سیمنٹ سے لپی ہوئی سیڑھیوں پر ٹپک رہے تھے۔اس دل پر قطرے پگھلے ہوئے سیسے کی طرح گر رہے تھے۔''30

گنجے سر کو توے سے،چہرے کو کچی اینٹ سے،بیمار اور لاغر جسم کو میلے کپڑوں سے،عورت کی جوانی کو جال کے تناؤ سے،خوب صورت جسم کو شفاف پانی کی چھوٹی سی جھیل اور مجبور عورت کے آنسوؤں کو پگھلے ہوئے سیسے کے قطروں سے تشبیہ نے مکار پتی کی مکاریوں کو متنوع انداز میں اجاگر کیا ہے۔سڑک کے کنارے''میں منٹو کا تشبیہاتی اور استعاراتی انداز ہر اعتبار سے قابل تحسین ہے۔یہ انتہائی پیچیدہ،نفسی اور معاشرتی صورتِ حال کا افسانہ ہے اور اہم بات یہ ہے کہ اس کے اظہار کے لیے منٹو نے اپنے روایتی

اسلوب سے انحراف کیا ہے۔اس کی متکلم ایک عورت ہے جو محبوبہ اور پھر ماں ہے لیکن ان دو حیثیتوں پر مقدم اس کا سماجی وجود ہے جو ناجائز بچے کی ماں کا روپ برداشت نہیں کر سکتا۔افسانے کے اختتام سے پہلے تک کہانی کی زبان کسی حد تک نئے اظہاری منطقے کا سفر کرتی دکھائی دیتی ہے۔31 افسانہ کا آغاز اس کی بہترین مثال ہے:

''یہی دن تھے۔۔۔۔آسمان اس کی آنکھوں کی طرح ایسا ہی نیلا تھا جیسا کہ آج ہے دھلا ہوا، نتھرا ہوا۔۔۔اور دھوپ بھی ایسی ہی کنکتی تھی۔۔۔۔سہانے خوابوں کی طرح مٹی کی باس بھی ایسی ہی تھی جیسی کہ اس وقت میرے دل ودماغ میں رچ رہی تھی۔۔۔۔اور میں نے اسی طرح لیٹے لیٹے اپنی پھڑ پھڑاتی ہوئی روح اس کے حوالے کر دی تھی۔''32

''میرے سینے کی گولائیوں میں مسجدوں کے محرابوں جیسی تقدیس کیوں آرہی ہے؟نہیں نہیں ۔۔۔۔۔۔۔یہ تقدیس کچھ بھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔میں ان محرابوں کو ڈھا دوں گی ۔۔۔۔۔میں اپنے اندر تمام چولھے سرد کر دوں گی جن پر بن بلائے مہمان کی خاطر داریاں چڑھی ہیں۔۔۔۔۔۔۔میں اپنے خیالات کے تمام رنگ برنگ دھاگے آپس میں الجھا دوں گی۔''33

''کھٹالی الٹ گئی ہے۔۔۔۔۔پگھلا ہوا سونا بہہ رہا ہے۔۔۔۔۔گھنٹیاں بج رہی ہیں۔۔۔۔وہ آرہا ہے ۔۔۔۔۔میری آنکھیں مندرہی ہیں۔۔۔۔۔نیلا آسمان گدلا ہو کر نیچے آرہا ہے۔''34

''میری باہیں کھل رہی ہیں۔۔۔۔۔چولھوں پر دودھ ابل رہا ہے۔میرے سینے کی گولائیاں پیالیاں بن رہی ہیں۔لاؤ اس گوشت کے لوتھڑے کو میرے دل کے دھنکے ہوئے خون کے نرم نرم گالوں میں لٹا دو۔۔35

یہ تشبیہیں ممتا اور ندامت کی ملی جلی کیفیات کو ظاہر کرنے کے لیے کافی ہیں۔سینے کی گولائیوں کو مسجد کے محرابوں کی تقدیس سے تشبیہ دینے سے جہاں عورت کا تخلیق کے مقدس عمل سے گزرنے کو واضح کرتا ہے وہیں ان محرابوں کو ڈھا دینے سے متکلم کی ندامت اور اس کے دل پر ضمیر کے بوجھ کی بھی مختلف پرتوں کو سامنے لاتا ہے۔'' موسم کی شرارت'' میں چند تشبیہیں دیکھیے:

'' سڑک کے چاروں طرف چیڑ اور دیودار کے درخت اونچی اونچی پہاڑیوں کے دامن پر کالے فیتے کی طرح پھیلے ہوئے تھے۔''36

''کچھ فاصلے پر پست قد جھونپڑے تھے جیسے کسی حسین چہرے پر تل۔''37

''وہ جوان تھی، اس گائے کی طرح جوان، جس کے پٹھے جوانی کے جوش سے پھڑک رہے تھے۔''38

''میں ابھی لڑکی کی اس پیاری حرکت کو مزا لینے کی خاطر اپنے ذہن میں دہرانے ہی والا تھا کہ دفعتاً

بچھڑا خود بخود اٹھ بھاگا۔ وہ اس تیزی کے ساتھ دوڑ رہا تھا کہ اس کی کمزور ٹانگیں میز کے ڈھیلے پایوں کی طرح لڑکھڑا رہی تھیں۔"39

"وہ جوان تھی۔ اس کی ناک اس پنسل کی طرح سیدھی اور ستواں تھی۔ جس سے میں یہ سطریں لکھ رہا ہوں اس کی آنکھیں ۔۔۔۔ میں نے اس جیسی آنکھیں بہت کم دیکھی ہیں۔ اس پہاڑی علاقے کی ساری گہرائیاں ان میں سمٹ کر رہ گئی تھیں۔ پلکیں گھنی اور لمبی تھیں۔ جب وہ میرے پاس سے گزر رہی تھی تو دھوپ کی ایک لرزاں شعاع اس کی پلکوں میں الجھ گئی تھی۔"40

"ہوا تیز تھی۔ گندم کے پکے ہوئے خوشے خر خر کرتی ہوئی بلی کی مونچھوں کی طرح تھر تھرا رہے تھے۔"41

"دیوالی کے دیئے" ایسا افسانہ ہے جس میں طبقاتی کشاکش کا نقشہ منفرد تشبیہات کے ذریعے کھینچا گیا ہے:

"سر جو کمہار لاٹھی ٹیکتا ہوا آیا اور دم لینے کے لیے ٹھہر گیا۔ بلغم اس کی چھاتی میں سڑکیں کوٹنے والے انجن کی مانند پھر رہا تھا۔ گلے کی رگیں دمے کے دورے کے باعث دھونکنی کی طرح پھولتی تھیں کبھی سکڑ جاتی تھیں۔ اس نے گردن اٹھا کر جگمگ جگمگ کرتے دیوں کی طرف اپنی دھندلی آنکھوں سے دیکھا اور اسے ایسا معلوم ہوا کہ دور۔۔۔۔۔۔ بہت دور۔۔۔۔ بہت سے بچے قطار باندھے کھیل کود میں مصروف ہیں۔ سر جو کمہار کی لاٹھی منوں بھاری ہو گئی۔ بلغم تھوک کر وہ پھر چیونٹی کی چال لگا۔"42

"پھر ایک مزدور آیا پھٹے ہوئے گریبان میں سے اس کی چھاتی کے بال برباد گھونسلوں کی تیلیوں کے مانند بکھر رہے تھے۔ دیوؤں کی قطار کی طرف سے اس نے سر اٹھا کر دیکھا اور اسے ایسا محسوس ہوا کہ آسمان کی گدلی پیشانی پر پسینے کے موٹے موٹے قطرے چمک رہے ہیں۔ پھر اسے اپنے گھر کے اندھیارے کا خیال اور وہ ان تھرکتے ہوئے شعلوں کی روشنی کنکھیوں سے دیکھتا ہوا آگے بڑھ گیا۔"43

اس طرح کی بے شمار تشبیہات ہیں جن سے منٹو کے افسانے مزین ہیں۔ وہ ایسی تشبیہات کیوں استعمال کرتے ہیں؟ اس کا جواب منٹو خود کرتے ہیں:

"لوگ مجھے سیاہ قلم کہتے ہیں لیکن میں تختہ سیاہ پر کالی چاک سے نہیں لکھتا، سفید چاک استعمال کرتا ہوں تاکہ تختہ کی سیاہی اور بھی نمایاں ہو جائے۔"44

منٹو کے اس قول سے بات واضح ہو جاتی ہے کہ وہ اپنی کہانی بیان کرنے کے لیے اس طرح کے عنوانات، کرداروں کے نام، لفظیات، استعارات اور تشبیہات استعمال کرتے ہیں کہ ایک ہی جست میں قاری اسی ماحول میں پہنچ جاتا ہے جس ماحول سے کرداروں اور کہانی کا تعلق ہوتا ہے۔ اس طرح کے تجربے اردو فکشن میں کسی اور کہانی کار کے ہاں نہیں دکھائی دیتے۔ دور از کار تشبیہات فن کار اور قاری کے

